ہاں میری دل آپی بہت اچھی ہیں اور اپ میرے کیف بھائی کو ان سے چھین رہی ہیں ساحل نے کہا تو زرتاش گل کے پاس جا کر بیٹھ گیا اور اپنے ہاتھ میں پکڑی سوئی اس نے زور سے گل کے بازو میں چبوئی تھی گل کی چیخ نکلی تھی طہام اور کیف جوا رہے تھے گل کی چیخ سنتے کیف جلدی سے بھاگ کر گل کے پاس ایا اور زرتاش جلدی سے اٹھ کر ساحل کے پاس کھڑا ہو گیا۔۔۔۔

کیا ہوا ہے گل تم ٹھیک تو ہو نا تم چیخی کیوں گل کی انکھوں میں انسو نکلنے لگے تھے گل نے اس جگہ پر دیکھا جہاں پر درد ہو رہی تھی وہاں سے خون کی بوند نکلی تھی اور گل کی چیخ سنتے باقی سب بھی وہاں پر اا گئے۔۔۔۔

یہ کیا ہوا ہے تمہیں گل اس کے بازو سے خون نکلتا ہوا دیکھ کیف پریشانی سے بولا۔۔۔۔

یہ اس بچے نے مجھے سوئی چبوئی ہے گل نے زرتاش کی جانب دیکھ کر کہا تو زرتاش نے اپنے دونوں ہاتھوں پر کھڑے کر دیئے نہیں تو کیف ماموں میں نے تو نے کچھ کیا میں تو معصوم سا بچہ ہوں دیکھو میرے ہاتھ میں تو کچھ بھی نہیں ہے یہ جھوٹ بول رہی ہیں زرتاش نے اپنے جھوٹے انسو بہاتے ہوئے کیف کو کہا۔۔۔۔۔۔

گل کبھی جھوٹ نہیں بولتی تم لوگوں نے کچھ کیا ہو گا ورنہ یہ کیسے خون نکل سکتا ہے کیف نے ذرا غصے سے زرتاش کو کہا تو زرتاش کا مزید منہ بن گیا اور پیچھے ہی لبابہ کھڑی تھی اور اپنی ماں کے طرف دیکھتا ہوا ہے زور زور سے رونے لگا اس سے پہلے کے لبابہ اسے اٹھاتی منی نے اکر زرتاش کو اٹھا کر اپنے سینے سے لگا یا تھا۔۔۔۔۔

اوئے چکنے کاکے۔۔!! گل سن خبردار تو نے میرے زی کو کچھ بھی بولا تو ہوتا کون ہے میرے زی کو بولنے والا میرے ذی کی انکھوں میں تیری اس گل کی وجہ سے انسوائے نا میں نے اسے گل کی بتی بجھا دینی ہے یہ یاد رکھنا ایا بڑا میرے ذی کو باتیں سنانے والا چل ہٹ زی کو اپنے سینے سے لگاتے ہوئے منی نے غصے سے کہا تو کیف تو اس نمونی کو دیکھ کر گھبرا ہی گیا تھا۔۔۔۔۔

وے وے گل سن مجھے دیکھ کر گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے سمجھ ائی ناں اور تو میری چھوٹی گڑیا کا بندہ ہے اس لیے تجھے میں چھوڑ رہی ہوں کہ تو نے میرے زی کو رلایا ہے ورنہ ابھی تک چانٹا مار کے ناتیرا منہ لال کر دیتی میں چل میرا بچہ میرے زی چپ کر جا منی زی کو چپ کروانے لگے تو لبابہ اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کے اپنی ہنسی کو کنٹرول کر رہی تھی۔۔۔۔

ویسے بھی ہبی جان بچے من کا سچے ہوتے ہیں تو وہ سچ ہی بول رہے ہوں کیا پتا گل جھوٹ بول رہی ہو ویسے بھی اسے عادت ہے نا شاید کسی کی چیزیں چرانے کی اور جھوٹ بولنے کی دل نے بھی تنزیہ مسکراتے ہوئے گل کو کہا تو گل کو دکھ تو ہوا لیکن وہ خاموشی سے کیف کو دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیف میرے بابا کیسے ہیں ٹھیک تو ہے ناسب کی باتیں اگنور کرتے ہوئے اس نے کیف سے پوچھا۔۔۔۔۔

ہاں ہم نے ڈاکٹر سے بات کر لی ہے رات تک انہیں لاہور میں ٹرانسفر کر دیا جائے گا اور ان کچھ دن ہاسپٹل میں رکھا جائے گا۔۔۔۔۔۔

دل نے طہام کی جانب دیکھا تو طہام نے کندھے چکا دیے کیا کہہ سکتا ہوں میں دل کیف بھائی کی بات تو میں ڈال نہیں سکتا۔۔۔

ٹھیک ہے اگر انکل وہاں رہیں گے تو پھر گل کہاں پر رہے گی لبابہ نے بھی کیف سے پوچھا۔۔۔۔

کیا مطلب کہاں رہے گی گل میری دوست ہیں اور وہ میرے ساتھ ہی رہے گی جب تک انکل ٹھیک نہیں ہو جاتے کیف نے حتمی لہجے میں کہا تو دل نے غصے سے پہلے گل کی جانب دیکھو اور پھر رونے والا منہ بنا کر کیف کی جانب دیکھا ہبی جان کبھی تو اس گل کی جان چھوڑ دیں۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

دیکھو لڑکی میں تمہیں ابھی جانتا نہیں اور ابھی جو ثبوت میرے ہاتھ میں نہیں ہے کہ تم میری بیوی ہو جب تک ثبوت ہاتھ میں اجائیں گے تم میری بیوی ہو تب تم میرے سے بات کرنا کیف نے کہا تو دل بھی منہ بنا کر وہاں بیٹھ گئی ۔۔۔۔۔

""""""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رات کا وقت تھا اور عالم کو اسلام اباد سے لاہور ٹرانسفر کر دیا گیا تھا اب عالم کو انڈر ابزرویشن میں رکھا گیا تھا بچے بہت زیادہ تھک گئے تھے اسی لیے لبابہ زرتاش کو لیے گھر چلی گئی تھی اور منی بھی اپنے گھر چلی گئی تھی علیشے اپنے گھر اور عرشیہ امید کو لیے اپنے گھر چلی گئی باقی رہ گئی تھی دل ساحل اور طہام وہ کیف کے پاس ہی ہاسپٹل میں تھے۔۔۔۔

ہبی جان گھر چلیں بہت دیر ہو گئی میں بہت زیادہ تھک گئی ہوں اور ویسے بھی اپ مجھے پانچ سالوں بعد ملے مجھے اپ سے بہت بہت ساری باتیں کرنی ہیں دل خوش ہوتے ہوئے بولی تو گل نے دل کیف کی جانب دیکھا۔۔۔

لیکن کیف بابا کے پاس کون رہے گا گل نے پریشانی سے کہا۔۔۔۔۔

گل کوئی بات نہیں یہاں پر ان کا خاص خیال رکھا جائے گا اور بہت اچھا ہاسپٹل ہے میں بھی یہاں پر ہی کام کرتا ہوں تو اس بات کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے کہ تمہارے بابا کا خیال کون رکھے گا طہام نے کہا تو گل نے ہلکی سی مسکراہٹ سے طہام کو دیکھا اور ۔۔۔۔ کیف میں کہاں پر رہوں گی گل پھر سے دیکھ کر بولی

کیا مطلب گل تم کہاں پہ رہو گے تم بھی ہمارے گھر ہی رہو گی جب تک انکل ٹھیک نہیں ہو جاتے۔۔۔۔۔۔

نہیں ہبی جان گل ہمارے ساتھ نہیں رہے گی ہمارا گھر میں جگہ نہیں ہے دل جلدی سے بول گی تو طہام نے گھور کر دل کی جانب دیکھا

ہاں طہام میرا مطلب ہے کہ کمرے نہیں ہے نا مطلب تمہیں پتہ تو ہے نا دل نے اشاروں سے طہام کو منع کرنا چاہا کے گل کو اپنے گھر میں نہیں رکھنا۔۔۔۔۔۔

گل ہمارے ساتھ ہی رہے گی اگر کسی کو اعتراض ہے تو مجھے ابھی بتا دے ورنہ میں گل کو کہیں اور لے کر چلا جاتا ہوں کیف نے کہا تو دل تو پیر پٹخ کر رہ گئی۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔!! اگر جب تک انکل ٹھیک نہیں ہوئے تو تب تک ہمارے پاس رہے گی پھر وہ چلی جائے گی اپنے بابا کے ساتھ دل منہ کے مختلف ڈیزائن بناتے ہوئے کیف سے بولی تو پھر وہ سب لوگ گھر کی جانب چلے گئے۔۔۔۔۔۔۔۔

اپ میرا کمرہ بتا دیں مجھے وہاں جا کر نماز بھی پڑھنی ہے گل نے کہا تو دل نے ایک کمرے کی جانب اشارہ کیا کہ وہ وہاں چلی جائے گل نے گہرا سانس بڑھتے ہوئے کیف کو دیکھا اور پھر اس کمرے کی جانب بڑھ گئی طہام بھی اپنے بھائی سے کیف سے گلے ملتا ہوا اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔۔۔۔""""

چلیں ہبی جان میں نا اپ کو اپنے کمرے میں لے کے چلتی ہوں پتہ ہے جب سے اپ یہ ہے نا میں نے اپنا کمرہ ویسے کا ویسے رکھا ہوا ہے ذرا سی بھی تبدیلی نہیں کی دل کیف کا بازو پکڑتے تھے کھینچتے ہوئے اپنے کمرے کی جانب لے جاتے تھے باتیں کرنے لگی۔۔۔۔۔

لیکن تم میرا بازو تو چھوڑ دو نا کیف نے دل کے ہاتھوں سے اپنا بازو چھڑوایا تو دل نے دوبارہ سے پکڑ لیا یہ اب میں بازو کبھی بھی نہیں چھوڑوں گی اپ مجھے مل گئے ہیں نا میں اپ کو کہیں نہیں جانے دوں گی اب ہبی جان دل اپنے کمرے کے دروازے کے سامنے کیف کو کھڑا کرتے بولی اور دروازہ کھول دیا۔۔۔۔

یہ دیکھیں ہبی جان یہ ہے ہمارا کمرہ کیف نے جیسے ہی اندر قدم رکھا اس کا دل زور سے دھڑکنے لگا تھا اسے ایسا محسوس لگ رہا تھا جیسے اس کمرے سے اس کی کئی یادیں جوڑی ہوں اس نے سارے کمرے کو دیکھا اور ہر طرف کمرے میں کیف کی اور دل کی تصویریں لگی ہوئی تھیں۔۔۔۔

کیف خیرانگی سے ایک ایک تصویر کے پاس جاکر دیکھنے لگا دیکھا ہبی جان میں نے کہا تھا نا میں اپ کی چھوٹی سی پیاری سی بیوی ہوں لیکن اب میری بات ہی نہیں مان رہے تھے یہ دیکھیں اپ ہی ہیں نا ایک تصویر پر دل نے ہاتھ رکھ کر کہا جہاں پر کیف نے دل کو پیار سے اپنے بازو میں اٹھایا ہوا تھا اور اس کی پیشانی پر بوسہ دے رہا تھا۔۔۔۔۔

کیف نے ایک نظر تصویر میں اس بچی کو دیکھا اور پھر دل کو دیکھا سیم سیم تھی بالکل ہاں لگ تو میں تمہارا شوہر ہی رہا ہوں۔۔۔۔۔

اوہو ہبی جان اپ لگ نہیں رہے اپ ہیں میرے ہبی جان یہ دیکھیں یہ تصویر اپ نے پتہ ہے میرے سالگرہ والے دن اپ نے مجھے دی تھی اس کا ہاتھ پکڑتے ہوئے دل کیف کو بیڈ کے پیچھے تصویر دکھانے لگی جو کہ کیف نے اتنے پیار سے بنوا کر دی تھی کیف وہ تصویر چھٹی پھٹی انکھوں سے دیکھنے لگا جہاں پر دل بے حد خوبصورت بلیک فراک میں لگ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔

ہبی جان میں نے اپ کو بہت بہت یاد کیا اپ کہاں چلے گئے تھے آپ بالکل بھی مجھ سے پیار نہیں کرتے نا ایک دم سے دل کیف کو دیکھتے ہوئے اس کی انکھوں سے انسو نکلنے لگا اور کیف کے سینے سے لگ کر روتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔

دل کے سینے لگنے کی دیر تھی کیف کا دل ایسے تھا جیسے پسلیاں توڑ کر باہر اجائے گا دھک دھک اتنا تو کبھی کی کا دل زوروں سے نہیں دھڑکا تھا ۔۔۔۔۔۔"""""

ہبی جان اپ ہی کہتے تھے نا میں اپ کی چار فٹی کی چھوٹی سی بیوی ہوں اب مجھے کبھی ناراض نہیں کر سکتے تھے تو کبھی میری انکھوں میں انسو نہیں دیکھ سکتے پتہ ہے پانچ سالوں میں کتنا روئی ہوں لیکن اپ کو میں ذرا بھی یاد نہیں ائی نا اپ اس چڑیل کے ساتھ شادی کرنے جا رہے تھے اگر میں وہاں نہ اتی تو پھر۔۔۔!!

دل شوشو کرتے ہوئے پیار سے بول رہی ہوں ساتھ میں روتی ہوئی جا رہی تھی اسے سمجھ نہیں ارہا تھا اس کی انکھوں سے انسو کیف کی یا داشت جانے کی وجہ سے نکل رہے ہیں یا اس کے ہبی جان کے مل جانے کے خوشی سے نکل رہے ہیں۔۔۔۔۔۔

دیکھو لڑکی ذرا تھوڑی دور ہو کر بات کرو میں مانتا ہوں یہ تصویریں ہم دونوں کی ہے لیکن اب بھی فی الحال تھوڑا دور ہو کے بات کرو

کیف نے دل کو اپنے سے دور کر کے کھڑا کیا تو دل اپنے بلائی لب کو باہر نکالتے ہوئے معصومیت سے کیف کو دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔۔

ہبی جان میرا نام لڑکی نہیں ہے میرا نام دل ہے اور اپ مجھے پیار سے دل ہی کہا کرتے تھے نا لڑکی نا کہا کرے دکھ ہوتا ہے اور پتہ ہے وہ ۔۔۔۔۔۔۔ ہبی جان دل دوبارہ سے کیف کا ہاتھ پکڑ لگی تو کیف نے اپنا ہاتھ پیچھے کر لیا

دل کہا نا اب میرا ہاتھ مت پکڑو ایسا کرو تم نا ابھی دوسرے کمرے میں جا کے سو جاؤ ٹھیک ہے ابھی مجھے بہت سخت نیند ائی ہوئی ہے۔۔۔۔۔۔

کیا مطلب ہبی جان دوسرے کمرے میں جا کے سو جاؤں یہ میرا بھی کمرہ ہے اور میں یہاں پر ہی سوؤں گی۔۔۔۔۔۔

نہیں میں نے کہا یہ میرا کمرہ ہے تو میں نے یہاں سونا ہے تم جاؤ یہاں سے ابھی میرا دل نہیں کر رہا تمہارے ساتھ ایک ساتھ رہو جاؤ یہاں سے کیف نے دل کا ہاتھ پکڑ کر کمرے کے باہر لے جانے لگا جب دل نے اپنے ہاتھ چھڑوایا۔۔۔۔۔۔

نہیں ہبی جان اپ مجھے پانچ سالوں بعد ملے ہیں میں کیسے ایسے اپ کو اس کمرے میں کیلے چھوڑ دوں۔۔۔۔۔۔

پانچ سالوں بعد ملا ہوں تمہیں کوئی بچہ نہیں ہوں میں جو اس کمرے میں اکیلا نہیں رہ سکتا چلو جاؤ یہاں سے دل کی بات سنے بغیر کیف نے دل کو کمرے سے باہر نکال کر دروازہ اس کے منہ پر بند کر دیا۔۔۔۔۔

ہاااااااا۔۔۔۔۔دل منہ کھولے اپنے منہ پر دروازہ بند ہوتے دیکھا اس کا تو منہ بند ہی نہیں ہو رہا تھا ہبی جان میں اپ کو چھوڑوں گی نہیں اپ نے مجھے اپنے اپ سے پھر سے الگ کر دیا کمرے سے ہی باہر نکال دیا دروازہ کھولیں دل دروازہ بجاتی جا رہی تھی لیکن کیف ڈیٹھ بنا ارام سے جا کر ایک تصویر کے سامنے کھڑا ہو گیا۔۔۔۔

دل بھی دروازہ بجا بجا کر تھک گی پھر وہ اپنے کیف کے کمرے کے ساتھ والے کمرے میں جا کر لیٹ گئیں جہاں اس نے ڈھیر سارے ٹیڈی بیئر رکھے تھے لگتا ہے اس گل چڑیل کو میں نے ان سے الگ کمرے میں رکھا ہے اسی وجہ سے میرے ناراض ہو کر نا مجھے میرا کمرے سے نکال دیا ہے۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

سامنے ہی دل کی نظر ٹیڈی بیئر پر پڑی انہہ صبح بتاؤ گی میں ابھی میں بہت بہت خوش ہو دل ایک ٹیڈی بیئر اٹھا کر گول گول گھومنے لگی

---""

تم سب لوگوں کو پتہ ہے میرے ہبی جان واپس اگئے ہیں دل اتنے زیادہ ٹیڈی بیئر کو دیکھ کر بولی جیسے وہ اس کو سن رہے تھے ہاں پانچ سالوں سے وہ دل کو ہی تو سن رہے تھے اور دل جب بھی اپنے دل کا غبار نکالنا ہوتا یا رونا ہوتا تو وہ یہاں اسی کمرے میں اکر روتی تھی۔۔۔۔۔

اب میرے ہبی واپس اگیا ہے اب تم لوگوں کی اور بھی دوست ائیں گے لیکن ان کو تو کچھ یاد ہی نہیں ہے پتہ نہیں انہیں یاد ہو گا کہ لیکن مجھے ٹیڈی بیئر پسند ہے لیکن کوئی نہیں میں بھی ہوں ہبی جان کی چار فٹی بیوی ہوں چھوٹی سی پیاری سی بیوی دیکھنا میں ان کی یاداشت واپس لے کراؤں گی کیسے وہ اپنی دل کو بھول سکتے ہیں اور اپ لوگوں نے میرا ساتھ دینا ہے اس گل کو اس گھر سے نکالنے کا مجھے بالکل بھی اچھی نہیں لگتی میرے ہبی جان سے چپکتی رہتی ہے ایک ٹیڈی بیئر کو اٹھا کر دل اس سے باتیں کرنے لگی۔۔۔۔۔

اچھا اچھا تم لوگ بھی سو جاؤ میں بھی سوتی ہوں صبح اٹھ کے میں نے اپنے ہبی جان کے لئے نا اپنے ہاتھوں سے ناشتہ بنانا ہے دیکھنا وہ کیسے ان کو میرے ہاتھوں کا ناشتہ پسند اتا کتنا اچھا ہو گا نا دل کی انکھوں سے پھر سے انسو نکلنے لگے تھے اللہ اپ کا شکر ہے کہ اپ نے میرے ہبی جان کو میرے پاس واپس بھیج دیا آپ بہت بہت اچھے ہے اللہ جی اپنا ہمیشہ میری دعا سنی بس ہبی جان کو میرے پاس ہی رکھیے گا دل اس ٹیڈی بیئر کو گلے لگاتے ایک ٹیڈی کو سر کے نیچے رکھتے ہوئے ادھر ہی لیٹ گئی سوتے ہوئے بھی اج پانچ سالوں بعد دل کے لبوں پر مسکراہٹ تھی جو اس کے ہبی جان کے واپس انے پر اس کے لبوں پر ائی تھی۔۔۔۔۔۔۔

""""-------------

دل کو کمرے سے باہر نکالنے کے بعد کیف بیڈ پر جا کر لیٹا اور سامنے لگی تصویر کو یک تک دیکھنے لگا اس نے یاد کرنے کی بہت کوشش کی لیکن اسے کچھ بھی یاد نہیں ارہا تھا مسلسل اپنے دماغ پر زور ڈالنے سے اس کے سر میں درد ہونے لگا اور وہ سامنے لگی تصویر کو دیکھتے دیکھتے انکھیں موند گیا۔۔۔۔۔۔""""""

""------------

NOVEL-E-MEHAR

صبح طہام اٹھا اسے جاب پر بھی جانا تھا اسی لیے صبح صبح ڈائننگ ٹیبل پر اکے بیٹھ گیا جب اس نے دل کو دیکھا جو اپنے ٹیڈی بیر والے کمرے سے نکل رہی تھی پھر ساتھ والے کمرے میں دیکھا جو کہ دل اور کیف کا کمرہ تھا لیکن اس کا دروازہ بند تھا۔۔۔۔

دل تم اس کمرے سے باہر کیوں نکلی ہو تم کیف بھائی کے کمرے میں کیوں نہیں تھی طہام نے حیرانگی سے پوچھا۔۔۔

کیونکہ تمہارے کیف بھائی نے مجھے بیوی ماننے سے انکار کر دیا ہے نا اس لیے انہوں نے مجھے ہاتھ پکڑ کر کمرے سے باہر نکال دیا طہام دیکھ لو اپنے بھائی کے ظلم دل جان بوجھ کر انکھوں سے انسو نکالتے ہوئے طہام کے سامنے بولی۔۔۔۔۔

اتنے میں کیف بھی کمرے سے باہر ایا تو ان دونوں کے پاس اکر کھڑا ہو گیا کیف بھائی اپ نے دل بھابھی کو اپنے کمرے سے باہر کیوں نکالا۔۔۔۔

طہام کے پوچھنے پر کیف نے گھور کر دل کی جانب دیکھا کہ صبح صبح ہی اس کی شکایت لگا دی کیونکہ مجھے ابھی تک یقین نہیں ایا کہ میری بیوی ہے کیف نے بھی غصے سے کہہ دیا تو گل بھی کمرے سے باہر نکلتی ان کے پاس اکر کھڑی ہو گئی۔۔۔۔۔

کیف مجھے بابا کے پاس جانا ہے کیا تم مجھے لے جاؤ گے پتہ نہیں وہ کیسے ہوں گے گل نے اپنے ہاتھ مروڑتے ہوئے اپنی خشک ہونٹوں پر زبان پھیرتے ہوئے کہا تو دل نے منہ کے ڈیزائن بناتے ہوئے گل کو دیکھا گئی صبح صبح میرے ہی جان کو چپکنے۔۔۔۔۔۔

ہاں چلتے ہیں گل مجھے بھی انکل کو دیکھنا ہے کہ ان کی طبیعت کیسی ہے۔۔۔۔

کیف بھائی میں بھی ہاسپٹل جا رہا ہوں انکل کی طبیعت ٹھیک ہی ہو گی پہلے تو اپ کی میں یہ غلط فہمی دور کرے نا کہ دل اپ کی بیوی نہیں ہے اور گل اپ بھی سن لیں کہ دل ہی کیف بھائی کی بیوی ہے اور کیف بھائی ماما کب سے اپ کا انتظار کر رہے ہیں پانچ سالوں سے وہ اس اس میں ہیں کہ اپ زندہ ہیں اور لوٹ کر ان کے پاس ائیں گے ناشتہ کرنے سے پہلے پہلے اپ کو ماما سے ملنے جانا ہے طہام نے کہا تو کیف حیران رہ گیا کہ بیوی اور بھائی کے ساتھ ساتھ اب اس کی ماں بھی تھی کیف گہرا سانس بڑھتے ہوئے ہاں میں سر ہلایا اور طہام کے ساتھ کمرے میں چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔

ماما دیکھے کون ایا ہے دل امنہ کے پاس جا کر کھڑی ہوئی تو امنہ جو انکھیں بند کر کے لیٹی تھی انکھیں کھول کر دل کو دیکھا اور دل نے جس طرف اشارہ کیا امنہ نے دیکھا تو امنہ انکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔۔۔۔۔

ککلکی۔۔ییی۔۔کی۔۔کیف۔۔۔۔۔۔امنہ اٹکتے ہوئے کیف کا نام لیا اور اپنے کانپتے ہاتھوں کو اوپر اٹھانے لگی کہ کیف جلدی سے اگے بڑھا اور امنہ کا ہاتھ پکڑ لیا۔۔۔۔۔۔۔

ت۔۔مم۔۔۔۔تم۔۔۔اا۔۔گگ۔۔ئ۔۔۔اگئے امنہ اب اہستہ اہستہ بولنے لگی تھی وہ اٹک اٹک کے الفاظ ادا کرتے ہوئے کیف کی انکھوں میں بھی ہلکی سی نمی لے ائی جبکہ امنہ کی انکھوں سے لگاتار انسو نکلنے لگے تھے اس نے دل کی جانب دیکھا تو دل نے ہاں میں سر ہلایا کہ ہاں اپ کا بیٹا واپس اگیا ہے۔۔۔۔۔۔

کیف بھائی یہ ہماری ماما ہے پتہ ہے جب سے اپ ہمیں چھوڑ کے گئے تھے نا تب انہیں ہارٹ ٹیگ اگیا تھا اور فالج کا اٹیک ایا تھا تب سے یہ ایسے ہی ہیں اپ کو دیکھ کر یہ کچھ بولنے کی کوشش کر رہی ہیں مجھے لگتا ہے اپ جلدی ہی ہماری ماما کو ٹھیک کر دیں گے طہام نے کیف کے کندھے پر ہاتھ رکھا تو کیف نے طہام کی جانب پیچھے مڑ کر دیکھا جب اچانک سے کیف کی نظر دیوار پر لگی تصویر پر گئی جہاں پر کیف اور امنہ کی تصویر لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔

کیف کو تو اب یقین ہونے لگا تھا کہ یہی اس کے گھر والے ہیں اور گل بیچاری تو وہ سب کا منہ دیکھ رہی تھی بس لگ رہا تھا کیف اب اس کے ہاتھ سے نکلنے والا ہے۔۔۔۔۔

ن۔۔اا۔۔شش۔۔تی۔۔۔۔ناشتہ۔۔۔۔امنہ نے دل کو اشارہ کیا کہ ناشتہ کرنا ہے تو دل سمجھ گئی کہ اج وہ ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھ کے ناشتہ کرنے والی ہیں کیف کے انے پر ان کا سب گھر والے اج پھر سے اکٹھے ہونے والے تھے طہام اور دل نے امنہ کو اٹھایا اور اس سے پہلے اور لڑکھڑا کر گرتی کیف نے اپنی ماں کو گرنے سے بچایا تھا امنہ جلدی سے کیف کے سینے سے لگی پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھی لیکن وہ زیادہ بول نہیں پا رہی تھی کیف نے انہیں سہارا دے کر باہر لے جانا چاہا اور ڈائننگ ٹیبل پر بٹھا دیا تب تک ناشتہ بھی ریڈی ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔

""""_______________

Kiaff E DIL

Writer mahi shah

Episode 83 ❤❤

امنہ بیگم ناشتہ کرنے بیٹھی اج وہ اپنے بیٹے کیف کو اپنے پاس بیٹھے تھے ان کا دل خوش ہو رہا تھا امنہ کے ساتھ والی کرسی پر کیف بیٹھا تھا اور اس کے ساتھ اس سے پہلے کہ دل بیٹھتی کہ گل جلدی سے بیٹھ گئی دل منہ بناتے ہوئے کیف کو دیکھنے لگے لیکن کیف کندھے اچکا گیا اور اس کے ایسا کرنے سے دل کیف کے سامنے والی کرسی پر بیٹھ گئی طہام بھی دل کے پاس ہی بیٹھ گیا اور ساحل بھی امنہ کے ساتھ والی """"کرسی دوسری طرف سائیڈ پر بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔۔

ویسے ہی جان اپ کو اپنا گھر میں ناشتہ کر کے کیسا لگ رہا ہے پانچ سالوں بعد دل مسکراتے ہوئے پوچھا تو گل نے دل کی جانب دیکھا۔۔۔۔

کیف نے بھی ایک نظر امنہ کو دیکھا اور پھر دل کو اچھا لگ رہا ہے لیکن مجھے کچھ یاد نہیں ارہا ہے۔۔۔۔

او ہی جان اپ کو بھی اچھے سے یا سب کچھ یاد اجائے گا پریشان مت ہوں اپ بس میرے ساتھ رہیے گا نا لوگوں کے ساتھ مت چپکیے گا تو میں اپ کو اہستہ اہستہ سب کچھ یاد کروا دوں گی اور اپ کا اچھے سے علاج بھی کرواؤں گی۔۔۔۔۔۔

جی کیف بھائی اپ کو میرے ساتھ ڈاکٹر کے پاس جانا ہے تا کہ اپ کا مکمل پراپر علاج کروایا جا سکے اور اپ کی یادداشت جلد سے جلد واپس اسکیں۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے ویسے بھی میں چاہتا ہوں مجھے سب کچھ یاد اجائے کہ شادی کیسے ہوئی تھی اپ لوگوں کے ساتھ رشتہ کیسا تھا مجھے کچھ بھی یاد نہیں ہے کیف اپنے دماغ پر زور ڈالتے ہوئے انہیں بولا اور یہ باتیں سن کر گل کو تو ناشتہ ہضم ہی نہیں ہو رہا تھا ایک دم سے گل کو کھانسی کا دورہ پڑا تھا کیف اپنی باتیں چھوڑ کر جلدی سے پانی کا گلاس اٹھا کر اس نے گل کی جانب بڑھایا اور اس کی کمر کو رب کرنے لگا ایسا کرنے سے دل کو غصے سے ہاتھ کانپنے لگے تھے اس کا ہی جان کیسے کسی اور لڑکی کو ہاتھ لگا سکتا تھا۔۔۔۔۔۔

گل تم ٹھیک ہو۔۔۔؟؟ کھانسی رکنے پر کیف نے گل سے پوچھا تو گل ہاں میں سر ہلایا ہاں کیف میں ٹھیک ہوں بس ایسے ہی اپ کو تو پتہ ہے نا مجھے پراٹھا پسند نہیں ہے تو بس اسی لیے پراٹھا کھاتے مجھے کھانسی اگئی گل نے سر جھکاتے ہوئے کہا تو کیف نے دل کی جانب دیکھا

دل گل کو پراٹھا پسند نہیں اس نے کبھی نہیں کھایا اور مجھے بھی بس اپ لوگوں کی باتوں کی وجہ سے یاد نہیں رہا تو اس کے لیے کوئی اور ناشتہ بنا کر لے اؤ۔۔۔۔۔

میں۔۔۔؟؟ ہی جان میں گل کے لئے ناشتہ بنا کے لاؤ لیکن میں نے کبھی ناشتہ نہیں بنایا دل نے جان بوجھ کر جھوٹ بولا اور اپنے سینے پر ہاتھ باندھ کر کر کے بیٹھ گئی۔۔۔۔

دل کیسی باتیں کر رہی ہو مہمان ہے یہ ہمارے اگر تم بنا دو گے تو کوئی مسئلہ نہیں ہو جائے گا کیف نے ذرا سخت لہجے میں کہا تو دل کی انکھوں میں ہلکی ہلکی سی نمی ائی تھی لیکن میں ناشتہ نہیں بناتی مجھے ناشتہ نہیں بنانا اتا دل بھی ضد کرتے ہوئے وہاں ہی بیٹھے رہیں۔۔۔۔۔۔۔

کوئی بات نہیں کیف میں خود بنا لیتی ہوں لیکن مجھے پتہ نہیں نا کہ یہاں پر چیزیں کہاں پڑی ہوئی ہیں گل اپنے چہرے پر معصومیت سجاتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔

کوئی ضرورت نہیں ہے گل تمیں یہاں پر کام کرنے کی تم پہلے ہی اپنے بابا کی وجہ سے پریشان ہو میں خود بنا کر لے کر تم مجھے بتاؤ چیزیں کہاں پر پڑی ہوئی ہیں میں بریڈ اور انڈا فرائی کر لاتا ہوں اس سے پہلے کیف وہاں سے اٹھتا دل جلدی سے کرسی سے اٹھی۔۔۔۔۔

نہیں ہبی جان اپ بیٹھے میں بنا کر لے کراتی ہوں اپ کو ضرورت نہیں ہے پہلے ہی کیف اس کی اتنی خدمت کر رہا تھا اوپر سے اس کے لیے خود ناشتہ بھی بنائے گا یہ دل کو کہاں منظور تھا دل نے غصے سے گل کی جانب جا کر پیر پٹکتے ہوئے کچن میں چلی گئی تو طہام نے بھی غصے سے ایک نظر گل کو دیکھا جس کے لبوں پر مسکراہٹ تھی لیکن سر جھکائے وہ اپ اپنا ناشتے کا انتظار کرنا لگے۔۔۔۔۔۔۔

تھوڑی دیر بعد دل ناشتہ بنا کر گل کے سامنے رکھا تو گل ناشتہ کرنے لگے لیکن دل کا اب ناشتہ کرنے کا دل نہیں کر رہا تھا اس لیے وہ بغیر ناشتہ کی ہے کمرے میں چلی گئی امنہ یہ سب دیکھ رہی تھی لیکن وہ کچھ بول نہیں پاتی تھی اس لیے وہ چپ تھی۔۔۔۔۔۔

ناشتہ کرنے کے بعد گل کیف کی جانب متوجہ ہوئی کیف اپ مجھے بابا کے پاس لے جائیں گے پلیز مجھے ان سے ملنے جانا ہے۔۔۔۔

گل میں بھی ہاسپٹل جا رہا ہوں تو اپ ایسا کریں اپ میرے ساتھ چلیں میں اپ کو لے چلتا ہوں۔۔۔

نہیں طہام میں ساتھ چلتا ہوں گل کو واپس تو لے جاؤں گا نا کیف کی بات سنتے طہام نے ہاں میں سر ہلایا ٹھیک ہے کہتے اٹھ کر کمرے میں چلا گیا کیف دل کے بارے میں سوچنے لگا جس نے ناشتہ نہیں کیا تھا۔۔۔۔۔

لیکن پھر گل کے پکارنے سے اٹھ کر اپنے کمرے میں تیار ہونے چلا گیا اور گل بھی اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔۔۔

کیف کمرے میں گیا تو بیڈ پر بیٹھی تھی اس کا منہ سوجا ہوا تھا اس کا گول مٹول سوجا ہوا منہ دیکھ کر کیف کو ہنسی بھی ائی لیکن پھر وہ اگنور کرتا المار ی سے اپنے کپڑے لیے اور واش روم چلا گیا۔۔۔۔۔۔

دل نے حیرانگی سے کیف کی پشت کو دیکھا جس نے اتے ہوئے اس کو ناشتے کا بھی نہیں پوچھا تھا اس کی انکھوں میں پھر سے انسو بہنے لگے ہی جان اب ایسے تو نہیں تھے یاداشت چلی گئی لیکن دل تو اپ کا میرے پاس تھا نا اور میرا اپ کے پاس پھر اپ کیسے مجھے بھول سکتے ہیں کیسے اپ کو کوئی فرق نہیں پڑ رہا کہ میرے ناشتہ نہیں کیا دل اپنے انسو صاف کرتے ہوئے بڑبڑا رہی تھی جب کیف واش روم سے نکلا اور دل کو دیکھا جو رو رہی تھی۔۔۔۔۔

دل تم پھر میرے کمرے میں اگئی۔۔۔۔۔۔

ہی جان یہ میرا بھی کمرہ ہے اور میں اسی کمرے میں رہوں گی میرے سے بات مت کریں میں ناراض ہوں اپ سے سمجھ ائی دل پھر سے منہ کے ڈیزائن بناتے بولی تو کیف دل کے پاس جا کر کھڑا ہو گیا دل نے انکھیں جھپکاتے ہوئے اپنے ہی جان کو دیکھا۔۔۔۔

میری وجہ سے ناشتہ چھوڑنے کی ضرورت نہیں ہے اٹھ کر ناشتہ کر لینا ورنہ جس نظروں سے تمہارا وہ دونوں بھائی دیکھ رہے تھے نا مجھے لگتا ہے میری یاداشت واپس ائے نہ ائے لیکن وہ مجھے قتل ضرور کر دیں گے اس لیے ناشتہ کر لینا بھوکی مت بیٹھی رہنا کیف نے گہرا سانس بڑھتے ہوئے دل کو کہا تو دل نے ایک ائیبرو اچکا کر کیف کو دیکھا۔۔۔۔۔

اپ کو پھر بھی یہیں پریشانی ہے کہ میرے بھائی اپ کو کچھ نہ کر دے یہ نہیں کہ میں نے ناشتہ نہیں کیا نہیں کروں گی ناشتہ نہیں کروں گی ناشتہ جائیں اپ یہاں سے جس کے ساتھ آپ جا رہے ہیں ہاسپٹل دل وہاں لیٹتے ہوئے کمبل منہ تک لے گئی تو کیف گہرا سانس بڑھ کر کندھے اچکا کر باہر نکل گیا۔۔۔۔۔۔۔

کر لے گی ناشتہ جب اسے بھوک لگی تو اپنے اپ سے کہتے ہوئے گل کے پاس گیا تو گل اور طہام پہلے کھڑے تھے تو تینوں ہاسپٹل کے لیے نکل گئے۔۔۔۔۔۔۔"""

"""""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

ضمار صبح اٹھا فریش وغیرہ ہو کر وہ امید کے کمرے میں چلا گیا کیونکہ دو دن تو اس نے امید کو نہیں دیکھا تھا اور اس کا دل ہی نہیں لگ رہا تھا جلدی سے وہ امید کے کمرے میں گیا تو دیکھا امید سوئی ہوئی ہے۔۔۔۔۔۔

امید میری جان میری شہزادی طبیعت تو ٹھیک ہے نا 10 بج گئے ہے ابھی تک تم اٹھی نہیں ہو امید کے پاس جاتے ہو اس کا سر میں ہاتھ چلاتے ہوئے ضمار پیار بھرے لہجے میں بولا لیکن امید نے حرکت نہیں کی تھی۔۔۔۔

امید اٹھو نا میں نے تمہیں کتنا یاد کیا لیکن تم نے اپنے بابا کو بالکل بھی یاد نہیں کیا ہے نا اکیلے ہی ٹور سے ائی ہوا اٹھ جاؤ نا میری جان اور امید کو زبردستی اپنی گود میں بٹھاتے ہوئے ضمار بولنے لگا تو امید نے اپنی ہلکی ہلکی انکھیں کھول کر ضمار کو دیکھا۔۔۔۔۔

بابا مجھے ابھی نیند ائی ہے نا مجھے سونا ہے امید اپنی انکھیں مسلتے ہوئے ضمار کو بولی اور پھر سے اپنا سر ضمار کے سینے پر رکھ دیا۔۔۔۔۔۔

میری شہزادی میرا بچہ 10 بج گئے ہیں بھوک نہیں لگی میرے بچے کو اٹھ کے ناشتہ کر لو پھر سے سیدھا کرتا ہوا اس کے پیشانی پر لب رکھے تو امید نے اپنی انکھیں کھول کر ضمار کو دیکھا بابا میں نے بھی اپ کو بہت مس کیا کاش اپ بھی میرے ساتھ جاتے نا ضمار کے ڈمپل والے گال پر لب رکھتے ہوئے امید نے ہنستے ہوئے کہا تو ضمار نے اس کے پیٹ میں گدگدی کی اچھا جھوٹ بول رہی ہو ویسے تم ادھر اپنی ماما کے ساتھ انجوائے کرتی رہی مجھے بالکل بھی یاد نہیں کیا ۔۔۔۔

نہیں بابا میں نے یاد کیا ہے اپ کو میں اچھا بابا اپ مجھے بھوک لگ گئی ہے۔۔۔

لیکن ابھی تو میری شہزادی کہہ رہی تھی کہ اسے نیند ائی ہے۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

لیکن اپ نے اٹھا دیا ہے نا بابا مجھے بھوک لگ گئی ہے اب میرا منہ دھلا کے لے لائے نا میرا دل نہیں کر رہا خود دھونے کا امید نے ضمار کی گردن کے گرد باہیں ڈال کے کہا تو ضمار نے امید کو گود میں اٹھاتے ہوئے واش روم کی جانب جانا چل پڑا اس کا منہ دھلا کر اس دوبارہ سے بیڈ پر بٹھایا اور الماری اس کپڑے نکال کر دیا یہ لو جلدی سے چینج کرو تب تک میں تمہارے باتھ روم سے کپڑے اٹھا کر اتا ہوں۔۔۔۔۔

میرے کپڑے چینج کر دیے نا امید پھر سے منہ بناتے ہوئے بولی تو ضمار امید کا گھورا نہیں امید اپنے کپڑے خود چینج کرو میں جاتا ہوں ٹھیک ہے اور عرشیہ کو کہہ کر اتا ہوں ناشتہ بنائیں پھر ہم دونوں بیٹھ کر اج اکٹھا ناشتہ کرتے ہیں ضمار یہ کہتے ہوئے باہر چلا گیا تو امید نے بھی منہ بناتے ہوئے اپنے کپڑے چینج کیا۔۔۔۔۔۔۔

پانچ منٹ میں ہی ضمار واپس کمرے میں ہے تو امید ویسے کپڑے پہنے منہ بناتے ہوئے بیڈ پر بیٹھی ہوئی تھی امید کنگی بھی کرونا۔۔۔۔

باباآج میں نے کچھ بھی نہیں کرنا اپ نے ہی مجھے تیار کرنا ہے امید ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے جا کر بیٹھ گئی اور ضمار کو انکھیں پٹپٹاتے ہوئے دیکھنے لگی تو زمار کے لبوں پر مسکراہٹ ائی کیوں نہیں میری جان اج میں تیار کرتا ہون ضمار نے وہاں سے کنگی پکڑی۔۔۔۔۔

بابا میرے سر میں بہت درد ہوتا ہے پلیز تھوڑے سے کٹوا کٹوا دے ناامید رونے والا منہ بنا کر ضمار سے بولی تو ضمار نے ایک دفعہ امید کے بالوں کو دیکھا ٹھیک ہے امید تمہارے بالوں کی کٹنگ نہ میں اپنے سامنے کرواؤں گا رات کو تیار رہنا میں پالر والی کو یہاں ہی لے اؤں گا ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔

ہاں بابا ٹھیک ہے صحیح بات ہے ان کی وجہ سے سر میں درد ہوتا ہے نا۔۔۔۔۔۔ بابا اپ کو میرے بال اتنے پسند ہیں میں کچھ کہتی بھی نہیں ہوں پھر اپ کو امید لاڈ سے اپنے سینے پر ہاتھ باندھتے ہوئے مسکراتے ہوئے بولی ۔۔۔۔۔۔

س لیے تو میرا بچہ میری جان ہے میری شہزادی میری ساری باتیں مانتی ہے اس کے گال پر زور سے اپنے دانت گھاڑتے ہوئے ضمار کو اس پر کچیچاں ارہی تھی کہ اپنے گال پر جلن محسوس کرتے ہوئے امید زور زور سے رونے لگے۔۔۔۔

اچھا اچھا سوری سوری میری جان میں نے تو بس مذاق میں کاٹا تھا تم تو رونے لگ گئی ہو امید کو پھر سے اپنے گود میں اٹھاتے ہوئے وہ اسے چپ کروانے لگا تو امید نے بھی ضمار کے گال پر تو اپنے دانت گھاڑے ۔۔۔۔۔۔۔

بدلہ لینے خوب اتے ہیں میری بیٹی کو ابھی چھوٹی سی ہے لیکن باپ سے بدلہ لیتی ہوں۔۔۔۔۔۔

ہاں تو بابا اپ نے زور سے کاٹی کی ہے نا اب میری پونی کر دیے نا ضمار نے اپنے گال صاف کرتے ہوئے امید کو کرسی پر کھڑا کیا اس کے بالوں کی چٹیاں بنانے لگا اس کے بالوں چھٹیاں بنا کر وہ امید کو کریم وغیرہ لگا کر باہر کمرے سے لے گیا تو عرشیہ ناشتہ لگا چکی ۔۔۔۔۔۔ باپ بیٹی اگر تیار ہو گئے ہوں تو کب کا ناشتہ لگ چکا ہے اکر کر لیں عرشیہ نے بھی طنز کرتے ہوئے کہا تو ضمار نے اسے دیکھا تم کیوں جیلس ہو رہی ہو باپ بیٹی کے پیار سے دو دن میری بیٹی کے ساتھ رہ کر ا ئے نا سکون نہیں ایا کیا تمہیں ضمار نے بھی طنز سے کہا۔۔۔۔۔

ہاں جی تمہاری بیٹی وہاں بھی تمہیں ہی یاد کرتی رہی ہے ضمار تمہیں پتہ ہے وہاں پہ کیا ہوا۔۔۔۔

کیا ہوا عرشیہ سب ٹھیک تو ہے ناامید کو کرسی پر بٹھاتے ہوئے خود اس کا ساتھ ہی کرسی پر بیٹھ گیا۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

وہاں پر دل کو کیف بھی مل گیا ہے لیکن اس کی یادداشت چلی گئی پتا ہے اس کی شادی ہونے والی تھی اور ہم ٹائم سے پہنچ گئے پھر عرشیہ نے ساری بات ضمار کو بتائی تو ضمار نے سنجیدگی سے عرشیہ کی جانب دیکھنے لگا ہمم میری میڈم زندہ ہے ٹھیک شکر ہے کیف بھی زندہ ہے------

لیکن میں نے سنا ہے پولیس والے تمیں پھر سے پکڑنے لگے ہیں یعنی کے بلیک شیڈو کو عرشیہ نے ناشتہ کرتے ہوئے کہا تو ضمار نے اپنے ہونٹ پر انگلی رکھ چپ کر کہا کہ وہ امید کے سامنے ایسی باتیں مت کریں----

لیکن پھر بھی ضمار تم لبابہ کو سب کچھ سچ کیوں نہیں بتا دیتے اگر تم اس سے واقعی پیار کرنے لگے ہو تو تمیں اس سے معافی مانگنی ہے تمیں سچائی نہیں چھپانی چاہیے وہ تمہیں بہت یاد کرتی ہے اور تمہارا بیٹا بھی بہت پیارا اور شرارتی ہے عرشیہ زرتاش کی شرارتیں یاد کرتے ہوئے بولی --------

میرا بدلہ ابھی پورا نہیں ہوا ہے----

تم اب کس چیز کا بدلہ لینا چاہتے ہو ضمار تم مجھے یہ بتا دو دائد بھی وہاں پر آتا ہے وہ غصے سے ضمار سے بولا تو ضمار نے دائد کو دیکھا-----

دیکھو دائد یہ کام تو میں کبھی چھوڑ نہیں سکتا تم بھی اس بارے میں جانتے ہو اور رہی بات بدلے کی تو بدلا مجھے اپنی میڈم سے نہیں نہ ہی کیف سے لینا ہے بدلہ مجھے اپنی ماں اور باپ کے قاتلوں سے لینا ہے مجھے انہیں ڈھونڈنا ہے اور رہی بات اس کام کی تو بلیک شیڈو کبھی مر نہیں سکتا یہ بات پولیس والوں کو بھی جان لینی چاہیے بلیک شیڈو ان پاکستانی لڑکیوں کا ایک امید ہے کہ جو ان کے ساتھ نہ انصافی ہوتے ہیں اور ان کو انصاف دلاتا ہے کیا تم نہیں جانتے کیا بلیک شیڈو کبھی مر نہیں سکتا وہ موت کی انکھوں میں انکھیں ڈال کر بات کرتا ہے-----

اور رہی بات تمنا کہ تو پولیس والوں سے مجھے نفرت تھی نفرت ہے اور نفرت رہے گی وہ نفرت وہ اب میں اپنی میڈم سے میں اب نفرت نہیں کرتا لیکن پولیس والوں سے تو مجھے بدلہ لینا ہے نا-----

کب تک بدلہ لیتے رہو گے پولیس والوں سے-----

جب تک تمنا کو انصاف نہیں مل جاتا----

NOVEL-E-MEHAR

تمنااٹھ سال پہلے ہم سے بچھڑ گئی تھی ضمار تم اسے بھول کیوں نہیں جاتے دایدنے کہاتو ضمار نے حیرانگی نے داید کی جانب دیکھا یہ تم کہہ رہے ہو کہ میں تمنا کو بھول جاؤں خود بھول پائے ہو تمنا کو۔۔۔۔۔۔

دایدنے عرشیہ کی جانب دیکھاہاں دل کے کونے میں دفن کردیاہے میں نے تمنا کو کیونکہ جب سے عرشیہ میری زندگی میں ائی ہیں نا مجھے کسی اور کی ضرورت ہی نہیں پڑی ہے ضمار تو میں بھی لبابہ کے پاس چلے جاناچاہیے اور حقیقت بتادینی چاہیے۔۔۔۔۔۔۔۔

میں اس بارے میں مزید بحث نہیں کروں گاداید جو چل رہاہے ویسے چلنے دو اگر پولیس والے بلیک شیڈو پہ پیچھے پڑے ہیں تو پڑھنے دو مجھے اس لیے کوئی پرواہ نہیں ہے کیونکہ بلیک شیڈو کبھی پکڑا نہیں جاتااور اگر کبھی پکڑا بھی گیااور مارا بھی گیاتو مجھے اس بات میں کوئی افسوس نہیں ہوگا کے نہ تو میں غلط کام کرتاہوں نہ ہی مجھے ضرورت ہے۔۔۔۔۔۔۔

تو اگر مارے گئے تو لبابہ اور زرتاش کے بارے میں کبھی سوچاہے۔۔؟؟عرشیہ نے کہاتو اس کی بات سنتے ضمار نے لب میچے تھے

""۔۔۔

باباکیاباتیں کررہے ہیں بس بھی کریں نامجھے ناشتہ کرناہے اپ لوگ باتیں ختم نہیں کررہے ہوامید سب کو باتیں کرتے ہوئے دیکھا رونے والامنہ بنا کر بولی تو ضمار نے سب کواشارہ کیاسب چپ کر جاؤاب اس کی بیٹی کو ناشتہ کرناہے اب ضمار اور امیداپس میں باتیں کرتے ہوئے ناشتہ کرنے لگے جبکہ عرشیہ نے ناراضگی سے داید کی جانب دیکھاداید حیران ہوا کہ عرشیہ اس سے ناراض کیوں کررات بھی واپس انے کے بعد عرسیہ نے اس سے بات نہیں کی تھی۔۔۔۔۔۔۔""""""

""""""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

""""۔۔۔ سراپ نے اے ایس پی میر کا ذکر کیاتھاہم نے کیس ڈسکس کرناہے لبابہ ڈی ایس پی کے پاس اتے ہوئے بولی

یس مس لبابہ۔۔۔۔میں نے کال کی وہ آتے ہی ہوگے کواگئے اس سے پہلے کے وہ کچھ کہتے سامنے کھڑے میر کو دیکھ کرانہوں نے لبابہ کو کہا ۔۔۔""""

لبابہ نے گردن مڑ کر دیکھاجہاں ایک لڑکا گندمی رنگت پولیس کی وردی بالوں کواچھے سے سیٹ کرتے انکھوں پر چشمہ لگائے کھڑا تھا

""""۔۔۔

۔۔۔۔ اسلام وعلیکم سر۔۔۔میر ایک نظر لبابہ کو دیکھ کرڈی ایس پی کو سلام کیا

۔۔۔۔۔۔ واعلیکم السلام۔۔۔۔بیٹھے میر

جی سر۔۔۔میر لبابہ کے پاس اکر کرسی پر بیٹھ گیااور مسکرا کر لبابہ کو دیکھالبابہ بھی اس کے مسکرانے سے مسکرائی تھی میر نے اپناچشمہ اتارتے ہوئے سر کو دیکھا ۔۔۔""

یہ مس لبابہ ہیں جس کے ساتھ اپ کو بلیک شیڈو کا مشن دیا گیا ہے اپ کو اس کیس میں ان کی ہیلپ کر دی ہیں۔۔۔

جی سر میں پوری کوشش کروں گا کہ مس لبابہ کی مدد کر سکوں۔۔۔

ٹھیک ہے اپ لوگ جائیں اور اس کیس کے بارے میں ڈسکس کریں ڈی ایس پی کے کہنے پر دونوں اٹھ کھڑے ہوئے تو دونوں ہی لبابہ کے کیبن میں چلے گئے اب جہاں پر کیف کا کیبن ہوا کرتا تھا وہ اے ایس پی میر شاہ کا کیبن ہونا تھا۔۔۔۔۔۔۔

لبابہ اپنی چیر پر جاکر بیٹھے تو اس کے سامنے ہی میر بیٹھ گیا سب سے پہلے تو اپ اپنا انٹروڈکشن کروائیں اے ایس پی میر شاہ لبابہ نے میر کو دیکھا گندمی رنگت بالوں کو اچھے سے جیل سے سیٹ کیے اور ہلکی سی براؤن انکھیں لی ہیں وہ کافی خوش شکل انسان لگ رہا تھا ۔۔۔۔

مائی نیم از میر شاہ اور میں اے ایس ایس پی ہوں اور مجھے اس نوکری میں پانچ سال ہو گئے ہیں تو ڈی ایس پی نے مجھ سے بلیک شیڈو کے کیس کے بارے میں ڈسکس کیا تھا بلیک شیڈو کو پکڑنے تو اج کل ارمی والے بھی اس کے پیچھے لگی ہوئی تو میں نے کہا ضرور کیوں نہیں ویسے بھی مجھے اس طرح کے کیس ہینڈل کرنے میں بہت مزہ اتا ہے جو بہت ہی کرٹیکل ہوں۔۔۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

اچھی بات ہے مسٹر میر ائی ہوپ کہ ہمارا جو مشن ہے سکسیس فل رہے گا۔۔۔۔۔

جی جی ضرور مس لبابہ ویسے میں نے سنا ہے کہ اپ نے بلیک شیڈو کو مار بھی دیا تھا لیکن پھر وہ زندہ ہو گیا ہے اگر میں وہاں ہوتا تو اس اتنے گولیاں مارتا کہ زندہ بچنے کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا۔۔۔۔۔

اے ایس پی میر شاہ ہم نے بھی اسے اپنی طرف سے مار ہی دیا تھا لیکن وہ کیا ہے جسے اللہ رکھے اسے کون چھکے تو وہی بات اجاتی ہے لیکن ابھی وہ میرے سامنے ہے تو وہ بالکل بھی زندہ نہیں بچے گا۔۔۔۔۔

اس دفعہ میں اپ کے ساتھ ہوں زندہ چھوڑوں گا بھی نہیں میر نے اپنا لبوں پر مسکراہٹ لاتے ہوئے کہا تو لبابہ بھی زبردستی کی مسکراہٹ لبوں پر سجائی۔۔۔۔۔۔

ویسے اس وردی میں اپ کافی اچھی لگ رہی ہیں میر نے کہا تھا لبابہ نے حیرانگی سمیت میر کی جانب دیکھا۔۔۔

تھینک یواے ایس ایس پی میر شاہ پھر دونوں ہی کیس کے بارے میں ڈسکس کرنے لگے اور میر بار بار لبابہ کو دیکھ رہا تھا لبابہ کو بھی میر کی نظریں اپنے اوپر اچھے سے محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔

سارا کیس ڈسکس کرنے کے بعد میر نے لبابہ کو دیکھ کر کہا ویسے اپ کافی سمجھدار ہیں اپ کے ساتھ کام کر کے مزہ ائے گا۔۔۔۔

جی جی تھینک یو سوچ اگر اپ مجھے دیکھنے کے بجائے کیس کی طرف دھیان دیتے ہیں تو زیادہ اچھا ہوتا لبابہ نے بھی طنز کرتے ہوئے کہا تو میر نے ہنستے ہوئے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرا میں اپ کی طرف دیکھ کر کیس سمجھ رہا تھا یہ سارا کیس سمجھ اگیا ہے اپ اس بات کا ٹینشن مت لیں""""""اس کی بات سنتے لبابہ چپ ہی کر گئی تھی۔۔۔۔۔۔

""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

طہام اور کیف اور گل ہاسپٹل سے واپس اگئے تھے اور ابھی اس سب گارڈن میں بیٹھے تھے اور دل سب کے لیے چائے بنا رہی تھی طہام اور ساحل ایک کرسی پر بیٹھے تھے جبکہ گل کیف کے ساتھ بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔۔

طہام ساحل کے لیے ائس کریم لے کرایا تھا اور وہ دونوں ائس کریم کھا رہے تھے ویسے طہام بھائی ائس کریم کتنے مزے کی ہے نا ساحل ائس کریم کھاتے ہوئے بولا تو طہام مسکرایا۔۔۔۔۔۔

ہاں ہاں مزے کی ہے فری کی جو ہے میرے پیسوں کی کھا رہے ہو اس لئے تمہیں مزے کے لگ رہی ہے طہام نے اس کا سر پر چپ لگاتے ہوئے بولا تھا ساحل ہنسنے لگا۔۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

ویسے کیف بھائی کے ساتھ گل اپی بالکل بھی اچھی نہیں لگ رہی ویسے پیاری تو ہے لیکن بڑی ہے ناورنہ میں پٹا لیتا اور دل آپی کیف بھائی ساتھ رہ لیتی دل آپی کی ظا اس گل سے جان چھوٹ جاتی ساحل اپنے بتیسی دکھاتے ہوئے طہام کو رازداری سے بولا طہام نے گھور کر ساحل کے جانب دیکھا۔۔۔۔۔۔

شرم کرو شرم بچے ہو تم ابھی چھ سال کے اور تم گل کو لائن مار رہے ہو شرم نہیں اتی کیا تمہیں۔۔۔۔۔

اوہو ساحل بھائی اپ سمجھے نہیں نا میں تو دل آپی کی جان چھڑوانے کے لیے کہہ رہا ہوں ناورنہ مجھے کیا میں تو اتنا پیارا ہوں مجھے کتنی لڑکیاں مل سکتی ہیں ساحل انکھیں پٹپٹاتے ہوئے بولا تو وہاں پر طہام کا قہقہ گونجا تھا طہام کو ہنستے ہوئے دیکھ کیف اور گل نے خیرانگی سے طہام کی طرف دیکھا ۔۔۔۔

کیا ہوا ہے طہام تمہیں تم ہنس کیوں رہے ہو کیف نے اسے کہا تو طہام نے نفی میں سر ہلایا نہیں نہیں کیف بھائی کچھ بھی نہیں وہ ہم اپنی باتیں کر رہے تھے اپ بتائیں اپ کیسے ہیں اور اپ کو کل میرے ساتھ ہاسپٹل بھی جانا ہے ٹھیک ہے نا۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے چلا جاؤں گا ہاسپٹل اتنے میں دل بھی چائے بنا کر لے کر ائی تو اس نے دیکھا گل کیف کے ساتھ بیٹھی ہوئی ہے۔۔۔۔۔

گل اگر اپ اتنی سمجھدار ہیں تو اپ کو اتنا تو معلوم ہونا چاہیے کہ شوہر کے ساتھ ہمیشہ بیوی ہی بیٹھتی ہے کوئی نا محرم نہیں بیٹھتی تو اپ کیوں میرے شوہر کے ساتھ چپک کر بیٹھ جاتی ہیں ٹرے میز پر پٹختے ہوئے دل نے دانت کچکچاتے ہوئے کہا تو گل نے کیف کی جانب دیکھا۔۔۔۔۔

گل اپ میرے ہبی جان کی طرف نہ ہی دیکھیں تو اچھی بات ہے چلو اٹھو یہاں سے مجھے یہاں پر بیٹھنا ہے۔۔۔۔

دل تم کتنی بد تمیز ہو گئی تمہیں نہیں پتہ کہ وہ ہماری مہمان ہے اگر وہ میرے ساتھ بیٹھ ہی گئی ہے تو کوئی بات نہیں پچھلے پانچ سالوں سے وہ میرے ساتھ ہی بیٹھ رہی ہے اور اگر اج بیٹھ گئی ہے تو کوئی قیامت نہیں اجائے گی طہام ساتھ بیٹھ جاؤ کیف نے ذرا سخت لہجے میں کہا تو گل نے مسکراتے ہوئے چائے کا کپ اٹھایا اور لبوں سے لگا لیا جبکہ کیف کے اس طرح کہنے سے دل کی انکھوں میں نمی سی آئی تھی وہ چپ چاپ کر کے طہام کے ساتھ بیٹھ گئیں اور کیف کے ڈانٹنے پر ساحل کے ساتھ ساتھ طہام بھی غصے سے گل کی جانب دیکھا گل سب کی نظریں اپنے اوپر محسوس کر سکتی تھی لیکن وہ خاموش تھی۔۔۔۔۔۔۔

کیف کے ایک دم سے دل پر نظر پڑی تو اسے کے ہاتھ کانپتے ہوئے دکھائی دیے دل کانپتے ہاتھوں سے چائے کے گھونٹ بھر رہی تھی اس کا زرہ بھی دل نہیں کر رہا اس کا دل کر رہا تھا وہ اٹھ کے یہاں سے دور چلی جائیں یا اس گل کو اٹھا کر کہیں باہر پھینک دیں۔۔۔۔۔۔

دل اٹھنے لگی تو طہام نے دل کا ہاتھ پکڑ لیا اور نفی میں سر ہلایا دل تمہیں پتہ ہے نہ کہ بھائی کی طبیعت ایسی نہیں ہے نہ ہی انہیں سب یاد ہے اگر انہیں یاد ہوتا کہ تم ان کے لیے کیا ہو اور بچپن میں وہ تم سے کتنا پیار کرتے تھے تو وہ تمہارے ساتھ کبھی ایسا رویہ نہیں اپناتے طہام نے اہستہ اواز میں کہا تو دل گہرا سانس بڑھتے ہوئے وہیں بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔۔

لیکن طہام مجھ سے برداشت نہیں ہو رہا ہے اس گل کو اپنے ہبی جان کے پاس بیٹھتے دیکھ کر دل روتے ہوئے بولی تو طہام نے اسے خاموش رہنے کا کہا۔۔۔۔۔

کیف بھی دیکھ رہا تھا کہ دل اس کی وجہ سے رو رہی ہے اسے ذرا بھی اچھا نہیں لگ رہا تھا لیکن اس نے ایک نظر گل کی جانب دیکھا اور پھر ------ اٹھ کر جانے لگا تو گل نے بھی کیف کا ہاتھ پکڑ لیا کیف کہاں جا رہے ہیں اپنی چائے تو پیئے ٹھنڈی ہو جائے گی

نہیں گل میرا دل نہیں کر رہا ہے وہ اتنا کہتے ہوئے اپنا ہاتھ چھڑواتے ہوئے وہاں سے چلا گیا کیف کمرے کی جانب نہیں گیا تھا لیکن وہ دوسری جانب گارڈن کی جانب گیا تھا جہاں پر بچپن میں دل اور کیف کو بیٹھنا پسند ہوا کرتا تھا------

گل نے سب کو غصے سے بھری نظر سے دیکھا اور اٹھ کر اپنے کمرے میں چلی گئی------

دل اپنے انسو صاف کرتے اٹھ کر کیف کے پاس چلی گئی تو ساحل اور طہام ایک دوسرے کی جانب دیکھ کر وہ بھی اٹھ کر کمرے میں چلے گئے-------

---------------"""".

Kaiff E DIL

Writer mahi shah

Episode 84 ❤ ❤

دل کیف کے پاس گئی تو کیف ایک گلاب کے پھول کو ہاتھ میں پکڑے دیکھ رہا تھا----

ہبی جان اپ کو شاید یاد نہ ہو لیکن یہ باغ اپ نے اور میں نے اپنے ہاتھوں سے لگایا تھا دل بھی کیف کے پاس جاتے ہوئے کیف کا ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھتے اسے پھول کو دیکھنے لگی اور مسکراتے ہوئے کیف سے بولی-----

کیف نے جلدی سے اپنا ہاتھ دل کے ہاتھوں سے نکالا دل کو دیکھنے لگا جس کی انکھوں میں کچھ دیر پہلے نمی تھی لیکن ابھی اس کے پاس کھڑی ایک چمک تھی------

ہبی جان اپ کو بالکل بھی یاد نہیں ناپ نے اپنی چھوٹی سی پیاری سی دل سے کتنا پیار کرتے تھے لیکن مجھے سمجھ میں نہیں ارہا میں اپ کو کیسے سب کچھ یاد دلاؤں کیسے میں اپ کو اپنا پہلے والا ہبی جان بناؤں دل جلدی سے کیف کے سینے سے لگی تو کیف کی دل کی دھڑکن منتشر ہونے لگی تھی یہ لڑکی اسے مارنے پر تلی رہتی تھی۔۔۔۔۔

دل میں جانتا ہوں مجھے کچھ بھی یاد نہیں ہے لیکن ایک دفعہ گل کے پاپا کی طبیعت ٹھیک ہو لیں پھر ہم اس معاملے میں بات کریں گے۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے ہبی جان لیکن اپ مجھے اپنے اپ سے دور کیوں کرتے رہتے ہیں مجھے اپنے پاس رکھا کریں نااور اس گل سے دور رہا کریں مجھ سے برداشت نہیں ہوتا میرا دل کرتا ہے اس چڑیل کو۔۔۔۔۔۔

اس سے پہلے کہ دل کچھ کہتی کیف کی گھوری نے دل کی زبان کو بند کیا تھا مطلب کہ گل اپ کے پاس ہوتی ہے تو مجھے برداشت نہیں ہوتا نا سمجھا کرے نا بیوی ہو ناپ کی میں چھوٹی سی پیاری سی بیوی ہوں دل اپنا نچلا لب باہر نکالتے ہوئے معصومیت سے بولی تو کیف کا دل کیا وہ سامنے کھڑی لڑکی کو اپنے سینے میں میچ لے وہ لگ ہی اتنی خوبصورت رہی تھی فروزی کلر کے سوٹ میں اپنے چھوٹے بال کھولے گلے میں دوپٹہ پہنے وہ بے حد معصوم سی گڑیا لگ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

ہبی جان چلیں میں پورا گارڈن دکھاتی ہوں اپ کے جانے کے بعد نا میں نے اس کا بہت بہت سارا خیال رکھا تھا اور دیکھیں ابھی بھی ویسے کا ویسا ہی جیسے پانچ سال پہلے اپ چھوڑ کے گئے تھے اور ہبی اپ نے کہا تھا نا کہ اپ رات کو واپس ائیں گے تو ہم ائس کریم کھانے جائیں گے لیکن اپ واپس نہیں ائے نا میں نے اس ٹائم کا بہت انتظار کیا ہبی جان لیکن اب اپ مجھے ملے ہیں اپ کو کچھ یاد نہیں میں کیا کروں مجھے پہلے والا ہبی جان چاہیے نہ پہلے والے ہبی جان بن جائے نا دل کیف کے بازو سے اپنا سر ٹکائے اپنے دل کا غبار نکالنے لگی اپنے دل کی باتیں کیف سے کہنے لگی۔۔۔۔۔""""

میں اپنا علاج شروع کروانے والا ہوں میں بھی چاہتا ہوں کہ میری یادداشت واپس اجائیں اور تمہارے ساتھ گزرے جو پل میں نے بتائے ہیں مجھے یاد ائی۔۔۔۔

ہبی جان میرے پاس جو ہم نے پانچ سال پہلے ویڈیوز وغیرہ بنایا کرتے تھے ساری میرے پاس ساری پڑی ہوئی ہے میں اپ کو دکھاؤں۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

نہیں دل ابھی میرا دل نہیں کر رہا ابھی میرے سر میں بہت شدید درد ہو رہا ہے تو ابھی مجھے سونا ہے پلیز مجھے کوئی ڈسٹرب نہ کریں اپنے بازو سے دل کا بازو نکالتے ہوئے کیف وہاں سے چلا گیا تو دل وہاں ہی کھڑی کیف کی پشت دیکھ کر رہ گئی کوئی بات نہیں ہبی جان میں ہوں نا اب اپ کے ساتھ اپ کو کہیں نہیں جانے دوں گی بچپن میں اپ نے مجھ سے پیار کیا تھا نا میرا خیال رکھا تھا تو اب میری باری ہے اپ کا خیال رکھنے کی اپ سے پیار کرنے کی اپ میرے پاس ہے مجھے اتنا ہی بہت ہیں دل بھی گہرا سانس بڑھتے ہوئے مسکراتے اپنے """"""کمرے کی جانب چلی گی تاکہ اپنے ہبی جان کا جا کر سر دبا سکے------

"""""-------------

رات کا وقت تھا لبابہ اور زرتاش ایک مسجد میں ائے تھے لبابہ اکثر اس مسجد میں ایا کرتی تھی کیونکہ اس مسجد میں زرتاش کی عمر کے بچے """---- سپارہ پڑھا کرتے تھے اور لبابہ کچھ نہ کچھ کبھی نہ کبھی بانٹنے کے لیے اس مسجد میں اجایا کرتی تھی

اور اج تو زرتاش بھی اپنی ماں کے ساتھ ایا تھا-----

جان یہاں پر ہم جو بھی مانگتے ہیں کہ اللہ پاک ہمیں دیتے ہیں زرتاش اپنی ماں کو دیکھتے ہوئے بولا تو لبابہ نے حامی بھری ہاں میری جان اپ اللہ پاک سے جو بھی مانگتے ہو نا اللہ پاک اپ کو ضرور دیتا ہے---

ٹھیک ہے جان پھر اج میں نا اپنے اللہ پاک سے ایک سپیشل والی چیز مانگوں گا زرتاش خوش ہوتے ہوئے بولا تو لبابہ نے حیرانگی سے زرتاش کی جانب دیکھا-----

NOVEL-E-MEHAR

ایسا بھی کیا مانگنا ہے میرے بیٹے کو کیا چاہیے مجھے بولو-----

نہیں جان وہ میں اپ سے نہیں مانگوں گا وہ میں اپنے اللہ پاک سے مانگوں گا نا اللہ پاک دیتے ہیں نا تو میں اپنے اللہ پاک سے مانگوں گا زرتاش جلدی سے ان بچوں کی جانب چلا گیا جو کہ نماز پڑھ رہے تھے زرتاش بھی ان میں جا کر بیٹھ گیا زرتاش چھوٹا تھا لیکن وہ بچوں میں جا کر ایسے ہی بیٹھ گیا-------

لبابہ نے گہرا سانس بھرتے ہوئے اپنے بیٹے کو دیکھا اور مسکرائی اس کا بیٹا بے حد خوبصورت ہونے کا ساتھ ساتھ خوبصورت دل کا مالک بھی تھا لبابہ نے اپنے سر پر دوپٹہ سے اچھے سے جمایا اور سامنے بیٹھے بزرگ کے پاس چلی گئی وہ بھی تو اپنے اللہ سے کچھ نہ کچھ مانگنے کے

لیے ائی تھی اس کے پاس سب کچھ تھا اور ایک چیز جو نہیں تھی وہ تھی اس کا راج اپنے راج کو ہی تو اپنے اللہ پاک سے مانگنے اتی تھی اج بھی وہ سامنے بیٹھے بابا جی کے پاس گئی تو بابا جی لبابہ کو دیکھ کر مسکرائے۔۔۔۔۔۔

بیٹا تم پھر اگئی بابا نے اس کا سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا تو لبابہ کے لبوں پر ایک پیاری سی مسکراہٹ ائی جی بابا اپ ہی تو کہتے ہیں نا کہ ہمیں اپنے اللہ پاک سے مانگنا چاہیے تو میں اپنے اللہ پاک سے مانگنے اتی ہوں اور ان بچوں کو کچھ کھانا دینا تھا تو وہ دینے ائی تھی۔۔۔۔

ہاں بیٹا وہ سب کی سنتا ہے اور تمہاری بھی وہ بہت جلد سننے والا ہے لیکن ایک بات بیٹا ہمیشہ یاد رکھنا جو ماضی میں ہو چکا وہ بھی ٹھیک تھا کیونکہ اللہ پاک جو بھی کرتے ہیں وہ بہتر کرتے ہیں اسے بھول جانا اور جو اگے ہونے والا ہے وہ بھی بہت اچھا ہونے والا ہے وہ سب کی سننے والا ہے اور اس نے تیری بھی سن لی ہے بابا جی اپنے لبوں پر شفقت بڑی مسکراہٹ لاتے ہوئے ہاتھ میں تسبیح پکڑے ہوئے لبابہ سے بولے تو لبابہ نے حیرانگی سے اس بزرگ کی جانب دیکھا۔۔۔۔۔۔

ہاں سچ کہہ رہا ہوں اس نے تیری سن لی ہے کوئی اس کے سوا نہیں سن سکتا کوئی اپنے بندے پر رحم نہیں کرتا اس کے سوا بیٹا تو کبھی اپنے اللہ سے ناامید مت ہونا بیٹا وہ کبھی اپنے بندوں کو نہیں چھوڑتا کبھی اپنے بندوں کا ہاتھ نہیں چھوڑتا کبھی ساتھ نہیں چھوڑتا اتنے سالوں سے تم یہاں پر آتی ہو دعائیں مانگتی اتنا انتظار کیا ہے کوئی نہ کوئی اس نے بہتری ہے بیٹا تمہاری اس نے یہ اللہ نے تمہیں انتظار کروایا ہے اب تمہارا انتظار ختم ہونے والا ہے بیٹا وہ سنتا ہے سب کہ اس نے سن لی ہے۔۔۔۔۔۔۔

لیکن بابا جس کا انتظار میں کر رہی ہوں اگر وہ اگیا تو کیا میں اسے معاف کر دوں لبابہ نے دل میں تکلیف سموئے بزرگ سے پوچھا۔۔۔۔۔۔۔

جس کا اتنا انتظار کیا ہے جس کے لیے تم اتنی دعائیں مانگ رہی ہو سامنے اگیا اگر اللہ پاک اسے معاف کر دیتا ہے تو تم بھی معاف کر دینا بیٹا۔۔۔۔

لیکن بابا اس نے میرا دل دکھایا ہے۔۔۔۔۔

دل دکھایا ہے لیکن واپس بھی تو مڑ کر ائے گا نا۔۔۔۔۔

ایسی واپسی کا کیا فائدہ بابا جب مجھے اس کی ضرورت تھی وہ نہیں تھا۔۔۔۔۔۔

تمیں ابھی بھی اس کی ضرورت ہے بیٹا اور وہ ائے گا تمیں تھامے گا ہاتھ مت چھڑوانا لبابہ نے بزرگ کی بات سنتے ہوئے اپنے بیٹے کی جانب دیکھا جو اپنے ہاتھوں کو اٹھائے اپنے اللہ سے دعائیں مانگ رہا تھا۔۔۔۔۔

اللہ جی ماما کہتی ہیں کہ اپ سب کی سنتے ہیں نا اللہ جی پلیز میرے بابا کو بھی میرے پاس لے ائے نا۔۔۔۔۔

اللہ جی میں اپنے بابا کو نا بہت مس کرتا ہوں اپ بھی تو میرے سے پیار کرتے ہیں نا تو اپ میرے بابا کو میرے پاس بھیج دو اللہ جی

زرتاش اپنی انکھوں میں انسو لائے اللہ سے اپنے باپ کو مانگ رہا تھا لبابہ جو اسے دعا مانگتا دیکھ اس کے پاس ائی تھی اس کے زبان سے ایسی دعائیں سن کر لبابہ کی ہچکیاں بندھی تھی اسے اپنے بیٹے پر جی بھر کر پیار ایا تھا اور راج پر راج پر بے حد غصہ جو اسے چھوڑ کر چلا گیا تھا اور اس کا بیٹا اس سے ملنے کے لیے ترس رہا تھا لیکن اسے ان پر ترس نہیں ارہا تھا لیکن دل میں ایک لبابہ کے بھی دعا تھی کہ کاش راج واپس ا جائے اس کے سامنے اجائے۔۔۔۔

زرتاش میری جان چلو اٹھو گھر چلتے ہیں لبابہ نے زرتاش کے سر پر پیار دیتے ہوئے کہا تو اس نے جلدی سے اپنے ہاتھ اپنے چہرے پر پھیرے اور مسکراتے ہوئے اپنی ماں کی جانب دیکھا ماما میں نے نا اللہ پاک سے سپیشل چیز مانگی ہے اللہ پاک دیں گے نہ مجھے وہ۔۔۔۔

ہاں میری جان اللہ پاک تمہیں ضرور وہ چیز دیں گے تم نے مانگی ہے اللہ پاک سب کی سنتے ہیں ٹھیک ہے چلو ؤ ہم گھر چلتے ہیں لبابہ نے ایک مسکراتے ہوئے اس بزرگ کو دیکھا تو اس بزرگ نے اشارے سے اسے پیار دیا اب پھر لبابا اس مسجد سے زرتاش کو لے کر باہر نکل گئی""""۔۔۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

""""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عرشیا تمہیں کیا ہوا ہے تم صبح سے میرے سے ناراض ہو میں دیکھ رہا ہوں مجھ سے بات بھی نہیں کر رہی ہو داعید عرشیہ کے پاس اتا ہوا بولا جو امید کے کپڑے اس طرح کر کے رکھ رہے تھے۔۔۔۔۔

ہاں میں تم سے ناراض ہوں مجھے تم سے کوئی بات نہیں کرنی جاؤ یہاں سے عرشیہ نے ناراضگی میں بولا تو دائید وہ بات یاد کرنے لگا جس سے عرشیہ ناراض ہوئی تھی لیکن اسے کوئی بہت یاد ہی نہیں ارہی تھی۔۔۔۔۔

اچھا بتائیں تو صحیح محترمہ ہوا کیا ہے اپ کو مجھے تو کچھ پتہ نہیں ہے۔۔۔۔۔

ہاں ہاں تمہیں تو کچھ پتہ نہیں ہوتا ہے دواید سب کچھ میں ہی کرتی ہوں جب میں ٹرپ پہ گئی تھی تو تم کام میں بزی تھے اور میں نے تمہیں پوچھا تھا کہ تم مجھے مس کر رہے ہو یا نہیں یعنی کہ تم نے کہا تھا میں تو کام میں بزی ہوں میں اپ کو مس نہیں کر رہا ہوں تو ابھی بھی مجھے کیوں مس کر رہے ہو مجھ سے بات کرنے کی کوشش کر رہے ہو جاؤ اپنا کام کرو جا کے عرشیہ غصے سے امید کے کپڑے استری سٹینڈ پر پھینکتے ہوئے اپنی کمر پر ہاتھ رکھے ہوئے دواید سے بولی۔۔۔۔۔

اور دواید تو عرشیہ کی بات سنتے اپنے ماتھے پر تھپڑ مارا او ہو عرشیہ اپ اس بات سے ناراض ہیں وہ تو میں اپ سے مذاق کر رہا تھا یاد بھی تو ان کو کیا جاتا ہے نا جن کو بھولا جاتا ہو لیکن اپ تو ہر ٹائم میرے دل و دماغ میں بستی رہتی ہے۔۔۔۔۔

بس بس دواید زیادہ مسکے لگانے کی ضرورت نہیں ہے مجھے سب جانتی ہوں میں اپنے کام میں بیزی ہوتے ہو کوئی مجھے مس نہیں کرتے عرشیہ وہاں سے جانے لگی تو دواید نے عرشیہ کی کمر پکڑ کر اپنے سینے سے لگائی اور اس کے کندھے پر اپنا سر رکھ لیا۔۔۔۔۔

محترمہ اپ مجھ سے ناراض مت ہوا کریں کیوں ناراض ہو کر میری جان پر مشکل ڈالتی ہے اپ اس دیوانے پر ترس کھایا کرے عرشیہ """ کے کندھے پر اپنے لب رکھتے ہوئے دواید نے کہا تو عرشیہ نے اپنی انکھیں بند کی۔۔۔۔۔۔

مسکے لگانا کوئی تم سے سیکھے پیچھے ہو جاؤ عرشیہ نے دواید کو اپنے سے پیچھے کیا اور ناراضگی سے باہر جانے لگی تو دواید نے عرشیہ کا ہاتھ پکڑ لیا

اچھا محترمہ اب ناراض نا ہو چلو کافی دن ہو گئے ہم کہیں باہر گھومنے نہیں گئے اج اپ کو باہر سے ڈنر کروا کر لے کر اتے ہیں دواید نے کہا تو عرشیہ نے مڑ کر دواید کی جانب دیکھا سچی وہ بھی میری فیورٹ والے ریسٹورنٹ میں۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

ہاں ہاں ٹھیک ہیں محترمہ اپ کے فیورٹ والے ریسٹورنٹ ہی جائیں گے چلیں اچھی سی ریڈی ہو جائیں۔۔۔

لیکن میں تو ناراض تھی نا تم سے عرشیہ پھر سے منہ بنا کر بولی۔۔۔۔۔۔

محترمہ اپ کو وہاں پر گول گپے بھی کھلاؤں گا ناراضگی ختم ہو جائے گی گول گپوں کا سن کر عرشیہ کے منہ میں پانی ایا تھا ٹھیک ہے صرف گول گپوں کی وجہ سے مان رہی ہوں ورنہ تمہارے ماننے والے کام نہیں ہے عرشیہ یہ کہتے ہوئے چینجنگ روم کی جانب چلی گئی تو دواید بھی مسکرایا کوئی حال نہیں میرے محترمہ کا بھی اور عرشیہ کے تیار ہونے کا انتظار کرنے لگا۔۔۔۔۔۔۔۔

تھوڑی دیر بعد ہی عرشیہ بلیک کلر کا سوٹ پہنیں باہر ائی تو دواید اسے دیکھتا ہی رہے گیا۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔ کیسے لگ رہی ہوں دواید

م میری لگ رہی ہو محترمہ دایدنے پیار سے کہا تو عرشیہ نے شرما کر سر جھکا لیا ہے چلو اب شرماتے مت رہو چلیں ہم چلتے ہیں دایدنے عرشیہ کا ہاتھ پکڑا تو دونوں ہی چلے گئے۔۔۔۔۔

لاہور کا فیمس ریسٹورنٹ حویلی ریسٹورنٹ وہاں پر وہ لوگ پہنچے تھے کیونکہ وہ ریسٹورنٹ عرشیہ کا فیورٹ ریسٹورنٹ تھا وہ دونوں ایک جگہ پر جا کر بیٹھے تو دور ٹھنڈی ہوائیں چل رہی تھی اس ٹھنڈی ہوا دور ارقم ہاتھوں میں ڈائری پکڑے کچھ لکھنے میں مصروف تھا۔۔۔۔۔۔۔

ارقم کا بھی یہ فیورٹ ریسٹورنٹ تھا اور یہاں پر اکے وہ ڈائری پکڑے کچھ نہ کچھ سکون سنہری کے بارے میں لکھتا رہتا تھا۔۔۔

اچھا محترمہ اب اپ مجھے بتائیں کہ اپ مجھ سے راضی کیسے ہوں گی دایدعرشیہ کا ہاتھ پکڑے پیار سے کہنے لگا اور دوسری جانب ارقم مسکراتے ہوئے اپنی سنہری کے بارے میں ڈائری پر لکھ رہا تھا جب ایک دم نظر اس کی اوپر اٹھی اور سامنے ہی دایدعرشیہ کا ہاتھ پکڑے کرسی پر بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔

ارقم کا چہرہ کا رنگ پل بھر میں تبدیل ہوا تھا۔۔۔

عرشیہ پتہ ہے مجھے اپ کی سب سے زیادہ خوبصورت چیز کیا لگتی ہے دایداپنی انکھوں سے عرشیہ کو محبت بھری نگاہ سے دیکھتے ہوئے کہنے لگا تو عرشیہ نے ایک ابرو اچکاتے ہوئے دایدکو دیکھا۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

کیا اچھا لگتا ہے تمیں مجھ میں۔۔۔۔۔

تمہارے بال تمہارے سنہری گنگریالے بال جو مجھے بے حد پسند ہیں دایدنے بے اختیار ہی عرشیہ کے چہرے پر اتی گھنگریالے بالوں کے لٹ پکڑ کر اس نے کان کے پیچھے کی تو عرشیہ نے اپنی سنہری انکھوں سے دایدکی کی کالی انکھوں میں دیکھا اور پھر مسکرادی۔۔۔۔۔

عرشیہ کی مسکراہٹ دیکھ ارقم کے دل کو کچھ ہوا وہ تو یہاں پر اس ریسٹورنٹ میں کچھ سکون حاصل کرنے اتا تھا لیکن ہمیشہ وہ عرشیہ کو اپنے سامنے دیکھ اس کے دل میں الجھن سے ہو جاتی تھی اپنے ہی دل کی حالت میں آلجھ جایا کرتا تھا اس کی یادوں سے جتنا دور بھاگتا ہے وہ اسی کے پاس اتی تھی۔۔۔۔۔

اچھا بس بس ایسی باتیں مت کرو میں مان گئی ہوں مجھے بھوک لگی ہے کھانا کھاتے ہیں عرشیہ نے کہا تو تھا اتنے ویٹر کو کھانا ارڈر کر دیا اس سے پہلے کے عرشیہ ارقم کو دیکھتی ارقم نے جلدی سے اپنا چہرے کے اگے ڈائری کر لی اور اپنا چہرہ چھپا لیا ارقم کی انکھوں سے انسو نکلنے لگے تھے۔۔۔۔۔۔

دور کھڑی ایک لڑکی جس نے انکھوں پر چشمہ لگایا ہوا تھا سرخ سفید رنگت والے چہرے انکھوں پر گول مٹول سا چشمہ لگائیں نارمل سے قد والی فروزی کلر کا سوٹ پہنے گلے میں دوپٹہ ڈالے کندھوں تک اتے بال وہ کب سے ارقم کو دیکھ رہی تھی وہ اج سے نہیں وہ جب سے ارقم پاکستان واپس ایا تھا وہ روز اس ریسٹورنٹ میں اکے کچھ نہ کچھ ڈائری میں اپنی سنہری کے بارے میں کچھ لکھتا تھا اور وہ روز اسے دیکھا کرتی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اس کا روز دل کرتا تھا وہ ارقم کے پاس جا کر بیٹھے اس سے پوچھے کہ وہ کون ہے وہ کیا لکھتا ہے ڈائری میں اس کی انکھوں میں اتنی تکلیف کیوں ہوتی ہے اج ہمت کرتے ہوئے اس نے اپنے قدم ارقم کی جانب بڑھائے اور ارقم کے سامنے جا کر کھڑی ہو گئی ارقم کو اپنے سامنے کسی کا سایہ نظر ایا تو اس نے ڈائری ہٹا کر دیکھی تو ایک لڑکی کو دیکھا جلدی سے اپنے انسو صاف کیے وہ لڑکی ارقم کی انکھوں میں انسو دیکھ حیرت سے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

کیا میں یہاں بیٹھ سکتی ہوں۔۔۔۔۔۔اس لڑکی نے نہایت نرم لہجے میں ارقم سے کہا اس لڑکی کی اواز بے حد خوبصورت تھی ارقم نے اس لڑکی کی طرف دیکھتے ہوئے پیچھے عرشیہ کی جانب دیکھا اور پھر اس لڑکی کی جانب اور ہاں میں سر ہلایا اور بس چاہتا تھا کہ عرشیہ کے سامنے وہ لڑکی بیٹھ جائے تاکہ عرشیہ اسے نہ دیکھ سکیں۔۔۔۔

جی اپ کون ارقم نے ڈائری بند کی اور اس لڑکی سے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔

میرا نام یشفہ ہے نا اور میں یہاں ریسٹورنٹ میں ایک ویٹر کی جاب کرتی ہوں میں روز اپ کو دیکھتی ہوں کہ اپ جہاں پر اکے کچھ نہ کچھ لکھتے ہیں ڈائری میں تو مجھے اپ میں ایک کشش تھی محسوس ہوتی ہے میرا روز دل کرتا تھا میں اپ سے ملوں اپ کو برا تو نہیں لگا میں اپ سے ملنے اگئی۔۔۔۔

ارقم نے گہرا سانس بھرتے اس لڑکی کو دیکھا جی نہیں مجھے برا نہیں لگا۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

ویسے کیا میں پوچھ سکتی ہوں کہ اپ اس ڈائری میں کیا لکھتے ہیں یشفہ نے ایک نظر ڈائری کی طرف دیکھا اور پھر ارقم کی جانب دیکھ کر پوچھنے لگی۔۔۔۔

نہیں میں اپنی پرسنل باتیں کسی سے ساتھ شیئر نہیں کرتا ایکسکیوزمی ارقم یہ کہتے ہوئے اٹھ کر دوسری سائیڈ سے چلا گیا مزید اپنی سنہری کو دائذ کے ساتھ بالکل بھی نہیں دیکھ سکتا تھا اور ارقم کو جاتے ہوئے یشفہ اپنی کالی انکھوں سے ارقم کی پشت کو دیکھنے لگی میں ایک نہ دن اپ سے پوچھ لوں گی اور اپ مجھ سے ہر بات شیئر کریں گے مجھے یقین ہے یشفا بھی اٹھ کر اندر ہوٹل میں چلی گئی اس کی چھٹی کا ٹائم ہو گیا تھا اس لیے وہ اپنا بیگ لیے اپنے گھر کی جانب چلی گئی تھوڑی ہی دیر بعد عرشیہ بھی دائید کے ساتھ گھر چلی گئی۔۔۔۔۔۔

"""""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اگلے دن لبابہ کو افس سے اف تھا اور موسم بھی بہت زیادہ پیارا بنا ہوا تھا اس لیے زرتاش کے کہنے پر وہ اسے لے کر پارک میں چلی گئی۔۔۔۔۔

جان ہم کتنے دنوں بعد باہر گھومنے ائے ہیں نا مجھے بہت مزہ ارہا ہے اپنے ہاتھوں میں فٹبال پکڑے ہوئے وہ لبابہ کو کہنے لگا تو لبابہ نے مسکرا کر اپنے جان یعنی کہ اپنی بیٹے کو دیکھا اور ایک بینچ پر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔

اچھا ماما میں یہاں پر کھیل رہا ہوں اپ پریشان مت ہوییے گا وہ دور بچوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہنے لگا تو ان کی جانب چلا گیا وہ ابھی محلے کے ہی بچے تھے لبابہ انہیں جانتی تھی اسی لیے لبابہ نے ادھر زرتاش کو جانے کی اجازت دے دی اور خود موبائل پر بزی ہو گئی۔۔۔۔

دوسری جانب زرتاش کھیلتے کھیلتے اس کی فٹبال سڑک پر چلی گئی زرتاش نے ایک نظر اپنی ماما کی جانب دیکھا جو موبائل پر بزی تھی اور ایک نظر فٹ بال کی جانب جو سڑک کے بیچ پڑا ہوا تھا اور وہ فٹبال کی جانب چل پڑا البابہ ذرا تھوڑا دور ہی تھی اس لیے لبابہ کی نظر نہیں پڑی تھی اہستہ اہستہ زرتاش سڑک کی جانب جا رہا تھا اور دور سے تیز رفتار سے گاڑی زرتاش کی جانب ارہی تھی۔۔۔۔۔

جیسے جیسے زرتاش کے قدم فٹبال کی جانب بڑھ رہے تھے ویسے ویسے وہ گاڑی زرتاس کے جانب بڑھ رہی تھی اس سے پہلے کہ وہ گاڑی زرتاش کو کچل کر جاتی ایک ادمی نے زرتاش کو پکڑ کر اپنے سینے سے لگاتے ہوئے اسے بچایا تھا زرتاش نے ڈر کر اس ادمی کے سینے میں منہ دیا تھا اور رونے لگا تھا اس ادمی نے ایک نظر لبابہ کی جانب دیکھا جو ابھی بھی موبائل پر بزی تھی اسے لبابہ پر بے حد غصہ آیا اور پھر وہ

NOVEL-E-MEHAR

زرتاش کو لے کر دوسری سائیڈ پر چلا گیا لبابہ کو میر کی کال آگئی تھی اور وہ کچھ کام کے بارے میں ڈسکس کر رہا تھا اسی لیے زرتاش کی طرف سے لبابہ کا دھیان ہٹ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

چپ کر جاؤ میرا بچہ چپ کر جاؤ کچھ نہیں ہوا بابا ہے نا بابا تمہارے پاس آگیا ہے ناوہ آدمی زرتاش کو بچانے والا کوئی اور نہیں راج تھا اور اسے اپنے سینے سے لگائے اپنے بیٹے کو اس کا کندھا تھپتھپاتے ہوئے وہ زرتاش کو چپ کروا رہا تھا۔۔۔

بابا سنتے ہی زرتاش نے اپنی بھیگی آنکھوں سے اس آدمی کو دیکھا جس کی گود میں تھا تو وہ دیکھتا ہی رہ گیا تھا دو سے تین دفعہ زرتاش نے اپنی ماما کے دوسرے روم میں اپنے بابا کی تصویر دیکھی تھی پہلے تو وہ اس آدمی کو غور سے دیکھنے لگا کہ اس آدمی کو کہاں دیکھا ہے لیکن یاد آنے پر وہ جلدی سے پھٹی پھٹی آنکھوں سے راج کو دیکھنے لگا۔۔۔۔

بابا۔۔۔۔۔۔ذرتاش نے زور سے پکارا اور گلے لگ گیا بابا بابا آپ آگئے زرتاش کی آنکھوں سے پھر سے آنسو نکلنے لگے اور اپنی اولاد کو اپنے جگر کے ٹکڑے کو اپنے سینے سے لگاتے ہوئے راج کی آنکھوں سے بھی آنسو نکلے تھے۔۔۔۔۔

بابا بابا آپ کہاں چلے گئے تھے بابا آپ کو پتہ ہے میں آپ کو کتنا مس کیا تھا بابا میں اب آپ کبھی مجھے چھوڑ کر مت جانا ۔۔۔۔ بابا۔۔زرتاش ہچکیاں بھرتے ہوئے راج سے کہنے لگا تو راج نے زرتاش کو اور اپنے سینے میں میچ لیا اور ایک بینچ پر لے جا کر اسے "'''''اپنی گود میں بٹھاتے زرتاش کا چہرہ اپنی جانب کیا۔۔۔۔۔۔

بابا پاس ہے نا میرا بیٹا کیوں رو رہا ہے مت رو راج نے ابھی اپنی آنکھوں سے بہتے آنسو صاف کیا اور پھر اپنے بیٹے کے آنسو صاف کیا۔۔۔۔

پتہ ہے میں نے ناکل مسجد میں جا کر اپنے اللہ پاک سے آپ کو مانگا تھا کہ اللہ جی میرے بابا کو میرے پاس بھیج سے دیکھیں نا اللہ پاک نے میری سن لی اور آپ کو میرے پاس بھیج دیے بابا آپ کبھی مجھے چھوڑ کر مت جانا نہ میں آپ کو بہت سارا مس کرتا ہوں اور بہت سارا پیار بھی کرتا ہوں اب میرے بابا ہیں نا زرتاش راج کے چہرے کو ہاتھ لگا لگا کر یقین کرنے کی کوشش کر رہا تھا کہ اس کے بابا اس کے سامنے ہے۔۔۔۔۔۔

میری جان میرا بچہ میں اپ کا بابا ہی ہوں میں اب کبھی بھی تم سے دور نہیں ہوں گا میرا بچہ میں بھی تم سے بہت پیار کرتا میں نے بھی تمھیں بہت مس کیا ہے میرا بچہ راج زرتاش کے چہرے کے ایک ایک نقش کو چھوتے ہوئے کہنے لگا تو زرتاش دوبارہ سے راج کے سینے سے لگ گیا۔۔۔۔۔۔

دوسری جانب لبابہ نے کال بند کرتے ہوئے زرتاش کی جانب دیکھنے لیکن وہ تو وہاں تھا ہی نہیں وہ ڈرتے ہوئے جلدی سے ان بچوں کی جانب گئی بچو یہاں پر میرا بیٹا کھیل رہا تھا اپ کے ساتھ وہ کہاں ہے۔۔۔۔۔

انٹی وہ اس کا فٹ بال تو سڑک پر گر گیا تھا تو وہ سڑک پر گیا تھا تو اس کا گاڑی بھی مارنے والی تھی تو ایک ادمی اسے اٹھا کر لے گیا ہمیں نہیں پتہ وہ کون ہے وہ بچے یہ کہتے ہوئے اپنے کھلونے اٹھا کر بھاگ گئے جبکہ زرتاش کو کوئی ادمی اٹھا کر لے گیا تھا یہ سن کر تو لبابہ سکتے میں چلی گئی تھی اور جہانگیر دادا جو کب سے لبابا اور زرتاش کا پیچھا کر رہا تھا لبابا کو اکیلے کھڑے دیکھ اس کی جانب قدم بڑھانے لگا وہ کتنے دنوں سے لبابہ کا پیچھا کر رہا تھا اور اس کے بارے میں انفارمیشن اکٹھی کر رہا تھا اتنے اسانی سے تو وہ لبابہ کی جان نہیں چھوڑنے والا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میرا بچہ زرتاش زرتاش کہاں ہو تم لبابہ بھاگتے ہوئے ادھر ادھر زرتاش کو ڈھونڈنے لگی جہانگیر دادا نے اپنی ادمیوں کو لبابا کے پیچھے جانے کا کہا اور خود بھی اپنے قدم اہستہ اہستہ بڑھاتے ہوئے اس کی جانب جانے لگا۔۔۔۔۔۔

بابا میں ناماما کو بتاؤں گا بابا میرے پاس اگئے ہیں پلیز اب میری ماما کو چھوڑ کے مت جانا ناماما اپ کو یاد کر کے بہت روتی ہیں میں بھی اپ کو یاد کر کے بہت روتا ہوں بابا میں مجھے نا اپ سے بہت ساری باتیں کرنی ہیں زرتاش تو روتے روتے اپنے بابا سے اپنی دل کی باتیں کہہ رہا تھا اور راج کو اپنے بیٹے پر جی بھر کر پیار ایا۔۔۔۔۔۔

زرتاش زرتاش بیٹا کہاں ہو تم پلیز میرے پاس واپس اجاؤ لبابہ روتے ہو زرتاش کو اوازیں دینے لگی جب دور سے ہی راج کو لبابہ کی اواز ائی تو اس نے گہری سانس بھرتے ہوئے زرتاش کو بینچ پر بٹھایا اور خود اس کے سامنے اکر گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا ابھی میں جا رہا ہوں بیٹا اور رونا نہیں میں جلدی ہی تمہاری اور تمہارے ماما کے پاس واپس اؤں گا اور پھر کبھی تم دونوں سے الگ نہیں ہوں گا۔۔۔۔۔

بابا اپ مت جائیں نا ابھی تو اپ ائے ہیں اور اب جا رہے ہیں پلیز بابا۔۔۔۔۔۔ زرتاش نے راج کا ہاتھ پکڑا تو راج نے اسی ہاتھ پر اپنے لب رکھے مجھے جانا ہوگا ابھی لیکن جلدی تمہاری ماما سے ملاقات ہو گی اور اپنی ماما سے بولنا کہ تمہارا خیال رکھا کریں اگر اج میں نہ ہوتا تو

NOVEL-E-MEHAR

تمہیں کچھ اور جاتا تمہاری ماں کو میں کبھی معاف نہ کرتا راج نے تھوڑا غصہ سے بولا تو زرتاش کو تو کچھ سمجھ نہیں ایا تھا لیکن پھر سے وہ

"""-------- راج کے گلے سے لگ گیا

مس یو بابا جلدی اپئے گا راج زرتاش کی پشانی پر لب رکھے اور ایک نظر دور سے اتی ہوئی لبابہ کو دیکھ کر چلا گیا لبابہ نے دور سے ہی زرتاش کے پاس ایک ادمی کو دیکھا تو دوڑتی ہوئی اس کی جانب ائی-----

زرتاش زرتاش کہاں چلے گئے تھے تم اور یہ ادمی کون تھا مجھے بتاؤ لبابہ نے زرتاش کو اپنے سینے سے لگاتے ہوئے پوچھا وہ تو ڈر ہی گئی تھی تو اس کے بیٹے کچھ ہو نہ جانے ک اپنے بیٹے کو صحیح سلامت دیکھ کر لبابہ کو سکھ کا سانس ایا تھا------

ماما وہ بابا تھے میرے بابا تھے بابا واپس اگئے ہیں زرتاش خوش ہوتے ہوئے بولا تو زرتاش کی زبان سے بابا سن کر لبابہ ایک دم سکتے میں چلی گئی تھی----

"""""بابا--------لبابہ نے دور جاتے ہوئے ادمی کی پشت کو دیکھا اور پھر زرتاش کو دیکھا------

"""---------------

NOVEL-E-MEHAR

Kaiff E DIL

Writer mahi shah

Episode 85 ❤□❤□

جی ماما وہ بابا ہی تھے میرے بابا اتنے پیارے ہے کیا زرتاش خوش ہوتے ہوئے بولا اس کی چہرے پر لبابہ کو الگ ہی چمک نظر آئی تھی اس کی چہرے کی چمک دیکھتے لبابہ کو یقین ہو گیا تھا کے راج واپس اگیا ہے کیا اس کی دعائیں قبول ہو گی تھی کیا واقعی راج اگیا تھا اپنی میڈم کے پاس یہی سوچ کر لبابہ کے دل کی دھڑکنیں تیز ہوئی تھی ----"""

کیا سوچ رہی ہے ماما۔۔۔زرتاش نے لبابہ کا چہرہ پکڑتے اپنی طرف کیا تو لبابہ نے نفی میں سر ہلایا کچھ نہیں بیٹا اگر وہ تمہارے بابا ہوتے تو مجھ سے ضرور ملتے کیا پتا وہ کوئی اور ہو ابھی ہم چلتے ہے لبابہ نے زرتاش کو سمجھاتے ہوئے اس کے گال پر اپنے لب رکھے تو زرتاش نے منہ بناتے ہوئے اپنی ماما کو دیکھا ۔۔۔۔۔

""جب بابا آئے گے نا تو دیکھنا وہ بابا ہی تھے ۔۔۔

ٹھیک ہے وہ بابا تھے لیکن ابھی گھر چلتے ہے نانا ابو انتظار کر رہے ہے اس سے پہلے لبابہ وہاں سے جاتی سامنے جہانگیر دادا کو دیکھتے لبابہ کے قدم وہاں ہی رکے تھے ۔۔۔۔""

کہاں جا رہی ہو لڑکی۔۔۔۔جہانگیر دادا نے کرخت آواز میں پوچھا تو لبابہ کو غصہ آیا اور اپنے سامنے اتنے بڑے بڑے لوگوں کو دیکھ کے زرتاش نے لبابہ کے سینے میں منہ چھپایا تھا لبابہ نے بھی محسوس کیا تھا زرتاش ڈر رہا تھا اس نے اپنے حصار میں مضبوطی سے چھپا لیا ۔۔۔۔""

؟؟ کوئی کام ہے تو راستہ روکا ہے۔۔۔۔لبابہ نے بھی غصے سے پوچھا ۔۔۔۔۔۔

کام تو تم سے بہت ہے لڑکی اگر کر دو گی تو احسان ہو گا جہانگیر دادا نے لبابہ کو اوپر سے نیچے تک دیکھتے ہوس بھری نظروں سے دیکھا ۔۔۔""

NOVEL-E-MEHAR

اپنی بکواس بند کرو جہانگیر دادا۔۔۔۔لبابہ اس کی بات کا مطلب سمجھتی ہوئی دھاڑی تھی کے زرتاش کو اور ڈر لگا تھا لبابہ کو ایسے بولتے دیکھ جہانگیر دادا نے اپنی موچھوں کو تاؤ دیا تھا ۔۔۔""

لڑکی کیا نام ہے تیرا۔۔۔۔۔لبابہ ملک۔۔۔ایس ایس پی ۔۔۔۔

تیرے گھر میں ایک بڈھا رہتا ہے ایک تو رہتی ہے اور ایک تیرا یہ بیٹا جان سے پیارا جہانگیر دادا نے زرتاش کو ہاتھ لگانا چاہا تو لبابہ نے ڈرتے ہوئے زرتاش کو جہانگیر دادا کے لمس سے دور کیا ۔۔۔۔""

خبردار میرے بیٹے کو کچھ کہا یا اس کے بارے میں کچھ بھی غلط بولا بوٹیاں کر کے کتوں کو کھلا دوں گی مجھے کمزور عورت سمجھے کی غلطی کبھی مت کرنا جہانگیر دادا ۔۔۔۔

تم دادا اپنے گھر میں ہوگے قانون کے سامنے تم مجرم ہو جو بہت جلدی ثابت ہو جایے گا اور تمہارا وہ بھتیجا بھی اس دفعہ پھنسا تو کبھی نکل نہیں سکے گا ۔۔۔۔۔

ہاہاہاہاہا۔۔۔۔۔دیکھو تو سہی شیرنی کیسے دھاڑ رہی ہے وہ بھی یہ جانتے ہوئے بھی کے وہ اس ٹائم اکیلی ہے اس کے ساتھ کچھ بھی ہو سکتا ہے اور بیٹا بھی ہے شوہر بھی بیچارا چھوڑ کر جا چکا ہے جہانگیر دادا اپنے آدمیوں کو دیکھ کر مزاق اڑانے والے انداز میں بولا ۔۔۔""

ایک عورت تو کمزور ہو سکتی ہے لیکن ایک ماں نہیں میرے بیٹے کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھا تو آنکھیں نوچ لوں گی یہ کہتے لبابہ وہاں سے جانے لگی تو جہانگیر دادا نے لبابہ کا بازو پکڑ لیا لبابہ تو ڈر تو لگا کیونکہ وہ وہاں پر واقع میں اکیلی تھی ۔۔۔۔۔

اس سے پہلے کی جہانگیر دادا سے کچھ کہتا منی اور اس کی ساتھ کی کئی کنر وہاں پر ائے تھے ۔۔۔"""""

آئے ہائے وے ے ے ے۔۔۔تو کیا لڑکی کو چھیڑ رہا ہے شرم نہیں آتی چھیڑتے ہوئے منی جہانگیر دادا کے سامنے۔اتے ہوئی غصے سے بولی منی کو دیکھتے لبابہ کے لبوں پر مسکراہٹ آئی تھی ۔۔۔""

تم۔لوگ کون ہو۔۔۔۔۔اتنے زیادہ کنر اپنے ارد گرد دیکھتے جہانگیر دادا غصے سے بولا ۔۔۔۔""

ہم لوگ وہ ہے جس کی دعائیں اور بدعائیں بہت لگتی ہے۔۔۔۔۔منی نے جہانگیر کے سامنے تالیاں مارتے ہوئے کہا۔۔۔""""

پیچھے ہٹو تم لوگ۔۔۔ان سب کو اپنے ار گرد دیکھتے ہوئے جہانگیر غصے سے بولا اتنے سارے کنر دیکھ کر وہاں اور بھی لوگ جمع ہونے شروع ہوئے تھے ۔۔۔۔""

NOVEL-E-MEHAR

تیری تو آنکھیں ہی اتنی بری ہے خبردار تو نے آیندہ کسی لڑکی کو چھیڑا یا میری چندا کو یا میرے زی کو ہاتھ بھی لگایا ہاتھ کاٹ دوں گی منی بھی بے حد غصے سے بولتے وہاں سب کو حیران کر گئی ۔۔۔۔۔۔"""""

آے ے ے چل۔ہٹ۔۔۔منی نے جہانگیر کو دھکا دے کر لبابہ اور زرتاش کو لے گی جہانگیر کو اس کے ادمیوں نے پکڑا تھا اس کی اتنی ہمت کہ اس نے مجھے دھکہ دیا اس کو تو میں زندہ نہیں چھوڑوں گا جہانگیر وہاں جمع ہوئے لوگوں کو دیکھ کر اپنے ادمیوں کو اشارہ کرتے ہوئے وہاں سے چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔"""""

منی تم یہاں پر کیسے تو میں کیسے پتہ چلا کہ میں یہاں پر ہوں لبابہ حیران ہوتے ہوئے منی سے بولی۔۔۔۔۔۔

نی چندہ پانچ سال ہو گئے ہیں تیرے کو میرے ساتھ رہتے ہوئے تیرے کو میرا پتہ نہیں چلا کہ جب جب تو مشکل میں ہوتی ہے تب تک میں اتی ہوں ٹھیک ہے نا اور میرا زی بھی تو پریشان تھا نا اس لیے میں اگئی اور میں تیرے گھر گئی تھی تو پتہ چلا تو پارک میں گھومنے گئی ہے تو میں بھی یہاں میں اگئی اور دیکھا تو وہ بڈھا تیرے کو تنگ کر رہا تھا ویسے وہ سا کون کمینہ انسان جہانگیر کو یاد کرتے پھر سے منی کو غصہ ارہا تھا۔۔۔۔۔

ہاہا چھوڑ یار منے کچھ بھی نہیں وہ ایسے ہی کتے بھونکنے اجاتے ہیں تو وہی بھونک رہا تھا تو پریشان مت ہو چلا جا گھر چلتے ہیں اپنے ہاتھ سے """ کھانا بنا کر تجھے کھلاتی ہوں لبابا نے کہا تو منی نے اپنے ساتھیوں کو اشارہ کیا جانے کا اور پھر لبابہ کے گھر چلی گئی۔۔۔۔۔

""_____________

علیشے نے صبح ہی عرشیہ کو کال کر کے بتا دیا تھا کہ وہ اج ان کے گھر ائیں گے اور عرشیہ نے ضمار اور دراید کو بتایا اور ان کے انے کی تیاریاں کرنے لگی عرشیہ خود ہی کھانا بناتی تھی ۔۔۔۔

ماما کون ارہا ہے یہاں پہ جو اتنا زیادہ کھانا بنا رہی ہیں اپ امید کچن میں اتی عرشیہ سے پوچھنے لگی۔۔۔۔۔۔

بیٹا وہ جو اپ کو پرنسز کہتا ہے نا وہ انے والا ہے اور اس کے ماما اور پاپا عرشیہ نے امید کے چہرے پر پیار سے ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا تو امید نے منہ بناتے ہوئے عرشیہ کی جانب دیکھا۔۔۔

ماما وہ کیوں ارہا ہے وہ مجھے بہت تنگ کرتا ہے اپ اسے بولا کرو نا مجھے تنگ مت کیا کریں میں اس کے پرنسز کبھی نہیں بنوں گی۔۔۔

میری جان وہ تو بچہ ہے تنگ کرتا ہے تو اپ اسے منع کر دیا کرو کوئی بات نہیں ابھی اپ لوگ چھوٹے بچے ہو نا اس لیے اور وہ اپ کا دوست بھی ہے تو اپ اس کی دوست بن جاؤ پھر اپ کو پرنسز نہیں بولے گا تو پھر تو اپ کو دوست بولا کرے گا۔۔۔۔

نہیں ناماما اگر میں دوست بن گئی تو پھر وہ اور تنگ کرے گا مجھے اس کی دوست نہیں بننا نہ ہی مجھے اس کی پرنسز بننا ہے مجھے اس نے بہت ڈر لگتا ہے وہ ایسے مجھے ہاتھ بھی لگاتا ہے نا۔۔۔۔

میری جان میرا بچہ چلو ٹھیک ہے میں نا باسل کو سمجھاؤں گی کہ وہ تمہیں ہاتھ نہ لگایا کرے اور تمہیں پرنسز بھی نہ بولے کہ اب خوش میرا بچہ۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

جی ماما میں خوش ہوں امید انکھیں پٹپٹاتے ہوئے عرشیہ کو بولتے ہیں اپنے کمرے میں بھاگے تو عرشیہ مسکراتے ہوئے دوبارہ سے کھانا بنانے لگ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔

عرشیہ کھانا بنا کر فارغ ہوتے ہوئے کمرے میں گئی اور کپڑے چینج کرنے لگی تھوڑی ہی دیر میں علیشے حاشر اور باسل گھر میں داخل ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔

السلام علیکم انٹی باسل نے پیار سے عرشیہ کو کہا تو عرشیہ کو باسل پر بے حد پیار ایا۔۔۔

وعلیکم السلام میرا بچہ کیسا ہے عرشیہ نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا تو باسل مسکرایا علیشے کیسی ہو تم عرشیہ نے پوچھا تو علیشہ نے عرشیہ کو گلے لگایا ہاں میں ٹھیک ہو عرشیہ تم کیسی ہو ۔۔۔۔۔۔""

اللہ کا شکر ہے علیشے میں بھی ٹھیک ہوں اجاؤ اندر علیشے حاشر بھائی عرشیہ نے ان کو ڈرائنگ روم میں بٹھایا۔۔۔۔۔۔

باسل نے ہاتھ میں چھوٹا سا ٹیڈی بیئر پکڑا ہوا تھا۔۔۔

باسل یہ ٹیڈی بیئر کس کے لئے لے کر ائے ہو عرشیہ نے حیرانگی سے باسل سے پوچھا۔۔۔۔

وہ انٹی میں اپنی پرنسز کے لیے لے کر ایا ہوں نا اسے ٹیڈی بیئر پسند ہے نا اسی لیے باسل اپنی بتیسی دکھاتے ہوئے عرشیہ کو بولا تو وہاں پر عرشیہ کا قہقہ گونجا تھا۔۔۔۔

کوئی حال نہیں تمہارا باسل تم اسے پرنسز مت بولا کرو وہ تم سے ڈرتی رہتی ہے اور تم ہو کے اسے ڈراتے رہتے ہو۔۔۔۔۔۔۔

انٹی قسم سے میں نے اسے بالکل بھی نہیں ڈرایا میں تو اسے بلیو بیری پرنسز کہتا ہوں اس کی انکھیں ویسے نیلی ہیں نا تو مجھے اس کی انکھیں بہت پسند ہے اور وہ ڈرتی کیوں ہیں میں اس کا دوست ہوں نا مجھ سے ڈرا مت کریں۔۔۔۔۔۔

اوکے انٹی میں ائندہ اسے نہیں ڈراؤں گا اپ امید کو بلائیں تو سہی نا کدھر ہے میں نے اس کے ساتھ کھیلنا ہے۔۔۔۔

اتنے میں ضمار بھی ڈرائنگ روم میں داخل ہوا تو حاشر کھڑا ہوا اارے بڑے بڑے لوگ نظر اگئے ہیں اب تو ہم سے ملاقات بھی نہیں کرتے حاشر نے دوبارہ سے طنز کرتے ہوئے کہا تو ضمار مسکرایا۔۔۔۔۔۔۔

اتنے بھی طنز کرنے کی ضرورت نہیں ہے اگر میں تم سے ملنے نہیں اتا تم مجھ سے ملنے اجایا کرو تمہیں کون سے گھر میں آنے سے منع کرتا ہے کوئی ضمار کے گلے ملتے ہوئے کہا تو حاشر نے بھی منہ بناتے ہوئے ضمار کو دیکھا باتیں بنانا کوئی تم سے سیکھیں۔۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

ہاں تو تم طنز کرتے ہو تو میں باتیں نہیں بنا سکتا کیا چلو بیٹھو ضمار نے حاشر کو کہا تو حاشر بھی بیٹھ گیا۔۔۔۔۔السلام علیکم بھائی علیشے نے بھی ضمار کو سلام کیا تو ضمار نے علیشے کا سر پر ہاتھ رکھا کیسی ہو ۔۔۔۔۔۔۔

اللہ کا شکر ہے بھائی میں ٹھیک ہوں اپ سنائیں اپ کیسے ہیں ۔۔۔۔۔

""ہاں تمہارے سامنے ہوں ہٹا کٹا پیارا ہوں۔۔۔۔۔۔

ہاں میرا بھائی پیارا تو ہے اس میں کوئی شک نہیں علیشے نے کہا تو دادید بھی کمرے میں داخل ہوا اگر تمہارا بھائی پیارا ہے تو ذرا اس طرف نظر بھی ڈال لو یہ بھائی بھی پیارا لگ جائے گا دادید نے کہا تو علیشے کا قہقہ وہاں پر پہنچا تھا ہاں ہاں ٹھیک ہے میرے دونوں بھائی بہت پیارے ہیں اب خوش۔۔۔۔۔۔۔

ہاں شوہر تو کبھی پیارا لگا نہیں بھائی ہی پیارے لگتے ہیں ان دونوں کی تعریف کرتے دیکھ حاشر نے بھی جیلس ہوتے ہوئے کہا تو سب کا قہقہ وہاں پر گونجا تھا حاشر تمہاری جلیسی اب تک گئی نہیں بڑھے ہو رہے ہو لیکن جیلس ہونا تم نے نہیں چھوڑا۔۔۔۔۔

خیر بڈھا تو میں بالکل بھی نہیں ہو رہا ابھی تک جوان ہوں میری بیوی سے پوچھ لو حاشر نے علیشے کو کندھا مارتے ہوئے ایک انکھ ونک کرتے ہوئے کہا تو علیشے کا چہرہ سرخ ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حاشر شرم بھی کر لیا کرو پتہ نہیں کہاں کہاں سے باتیں اپ کے دماغ میں اجاتی ہیں اپنے بھائیوں کے سامنے حاشر کے اس طرح بات کرنے سے علیشے کو بے حد شرم محسوس ہوئی تھی لیکن وہ کیا کرتی اپنے اس بے شرم شوہر کا۔۔۔۔۔۔۔

انٹی امید کو بلا بھی دیے نا میں نے اسے اپنا ٹیڈی بیئر دینا ہے سب کو باتیں کرتا دیکھ باسل پھر سے بولا تو ضمار نے گھور کر باسل کی جانب دیکھا ۔۔۔۔۔۔

تم کیا میری بیٹی کو تنگ کرتے رہتے ہو پہلے تم مجھے بتاؤ نا میری بیٹی تم سے بہت تنگ ہے ضمار نے کہا تو باسل نے اپنا نچلا ہونٹ باہر نکالتے ہوئے اپنی ماما اور پاپا کو دیکھا۔۔۔۔۔۔

ماما انکل ڈانٹ رہے ہیں انکل گندے ہیں میں کبھی ان سے بات نہیں کروں گا اپنے باپ کے سینے سے لگتے ہوئے باسل بولا تو حاشر نے ضمار کو دیکھا۔۔۔۔۔

کیا مسئلہ ہے بھئی اگر میرا بیٹا تم لوگوں کی بیٹی کو پرنسز بنانا چاہتا ہے ایک تو میرے بیٹے کے پیچھے ہی پڑ گئے ہوں۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

تو تمہارا بیٹا چھوٹے ہوتے ہی ٹھرکی پن جھاڑ رہا ہے تو کیا میں اپنی بیٹی کو ٹھرکی پن کو دے دوں کبھی بھی نہیں میں اپنی پرنسز کو نا کبھی کسی کو نہیں دوں گا میں اس کو ہمیشہ اپنے پاس رکھوں گا اتنے میں امید بھی کمرے میں داخل ہوئی تھی باسل کو دیکھ کر منہ بنا کر سیدھا ضمار کے پاس جا کر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔""""

کیوں میری پرنسز تم میری پرنسز بننا چاہتی ہو کہ اس باسل کی ضمار نے جان بوجھ کر تنگ کرتے ہوئے کہا تو امید نے غصے سے باسل کی طرف دیکھا بابا میں کسی کے پرنسز نہیں بننا مجھے صرف اپنے بابا کی پرنسز بننا ہے اور مجھے کہیں نہیں جانا امید نے بھی ضمار کے سینے میں منہ دیتے ہوئے کہا تو ضمار اپنی بیٹی پر بے حد پیار آیا تھا یہ وہ بچی تھی جو ضمار کو اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز تھی اتنا تو اسے اپنا بیٹا بھی عزیز نہیں تھا جتنا اسے امید عزیز تھی اپنے بیٹے سے وہ بے حد پیار کرتا تھا لیکن امید سے الگ ہی اس کی پہچان تھی وہ امید اس کے لئے ایسی تھی جیسے اس کی روح کا کوئی ایک حصہ ہوا گر امید الگ ہو گئی تو ضمار زندہ نہیں رہ پائے گا۔۔۔۔۔۔۔

پرنسس یہ میں تمہارے لیے ٹیڈی بیئر لے کر آیا تھا باسل سب کی بات تو اگنور کرتے ہوئے اٹھ کر امید کے پاس جا کر اسے ٹیڈی بیئر دینے لگا تو امید نے ایک نظر ماما کو دیکھا عرشیہ کو دیکھا پھر ضمار کو دیکھا تو ضمار نے ہاں میں سر ہلا یا بیٹا مہمان ہے نا وہ مہمان کوئی چیز لے کر اتے تو ان سے لے لیتے ہیں۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے بابا آپ کہتے تھے تو میں لے لیتی ہوں امید نے وہ ٹیڈی بیئر لیا تھینک یو باسل اس کے تھینک یو کہنے پر باسل بے حد خوش ہوا چلو ہم باہر جا کر کھیلتے ہیں امید کا ہاتھ پکڑے وہ باہر کو بھاگ گیا اور امید بیچاری کچھ کہہ بھی نہ دے سکی۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

حاشر اپنے بیٹے کو سمجھا لو میری بیٹی سے دور رہیں۔۔۔۔۔

پھر میں نے اگر لو میرج کی تھی علیشے سے تو میرا بیٹا بھی کرے گا اب تمہاری بیٹی ہو گی تو کیا ہی بات ہے ہماری دوستی رشتہ داریوں میں بدل جائے گی نا حاشر بھی جان بوجھ کر ضمار کو تنگ کرتے ہوئے بولا۔۔۔۔

تمہیں نا زندہ چھوڑ کے میں نے غلط ہی کر دیا ہے ضمار نے دانت پیستے ہوئے کہا۔۔۔

تو میں نے بھی تمہیں بچایا میری وجہ سے تم زندہ ہو حاشر بھی کہاں پیچھے رہنے والا تھا وہ بھی اپنا احسان جتانے لگا۔۔۔۔۔

""""۔۔۔۔۔۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔ماضی

دیکھو بلیک شیڈو مجھے مارنے سے تمہیں کوئی فائدہ نہیں ہو گا پیپر تو تمہیں مل ہی گئے ہیں اگر تم مجھے چھوڑ دو تو میں اپنی بیوی اور بچے کے ساتھ زندگی گزار سکوں گا کہ تم اس معصوم بچے پر ترس نہیں اتا حاشر نے بلیک شیڈو کو اپنے باسل کی یاد دلاتے ہوئے کہا تو بلیک شیڈو کی نظروں کے سامنے ایک پل کو وہ بچا آیا جو بے حد خوبصورت تھا۔۔۔۔۔

لیکن مجھے حکم ملا ہے تمہیں مارنے کا اور بلیک شیڈو جو کام پکڑ لیتے ہیں اسے پورا کرتا ہے بلیک شیڈو بھی کرخت اواز میں بولا تو حاشر نے گہرا سانس بھر کے بلیک شیڈو کی جانب دیکھا اتنے برے تم ہو نہیں جتنے برے تم بنتے ہو دیکھو اگر تم مجھے چھوڑ بھی دو نا تو میں تمہارے بارے میں کسی کو نہیں بتاؤں گا وعدہ لے لو اپنے بچے قسم کھا کر کہتا ہوں لیکن مجھے اپنے بچے سے جدا مت کرو ابھی تو مجھے خوشیاں دیکھنی نصیب ہوئی ہیں حاشر کے لہجے میں ایک اذیت تھی ایک التجا تھی جو بلیک شیڈو کو اپنا ارادہ بدلنے پر مجبور کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

دیکھو تمہاری بھی تو بیٹی ہے نہ ایک اگر اسے کوئی کچھ کہہ دے یا تو میں اسے دور کر دے تو اس سے پہلے کہ حاشر کچھ کہتا بلیک شیڈو نے اپنی کالی انکھوں سے اس نظر سے دیکھا تھا کہ حاشر کی زبان وہاں ہی بریک لگی تھی مجھے میری امید سے کوئی دور نہیں کر سکتا سمجھے کوئی بھی نہیں بلیک شیڈو حاشر کا غریبان پکڑ تو اسے جنجھوڑا تھا اور اپنا سر پکڑے ادھر سے ادھر چکر لگانے لگا اسے سمجھ نہیں ارہا تھا وہ کیا کرے اسے وہ بچہ بھی یاد ارہا تھا جو کہ اب صرف دو دن کا تھا۔۔۔۔۔۔

بلیک شیڈو نے پھر حاشر کی جانب دیکھا اور حاشر نے بلیک شیڈو کی جانب اور پھر وہ پل ایا جب علیشے کو کمرے میں لے کر ایا گیا تھا علیشے کے سامنے بلیک شیڈو یعنی کہ ضمار نے حاشر کو چاکو مارا تھا علیشے روتے ہوئے باہر کی جانب چلی گئی علیشے کے جاتے ہی حاشر کو بلیک شیڈو نے ہاتھ اگے بڑھاتے ہوئے اٹھایا اور بلیک شیڈو نے اسے سچ میں نہیں مارا تھا اندر اس نے خون بھرے غبارے بھر گئے اندر رکھے تھے تا کہ وہ جہانگیر دادا کو بتا سکیں۔۔۔۔۔۔

تم نے مجھے چھوڑ کر مجھ پر بہت بڑا احسان کیا ہے بلیک شیڈو ائی ہوپ کہ یہ احسان میں کسی طرح تم پر اتار سکوں۔۔۔۔۔

میں نے تم پر نہیں اس معصوم بچے پر احسان کیا ہے کیونکہ میں کسی معصوم بچے کا باپ کا سایہ اس کا سر سے نہیں اٹھانا چاہتا جس کا کوئی قصور نہ ہو جہانگیر دادا نے مجھے تمہیں مارنے کے لیے کہا تھا وہ میں نے تمہیں جہاں گیر دادا کے سامنے مار دیا باقی تم جانو اور تمہارا کام۔۔۔۔

ویسے بلیک شیڈو تو اس کام کو چھوڑ کر ارامی۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

کبھی نہیں حاشر یہ کبھی مت سوچنا کہ میں یہ کام کبھی سوچوں گا تم لوگ تو ایک حکم کے غلام ہوتے ہو لیکن میں کسی کے حکم کا غلام نہیں ہوں نہ ہی مجھے کسی کا حکم کا غلام بننا آتا ہے میں اپنی مرضی سے کام کرتا ہوں جب چاہے کسی کا کام تمام کر سکتا ہو مجھے کوئی روکنے والا نہیں اور امید کرتا ہوں کہ تم بھی مجھے اس کام سے نہیں روکو گے امید کرتا ہوں ضمار نے جس لہجے میں کہا تھا حاشر نے لب میچے ضمار کو دیکھا ٹھیک ہے میں تمہیں اس کام کے نہیں روکوں گا تھینک یو سو مچ۔۔۔

اور تمہاری بیوی جو مجھے بد دعائیں دے کر گئی ہیں نا اس کو کہنا کہ بھائی ہوں میں اس کا بد دعائیں واپس لے لیں میں نہیں چاہتا اس کی بد دعائیں مجھے کبھی اپنی بیٹی یا اپنے گھر والوں سے الگ کریں پہلے ہی میرا گھر اجڑ چکا تھا ضمار نے غمگین لہجے میں کہا تو حاشر نے ہاں میں سر ہلا یا اور پھر جیسے داید علیشہ کو لے کر نکلا تھا حاشر بھی اپنی پچھلی گاڑی سے اپنے گھر کی جانب نکل چکا تھا اور حاشر کو اپنے سامنے زندہ دیکھ علیشے حیران رہ گئی تھی پھر حاشیر نے سارا معاملہ علیشے کو بتایا تو علیشہ کو بے حد افسوس ہوا کہ اس نے اتنی زیادہ غصہ بھی کیا بد دعائیں بھی تھی ضمار بھائی تو پھر بہت اچھے ہیں نا ہم ان سے ضرور ملنے جائیں گے اور میں ان سے معافی مانگ لوں گی علیشے حاشر کے گلے لگتے ہوئے رونے لگی تم حاشر نے اپنے اس معصوم سے سی گرین انکھوں والے بچے کو دیکھا جو ٹکر ٹکر اپنے باپ کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

اس بچے کی خاطر ضمار نے مجھے چھوڑا ہے یہ میرا لکی چیمپ ہے حاشر نے باسل کے ماتھے پر بوسہ دیا تو وہ کھلکھلا کر ہنس پڑا تھا اور سکون سے انکھیں بند کر لی ہوں اور ان کی فیملی مکمل ہوئی تھی۔۔۔۔

دوسری جانب جب دائد اور عرشیہ کو پتہ چلا کہ ضمار نے حاشر کو نہیں مارا تو وہ بھی ضمار کے پاس ائے تھے تم لوگوں کو کیا لگا تھا کہ میں اتنا ظالم ہوں گے ایک دو دن کے بچے کو باپ کو مار دوں اس بچے میں مجھے اپنی امید نظر اتی ہے اگر کوئی مجھے امید سے الگ کر دے تو میں اس زندہ نہیں چھوڑوں گا وہ تو پھر ابھی نیا نیا باپ بنا تھا میں اسے کیسے مار سکتا تھا باقی جہانگیر داد اکا رہا میں وہ میں نے جو دکھا دیا ضمار نے ان دونوں کی کنفیوژن بھی کلیئر کر دی تھی۔۔۔۔"""""""

"""""---------- -----------حال

ویسے تمہیں یاد ہے ضمار تم نے اسی باسل کی وجہ سے مجھے چھوڑا تھا اور جو میرا لکی چیمپ ہے۔۔

یاد ہے مجھے اس ٹھرکی کی وجہ سے میں نے چھوڑا تھا مجھے کیا پتہ تھا میری بیٹی کے پیچھے ہی پڑ جائے گا ورنہ میں تمیں نا ہی چھوڑتا نہ ہی تم پہ جاتا ضمار نے انکھ مارتے ہوئے کہا تو حاشر نے ضمار کی کمر میں مکہ مارا شرم کرو کچھ بچوں کے سامنے کیسے باتیں کر رہے ہو ایسے ہی وہ سب

بیٹھے اپس میں باتیں کرنے لگے دوسرے جانب باسل امید کا ہاتھ پکڑے اسے امید کے کمرے میں لے گیا تھا واؤ امید تمہارا کمرہ تو بہت خوبصورت ہے وہ سارے کمرے کو دیکھتے ہوئے بولا جہاں پر امید ضمار عرشیہ اور دائد کی تصویریں لگی ہوئی تھی اور وہ پورا کا پورا پنک کمرہ جو بے حد خوبصورت تھا۔۔۔۔۔۔

ہاں خوبصورت تو ہے یہ میرے بابا نے بنایا ہے نا اس لیے خوبصورت ہیں امید بھی وہاں پر بیٹھ کر باسل کو اپنی نیلی انکھوں سے دیکھتے ہوئے بولی تو باسل نے اپنی سی گرین انکھوں سے امید کو دیکھا۔۔۔۔۔

تمہاری انکھیں کتنی خوبصورت ہیں نا۔۔۔۔۔

ویسے تمہاری انکھیں بھی خوبصورت ہیں امید بھی اس کی سی گرین انکھوں میں دیکھتے ہوئے بولی جو باسل کی سرخ و سفید رنگت پر بے حد خوبصورت لگتی تھی شاید وہ اگے جا کر اس پورے خاندان کا خوبصورت ترین انسان بننے والا تھا۔۔۔۔۔۔

تمہارے لیے جو ٹیڈی بیئر لے کر ایا تھا وہ اچھا ہے نا باسل امید کے پاس بیٹھتے ہوئے بولا تو امید نے ہاں میں سر ہلایا ہاں پیارا ہے ۔۔۔۔۔۔

اب تم نے اسے ہمیشہ اپنے پاس رکھنا ٹھیک ہے باسل نے اپنا ہاتھ اگیا کیا تو امید نے پہلے باسل کو دیکھا اور پھر ٹیڈی بیئر کو پھر اس کا ہاتھ پکڑ لیا اوکے فرینڈز امید نے بھی مسکراتے ہوئے کہا تو باسل اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

"""""_____________

اج کیف طہام کے ساتھ ہاسپٹل گیا تھا اور اب وہ دونوں ڈاکٹر کے سامنے بیٹھے تھے۔۔۔۔۔

مسٹر کیف اپ کے کیس اتنا سیریس ہے تو اپ نے پچھلے پانچ سالوں میں اپنا علاج کیوں نہیں کروایا ڈاکٹر حیران تھا کہ ایک شخص کی یادداشت چلی گئی ہے اس نے اپنا علاج کیوں نہیں کروایا۔۔۔۔۔

کیف نے ایک نظر طہام کو دیکھا اور پھر ڈاکٹر کو ڈاکٹر جنہوں نے میری جان بچائی تھی ان کے پاس اتنے پیسے نہیں تھے کہ وہ میرا علاج کروا سکتے ہیں اور مجھے نہ ہی اپنے گھر والوں کا پتہ تھا تو اسی لیے میں نے بھی کچھ نہیں س بارے میں سوچا۔۔۔۔۔

یہ بہت اچھا ہوا کہ اپ کو اپنے گھر والے مل گئے ہیں وہ ڈاکٹر طہام کا دوست تھا اس لیے وہ اتنی اسانی سے بات کر رہا تھا طہام نے سب کچھ اسے بتا رکھا تھا طہام اپ کو میرے پاس لے کر ایا ہے اپ بھی میرے بڑے بھائیوں جیسے ہیں کیف بھائی اور اپ کا میں اچھے سے علاج کروں گا اپ اس بات کی ٹینشن مت لیں۔۔۔

تمہیں پر اپر ان کے میڈیسن کا خیال رکھنا ہے ان کا کبھی بھی سر میں درد ہو تم نے فورا مجھے بتانا ہے اور انشاءاللہ میں کوشش کروں گا کہ میں ان کا ایسا علاج کروں کہ ان کی یاداشت جلد سے جلد واپس اجائیں ویسے اپ لوگ کوشش کریں کہ اہستہ اہستہ اپ لوگ ان کو پرانی یادیں یاد دلانے کی کوشش کرنے پرانی آپ لوگوں کے ساتھ گزرا ٹائم دکھائیں یا ان کو یاد کروانے کی کوشش کریں تو شاید اپنے دماغ پر تھوڑا بہت زور ڈالیں تو تب بھی ان کی یادداشت جلدی ہی واپس اسکتی ہیں اور یا کام اپ لوگوں نے بہت احتیاط سے کرنا ہے یہ نہیں کہنا کہ ایک دم سے ان کو اپ ساری چیزیں یاد دلانا شروع کر دو تو ان کے دماغ میں برا اثر پڑے گا تم سمجھ رہے ہو نا طہام۔۔۔۔۔

ہاں ہاں احمد میں سمجھ گیا ہوں کہ تم کیا کہنا چاہتے ہو میں دل کو سمجھا دوں گا اور خود بھی سمجھ گیا ہوں تم اس بات کی فکر مت کرو تو بس مجھے میڈیسن دے دو جو کہ میں نے جو کیف بھائی کو کھلانی ہے۔۔۔۔

ٹھیک ہے میں میڈیسن لکھ دیتا ہوں ساری رپورٹس وغیرہ دیکھ کر احمد نے کیف کے لیے میڈیسن لکھ دی تو طہام احمد سے ہاتھ ملاتا ہوا کیف کو لیے گھر کی جانب اگیا کیف گھر اتے ہی کمرے میں چلا گیا تو دل نے طہام سے پوچھا کہ ڈاکٹر نے کیا کہا جو احمد نے کہا تھا طہام نے سب کچھ بتا دیا دل تمہیں اب اہستہ اہستہ سب کچھ بھائی کو یاد کروانا ہے ٹھیک ہے اگر کبھی بھی یاد کرتے ہوا ان کے سر میں درد ہو تو تم نے ان کا اچھا سا خیال رکھنا ہے اور احتیاط کرنی ہے کہ دوبارہ تم ان کے سامنے ماضی کا ذکر نہ کرو سمجھ رہی ہو تم۔۔۔۔۔

ہاں ہاں طہام میں سمجھ گئی ہوں تم فکر مت کرو ابھی میں ہی جان کے پاس جاتی ہوں اور ان کو کچھ پرانی پکچرز وغیرہ دکھاتی ہوں کیا پتا انہیں کچھ یاد اجائیں دل بھی یہ کہتے ہوئے اپنے کمرے میں چلی گئی تو طہام بھی اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔""""

""""""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دل کمرے میں گئی تو کیف بیڈ پر بیٹھا ہوا تھا دل ایک بڑی سی البم نے کال کر کیف کے پاس بیٹھ گئی کیف نے پہلے دل کو دیکھا اور پھر اس البم کو۔۔۔۔۔

اس البم میں کیا ہے ٹائپ نے حیرانگی سے دل سے پوچھا۔۔۔۔۔

اس میں ناہماری بہت پرانی یادیں ہیں اور ڈاکٹر نے کہا ہے ناپ کو یاد دلانا پڑے گا تو اس لیے میں اج البم لے کر اپ کے پاس ائی ہوں اج کوئی بہانہ نہیں چلے گا دل نے منہ بناتے ہوئے کہا تو کیف نہ گہرا سانس برتے ہوئے اس البم کو دیکھا ٹھیک ہے تم جو کرنا چاہتی ہو کر لو کیا پتہ مجھے کچھ یاد اجائے۔۔۔۔۔۔۔

ہبی جان یہ دیکھیں یہ وہ تصویر ہے جب ہم ائس کریم کھانے گئے تھے اور اپ نے میرے ناک پہ لگائی تھی اور طہام نے وہ تصویر بنائی تھی اس تصویر میں کیف نے دل کے ناک پر ائس کریم لگائی ہوئی تھی اور طہام تصویر بنا رہا تھا کیف اس تصویر کو دیکھنے لگا اور پھر دوسرے تصویر جو دل نے کیف کو دکھائی تھی وہ کیف نے دل کو اپنی گود میں اٹھایا ہوا تھا اور اسے باہر لے کے جا رہا تھا اور دل نے کیف کے سینے پر اپنا سر دیا ہوا تھا اور یہ بھی طہام نے تصویر بنالی تھی اہستہ اہستہ کئی تصویریں وہ البم میں دکھاتی د

اہستہ اہستہ کئی تصویریں وہ البم میں دکھاتی دکھاتی گئی تو کیف کے دماغ نے اپنے زور ڈالا تو اسے ہلکی ہلکی پرچھائیاں نظر انے لگی تھی جیسے یہ منظر وہ پہلے بھی کر چکا ہے یا وہ دیکھ چکا ہے اپنی انکھیں زور سے بیچے وہ ان پلوں کو یاد کرنے لگا ہلکے ہلکے دھندلے پرچھائی اس کو انکھوں کے اگے گھومنے لگے۔۔۔۔۔۔

دل اپنے ہبی جان کو دیکھ رہی تھی جو انکھیں بند کیے شاید اپنا ماضی یاد کرنے کی کوشش کر رہا تھا لیکن کیف کے سر میں شدید درد ہونے لگ گئی تھی اس نے ایک دم سے اپنی انکھیں کھولی تو اپنی دھندلی انکھوں سے دل کو دیکھا کیف کی انکھوں سے پانی نکلنے لگا۔۔۔۔۔

ہبی جان اب ٹھیک تو ہے نا کیا ہوا ہے اپ کو۔۔۔۔

نہیں کچھ نہیں ہوا جلدی اٹھاؤ اپنا یہ البم میرے سر میں شدید شروع ہو گیا ہے کیف نے البم کو دور پھینکا تو دل نے اس البم کو حیرانگی سے دیکھا اور پھر کیف کو جواب سر پکڑے بیٹھ سے ٹیک لگا گیا تھا دل کو پریشانی ہوئی اور اس افسوس بھی ہوا کہ اس نے ہبی جان کو کیوں تصویریں دکھائی اور اس کی وجہ سے اس کے ہبی جان کے سر میں درد شروع ہو گئی ہے۔۔۔۔۔۔

ہبی جان لائے میں اپ کا سر دبا دیتی ہوں اپ میری وجہ سے اپ کا سر میں درد شروع ہو گئی ہے نا دل نے کیف کے سر پہ ہاتھ لگایا تو دل کیف نے دل کا ہاتھ جھٹکا کوئی ضرورت نہیں ہے تم جاؤ یہاں سے میں سو جاؤں گا تو کر لوں گا ارام اس سے پہلے کہ دل کچھ کہتی گل کمرے میں داخل ہوئی۔۔۔۔۔

دل گل کو اپنے کمرے میں دیکھ کر غصے سے اس کی جانب دیکھنے لگی گل اپ کو کسی نے تمیز نہیں سکھائی کیونکہ اسے کپل کے کمرے میں دروازہ کھٹکھٹا کراتے ہیں نہ کیسے منہ اٹھا کے اجاتے ہیں دل نے غصے سے کہا تو کیف نے گل کو دیکھا جس کی انکھوں میں ہلکی ہلکی نمی اگئی تھی۔۔۔۔۔

یہ کیسے بدتمیز سے بات کر رہی ہیں گل سے اگر وہ اہی گئی ہے تو اسے کچھ بات کرنی ہوگی کیف کے ڈانٹنے سے دل منہ کے مختلف ڈیزائن بناتے ہوئے کیف کے پاس بیٹھ گئی تو گل نے کیف کو دیکھا کیف وہ مجھے کمرے میں ڈر لگ رہا تھا تو سوچا تمہارا ساتھ کچھ باتیں کر رہا ہوں۔۔۔

نہیں گل ابھی نہ میرے ہبی جان کے سر میں بہت درد ہو رہی ہے تو میں ان کا سر دبانے لگی ہوں تم بعد میں انا ٹھیک ہے جاؤ دل نے دانت کچکچاتے ہوئے گل کو کہا تو گل نے کیف کو دیکھا۔۔۔۔۔۔

ڈر کیوں لگ رہا ہے تمہیں طبیعت جو ٹھیک ہے نا۔۔۔

ہاں کیف طبیعت ٹھیک ہے لیکن۔۔۔۔۔

لیکن ویکن کچھ نہیں میں نے کہا نا ہبی جان کے سر میں درد ہو رہا ہے تو تم جا سکتی ہو ہے نا کیوں ہبی جان میں ٹھیک کہہ رہی ہوں نا دل نے انکھیں دکھاتے ہوئے کیف سے پوچھا تو کیف نے ہاں میں سر لایا ہاں گل میرے سر میں واقعی درد ہو رہا ہے تو رات کو بات کرتے ہیں کیف کے کہنے سے گل نے غصے سے دل کی جانب دیکھا اور پیر پٹکتے ہوئے کمرے سے باہر چلی گئی۔۔۔۔۔۔

لائے ہبی جان اپ کا سر دبا دوں اس سے پہلے کہ کیف کچھ اور کہتا دل سیدھی ہو کر بیٹھی اور کیف کا سر اپنے گود میں رکھ لیا میں نے کہا نہ کچھ مت بولے میں دباتی ہوں پانچ سال پہلے جب میں چھوٹی تھی تو اپ کہتے تھے کہ دل کی ہاتھوں میں جادو ہے ہاتھ لگاتے تو اپ کا درد ٹھیک ہو جاتا ہے کیف کا سر دباتے دباتے ساتھ میں باتیں بھی کرنے لگی۔۔۔۔۔۔

دل کے دبانے سے کیف کو واقعی سکون مل رہا تھا۔۔۔۔

ہبی جان اپ نہیں جانتے میں اپ سے کتنا پیار کرتی ہوں اور اپ مجھے اتنے سالوں بعد ملے ہیں تو اپ اس سے اچھے طریقے سے بات کیا کریں نا مجھے دکھ ہوتا ہے اپ کیوں ایسے غصہ سے بات کرتے ہیں دل دکھی لہجے میں بولی تو کیف جس کی انکھیں بند ہو رہی تھی اس نے اپنی انکھیں کھول کر اوپر دیکھا اور دل کی انکھ سے نکلا انسو کیف کی گال پر گرا تھا۔۔۔۔۔۔

کیف نے بے اختیار ہو کر اپنے ہاتھوں سے دل کے انسو کو صاف کیا مت رو دل تمہیں روتا ہوا میں نہیں دیکھ سکتا کیف سکتے کہ عالم میں بولتا چلا گیا اور کیف کے بولنے سے دل نے خوش ہوتے ہوئے اپنے ہی جان کی جانب دیکھا۔۔۔۔۔۔

مجھے پتہ تھا کہ اب مجھے روتے ہوئے نہیں دیکھ سکتے دل نے جھکتے ہوئے کیف کی پیشانی پر اپنے لب رکھے تو کیف نے اپنا سانس روکا تھا پہلی مرتبہ پہلی مرتبہ دل نے کیف کے پیشانی پر لمس چھوڑا تھا اور دل بھی اپنے اس حرکت سے ساقت رہ گئی تھی اور پھر جلدی سے سر جھکا لیا کیف میں بھی ادھر ادھر دیکھتے ہوئے اپنا سر دل کی گود سے اٹھا کر تکیے پہ رکھ لیا۔۔۔۔۔۔

تم لائٹ بند کردو مجھے سونا ہے جیسے ہی کیف نے کہا تو دل کو بھی بے حد شرم ہے اس نے کیا حرکت کر دی تھی لیکن اپنے ہی حرکت کر کے وہ شرماتے ہوئے مسکرائی تھی اور پھر لائٹ بند کرتے ہوئے باہر بھاگی تھی اور کیف کے دل کی دھڑکنیں بھی اتنی تیز ہو گئے تھے اسے کچھ سمجھ نہیں ارہا تھا وہ کیا کرے یہ لڑکی مجھے کسی دن مروائے گی جب تک مجھے یاد نہیں اتا میں اس کے ساتھ اپنا رشتہ اگے نہیں بڑھا سکتا کیف نے اپنے اپ کو نارمل کرتے ہوئے اپنی انکھیں بند کی۔۔۔۔۔۔

”""""""______________‘

Kaiff Dil

Writer mahi Shah

Episode 86 ❤️❤️

کیف کو سلا کر دل باہر ائی تو طہام بھی باہر لاونچ میں بیٹھا تھا کیا ہوا طہام تم یہاں کیوں بیٹھے ہوئے ہو دل بھی طہام کے پاس بیٹھتے ہوئے اس کے ہاتھوں سے چاکلیٹ لیتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔

کیا دل تمہارے بچپن سے عادت نہیں گئی نا جب بھی میں کوئی چیز کھا رہا ہوتا ہوں چھین کے کھا لیتی ہو کچھ شرم کر لیا کرو۔۔۔۔

میں کیوں شرم کروں جب دوست چیز کھا رہا ہوں اور میں نہ کھاؤں یہ کیسے ہو سکتا ہے اچھا تم بتاؤ تم کیوں پریشان نظر ارہے ہو جلدی سے بتاؤ چاکلیٹ کھاتے ہوئے بولی تو طہام نے دل کی جانب دیکھا۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

دل میں سوچ رہا ہوں کہ تمہیں اور کیف بھائی کو تمنا کے گھر جانا چاہیے شادی کی بات کرنے کے لیے میرے سے اور تمنا کے بغیر نہیں رہا جاتا طہام نے منہ بناتے ہوئے کہا تو دل نے گھور کر طہام کو دیکھا۔۔۔۔۔۔۔

اتنی بھی کیا جلدی ہے ہو جائے گی تمہاری شادی اتنی جلدی مت مچاؤ دل نے پھر چاکلیٹ کھاتے ہوئے۔۔۔

ہاں تم میں تو بالکل بھی جلدی نہیں تھی کہ تمہارا ہبی جان تمہارے پاس اجائے اگر اب تمہارا ہبی جان تمہارے پاس اگئے اور مجھے کہہ رہی ہو کہ صبر کرلو پلیز دل چلی جاؤ نا کیف بھائی کو مناؤ نا وہ چلے جائیں۔۔۔۔

اچھا چلو میں ہبی جان کو منا تو لوں گی لیکن اس کے بدلے میں مجھے کیا ملے گا دل مزے سے طہام سے بولی تو طہام نے بھی گھور کر دل کو دیکھا رشوت لینا تم نے نہیں چھوڑا اب اس کام کی بھی تم نے کیا رشوت لینی ہے۔۔۔۔۔

طہام تم جانتے ہو نا بچپن سے ہم نے جو کام کیا ہے ایک ساتھ کیا ہے تو رشوت بھی تو لوں گی نا اور ویسے بھی ہبی جان کو منانا تو اج کل کچھ زیادہ ہی مشکل ہے کیونکہ ان کی یاداشت بالکل بھی نہیں ہے تو ان کو تو صرف میں ہی منا سکتی ہوں تو کیا کہتے ہو کیا دو گے مجھے۔۔۔۔۔

تمہارا کچھ نہیں ہو سکتا دل اچھا جو بھی تم کہو گی نا میں وہ بات مانوں گا جو تم کہو گے وہ تمہیں دلا دوں گا لیکن ابھی تو کیف بھائی سے بات کرو نا پلیز پھر ماما بھی ٹھیک ہو جائیں گی تو انہیں بھی ساتھ لے جائیں گے لیکن پہلے تم اور کیف بھائی جائیں گے ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔

اور اگر تمہارے کیف بھائی نہ مانے تو میں کیا کروں گی۔۔۔۔

مگر تم مناؤ گی تو وہ مان جائیں گے نا پلیز پلیز پہلے ہی وہ تمنا مجھ سے شادی نہیں کرنا چاہتی اور میں اسے اور دیر سے نہیں چھوڑ سکتا ہوں وہ میرے پاس ائے گی تو ہی میں اسے سنبھال سکتا ہوں۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے میں ہبی جان سے بات کرتی ہوں بس ابھی وہ سوئے ہوئے ہیں ویسے تو ہم اس گل کا کیا کریں اس نے گل نے تو بڑی جان کھا لی ہے میری اور جو میرے اور ہبی جان کے ریڈرز ہیں نا ان کو بھی گل بالکل بھی اچھی نہیں لگتی تو پلیز اس کو بھگانے کا نہ کوئی طریقہ بتاؤ یار۔۔۔۔۔

ہاں ویسے گل تو مجھے بھی بالکل بھی اچھی نہیں لگتی ویسے پیاری ہے لیکن کیف بھائی کے ساتھ تو صرف تم ہی اچھی لگتی ہو نا ایسا کرتے ہیں اس کی شادی کہیں اور کروا دیتے کیا خیال ہے طہام چٹکی بجاتے ہوئے دل سے بولا تو دل نے اپنی بتیسی دکھائی۔۔۔۔۔۔۔۔

واہ واہ واہ کیا طریقہ بتایا ہے تم نے طہام لیکن ادھر تم نے کون سے لڑکوں کی لائن لگا رکھی ہے کون شادی کرے گا گل سے کہ وہ میرے ہبی کی جان چھوڑ دے --------

دیکھو کیا پتہ کوئی نہ کوئی اس دنیا میں گل کے لیے بھی لڑکا بنا ہو کیونکہ اب تو کیف بھائی کی شادی تو میں کبھی بھی گل سے نہیں ہونے دوں گا تو اس کے لیے بھی اب کوئی لڑکا ڈھونڈنا پڑے گا طہام منہ بناتے ہوئے بولا تو دل بھی ہنسی تھی ہاں تو میرے لیے تو اتنا کرے سکتے ہو نا کہ اس گل چڑیل سے جان چھڑوانے کے لیے اس کی شادی کہیں اور کروا دیں-----

ہاں چلو ٹھیک ہے دیکھتے ہیں اس کے لیے بھی کوئی لڑکا ڈھونڈتے ہیں کیا پتہ کہیں سے مل ہی جائے اور پیچھے گل ساری باتیں سنتی غصے سے دونوں کو دیکھنے لگی شادی تو میری اب کیف سے ہی ہو گی میں کسی اور سے شادی بالکل بھی نہیں کروں گی پیر پٹکتے ہوئے گل دوبارہ سے کمرے میں چلی گئی--------"""""

"""""-------------

میر پولیس اسٹیشن کی جانب جا رہا تھا جب اسے راستے میں پھولوں کی دکان نظر آئی تو اس کی نظروں کے سامنے لبابہ کا چہرہ نظر آیا -----

کیوں نہ مس لبابہ کے لیے پھول لئے جائیں میر نے پھولوں والی شاپ کی طرف اپنے قدم بڑھاتے ہوئے پیارے سے گلاب کے پھول کا گلدستہ خریدا اور گاڑی میں بیٹھ کر پولیس اسٹیشن کی جانب چلا گیا------

""""------------

---- اگلے دن کیف کمرے میں بیٹھا اپنا ماضی یاد کرنے کی کوشش کر رہا تھا جب دل اس کے پاس آئی

ہبی جان----- مجھے آپ سے کچھ بات کرتے ہے بچوں کی طرح اس کے سامنے چونکری مار کر بیٹھے ہوئے دل نے کہا تو کیف نے دل کو دیکھا جس بلیک کلر کے ڈریس میں اپنے چھوٹے بالوں کو کھلا چھوڑے بہت پیاری لگ رہی تھی -----

ویسے دل تمہارے بال لمبے ہوا کرتے تھے کیا--- کیف نے دل کے بالوں کو چھیڑتے ہوئے کہا تو دل کو خیرانگی ہوئی کہ اس کے ہبی جان کو یاد ہے ---""""

NOVEL-E-MEHAR

ہاں ہبی جان اور اپ کو میرے لمبے بال پسند بھی ہوا کرتے تھے آپ کہا کرتے تھے کے میں انہیں کبھی نا کاٹو دل کی باتیں سنتے کیف نے

دل کے بالوں کو ناک کے پاس کرتے اس کی خوشبو کو اپنے اندر اتارا ۔۔۔۔

تو پھر تم نے کاٹے کیوں ۔۔۔۔۔۔

ہبی جان ۔۔۔اپ مجھے چھوڑ کر چلے گیے تھے نا میرا دل نہیں کرتا تھا لمبے بال رکھنے کا کیونکہ بچپن میں اپ لمبے بالوں کو سنبھالتے تھے آپ کے بعد کوئی بھی نہیں تھا سنبھالنے کے لیے دل نے اپنے ہبی جان کے ہاتھ تھامتے ہوئے کہا تو کیف کو سامنے بیٹھی لڑکی پر پیار بھی آیا اور خیرانگی بھی ہوئی کیا وہ اس سے اس قدر پیار کرتی ہیں ۔۔۔۔"""

ہبی ایسے مت دیکھے مجھے شرم آرہی ہے کیف کے لگاتار دیکھنے سے دل کی دھڑکنیں تیز ہو رہی تھی لیکن پھر بھی کنفیوز ہوتے اس نے کیف سے کہا تو کیف کا قہقہ گونجا تھا تم جیسی لڑکی بھی کنفیوز ہو کر شرما سکتی ہے کیف نے دل کے سر پر چپٹ لگائی تو دل بھی ہنسی تھی ہبی جان اپ کی ہنسی کتنی پیاری ہے نا دل نے جلدی سے آگے بڑھتے کیف کے گالوں ہوا پنے لب رکھے اور جلدی سے پیچھے ہو کر بیٹھ گی کیف نے آنکھیں پھاڑے دل کو دیکھا جو اس کے ساتھ ہمشہ ایسے کرتی معصوم منہ بنا کے بیٹھ جاتی تھی اور اس کی جزبات بھڑکا کر پیچھے ہٹ جاتی تھی اور کیف کچھ بھی نہیں کر پاتا تھا ۔۔۔۔۔"""

اچھا ہبی جان مجھے نا اپ سے کچھ بات کرنی ہے ۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

ہاں بولو ۔۔۔۔

ہبی جان طہام کسی لڑکی کو پسند کرتا ہے تو مجھے اور آپ کو اس کے گھر رشتہ مانگنے جانا ہے اپ جایے گے نا ساتھ دل نے ڈرتے ہوے کہا

۔۔۔۔۔

کیا مطلب طہام کسی لڑکی کو پسند کرتا ہے اور میں کہی بھی نہیں جا رہا ابھی میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے ۔۔۔۔

لیکن ہبی جان میں نے اسے کہا تھا کے اپ مان جائے گے دل رونے والا منہ بناتے ہوئے کہنے لگی ۔۔۔۔۔

کیوں مان جاؤ میرا دل نہیں کر رہا ہے ابھی ۔۔۔۔۔

لیکن میں نے تو اسے اتنے دعوے سے کہا تھا کے اپ میری بات مان جائے گے لیکن اپ نے میری بات نہیں مانی طہام کے سامنے بے عزتی کروا دینی ہے میری دل اداس ہوتے ہوئے بولی ۔۔۔۔"""

ہاں یہ تو جانو اور طہام ابھی جاؤ یہاں سے مجھے آرام کرنا ہے کیف نے ڈانٹنے والے انداز میں کہا تو دل کی آنکھوں میں انسوائے آپ بہت برے ہے جائے مجھے آپ سے بات ہی نہیں کرنی دل یہ کہتے ہوئے اٹھ کر چلی گی تو کیف کو بتا تو لگا پھر سے جھٹک کر لیٹ گیا ---""

اتنے میں گل کمرے میں ائی دل نے گل کو دیکھا نہیں تھا گل کیف کے پاس اکر بیٹھی کیف مجھے اپ سے کچھ ضروری بات کرنی ہے------

ہاں گل بولو کیا بات ہے تمہیں طبیعت ٹھیک ہوئی تمہیں کل ڈر کیوں لگ رہا تھا----

ویسے ہی یہاں پر کوئی مجھے صحیح سے ٹریٹ نہیں کرتا ہے مجھے یہاں پر ڈر لگ رہا ہوتا ہے پلیز اپ جلدی سے میرے بابا کو ٹھیک کروا دینا تاکہ ہم اپنے گھر چلے جائیں گل نے روتے ہوئے کہا تب کیف نے گل کو اپنے سینے سے لگا یا کیا ہو گیا ہے تم رو تو مت نا انکل ٹھیک ہو جائیں گے دل جو دوبارہ سے کیف سے بات کرنے ائی تھی ایک دم سے دروازہ کھولے اس نے دیکھا کہ گل کیف کے سینے سے لگی ہوئی ہے دل کو دیکھتے ہوئے کیف نے جلدی سے گل کو الگ کیا اور ہڑبڑاتے ہوئے دل کو دیکھا دل تو اس منظر کو دیکھ کر اپنا دل چکنا چور ہوتے ہوئے محسوس ہوا تھا کہ جب وہ رو رہی تھی تو اس ے ہی جان نے اسے چپ نہیں کروایا تھا اور اب گل کو چپ کروا رہے ہے دل کی آنکھوں میں مزید انسوائے تو وہ دروازہ بند کرکے واپس چلی گئی------""""""

ویسے کیف اپ کی جو بیوی ہے بہت ہی نخرے والی ہے چھوٹی چھوٹی بات پہ رونا شروع کر دیتی ہے اب اتنی بھی کیا بات ہے پانچ سال آپ میرے پاس رہے ہیں تو اپ مجھے چپ تو کروا ہی سکتے ہیں اپنے سینے سے لگا ہی سکتے لیکن نہیں اسے تو یہ بھی برداشت نہیں ہوتا گل نے غصے سے کہا تو کیف نے گہرا سانس بھرتے ہوئے گل کو دیکھا-----------

نہیں وہ ایسی نہیں ہے وہ بہت پیاری ہے چھوٹے دل کی ہے نا معصوم سی ہے مجھے کسی کے ساتھ برداشت نہیں کرسکتی اس لیے شاید کیف نے اپنے خیالوں میں دل کا تصور لاتے ہوئے گل کو کہا تو کیف کو اتنے پیار سے دل کا ذکر کرتے دیکھ گل کا تو اندر باہر جل گیا تھا-------

ٹھیک ہے کیف اپ میرے بابا کو جلدی سے ٹھیک کروائیں اگر اپ کی بیوی کو نہیں اچھا لگتا کہ میں یہاں پر ہوں تو میں چلی جاؤں گی بس میرے بابا ٹھیک ہو جائیں یہ کہتے ہوئے گل نے اپنے انسو صاف کیے اور اٹھ کھڑی ہوئی گل کے لبوں پر ایک شریر سے مسکراہٹ تھی اور پھر اپنے قدم کمرے سے باہر لے گئی-------

NOVEL-E-MEHAR

نہیں نہیں میں ہوں ہی جان کو کبھی معاف نہیں کروں گی ہی بہت گندے ہیں امنہ کے پاس جاتی ہوئی دل چونکری مار کر بیٹھی تو امنہ نے اشاروں سے پوچھا کہ کیا ہوا ہے-------

کچھ نہیں امی مجھے کیا ہونا ہے اپ کا بیٹا مجھے بہت تنگ کیا ہوا ہے پتہ ہے میں رو رہی تھی انہوں نے مجھے چپ نہیں کروایا لیکن اس گل چڑیل کو چپ کروا رہے تھے وہ بھی اپنے سینے سے لگا کر میرا دل کر رہا تھا اس چڑیل کو مار دو دل روتے ہوئے کہنے لگی تو امنہ نے اپنی باہیں پھلائی کہ میرے سینے سے لگ جاؤں اور دل جلدی سے امنہ کے سینے سے لگ گئی--------

میرا بیٹا روتے نہیں ہیں وہ میں مہمان ہے نا اس لیے ایسا کر رہا ہے لیکن میرا بیٹا تو تم سے پیار کرتا ہے نا میں نے بچپن میں دیکھا تھا کتنا زیادہ پیار کرتا ہے تم سے تم اسے اپنے دل میں بد گمانی مت پیدا کرو امنہ اب کافی اچھے سے ٹھیک ہو چکی تھی اور صحیح سے بولنے لگ گئی بس تھوڑا سا چلنے میں مشکل ہوتی تھی-------

ہاں پیار تو مجھ سے کرتے ہیں لیکن ہمارے پیار کے بیچ وہ گل چڑیل اگئی ہے مجھے بالکل بھی برداشت نہیں ہوتی ہے-----

دوبارہ سے امنہ کے سینے سے لگتی ہوں بولی تو امنہ نے مسکراتے ہوئے نفی میں سر ہلایا انہیں پتہ تھا ان کا بیٹا بس گل کے ساتھ ہمدردی کا ہے لیکن پیارا بھی بھی دل سے ہی کرتا ہے لیکن ابھی دل سمجھ نہیں سکتی تو امنہ بھی چپ کر گئی------"""""

"""""--------------

میر جیسے ہی پولیس اسٹیشن میں داخل ہوا سب لوگ اسے دیکھنے لگے جو پھولوں کا گلدستہ لیے الباہا کے کیبن کی جانب جا رہا تھا----

یہ سر میر پھول کس نے لے کرائے ہیں میڈم لبابہ کے لیے یہ انہیں پتہ نہیں کہ وہ شادی شدہ ہیں پھر بھی ان کے لیے پھول لے ائے دو خولدار اپس میں باتیں کرتے ہوئے کہنے لگے تو دوسرے حوالدار نے کندھے اچکا دیے بھئی بڑے لوگ ہیں ہم کیا کہہ سکتے ہیں وہ جانے اور ان کا کام یا کہتے ہوئے دونوں حوالدار بھی اپنے کام بنا رہے ہے------

میر لبابہ کے پاس گیا تو لبابہ نے حیرانگی سے میر کے ہاتھوں میں پھول دیکھے یہ پھول اپ پولیس اسٹیشن میں کیوں لے ائے ہیں----

وہ میں نے سوچا کیوں نہ اپ کے لیے کچھ لے کر جائے تو مجھے پھول نظر ائے تو میں ایک پھول کے لیے پھول لے ایا ہوں میر میں بھی مسکراتے ہوئے ٹھرک پن جھارتے ہوئے لبابہ کے اگے پھول رکھے تو میر کی بات سنتے لبابہ کو ہنسی بھی ائی اور غصہ بھی ایا تھا-----

مسٹر میر مجھے لگتا ہے اپ کو پتہ نہیں کہ میں شادی شدہ ہوں لبابہ نے تنزیہ مسکراہٹ سے کہا تو میر کے لبوں پر بھی مسکراہٹ ائی۔۔۔۔

لیکن دیکھ کر تو بالکل نہیں لگتا اتنی پیاری ہے لیکن مجھے تو لگا تھا کہ اپ کا شوہر اپ کو چھوڑ کے جا چکا ہے اگر اپ دوسری شادی۔۔۔۔

سٹاپ اٹ مسٹر میر وہ مجھے چھوڑ کر گیا ہے مجھے طلاق نہیں ہوئی جو میں اپ سے شادی کر لوں اور ویسے بھی میں اپنے بیٹے کے ساتھ بہت خوش ہوں تو اپ اپنے یہ پھول اپنے پاس ہی رکھیے تو اچھی بات ہو گی اور ہم جس مشن کے لیے ایک ساتھ ہوئے ہیں اگر اس مشن پر ہم کام کریں تو بلیک شیڈو جلدی پکڑا جائے گا۔۔۔۔۔۔۔

لبابہ کی بات سنتے میر بھی مسکرایا تھا اسے ذرا بھی شرمندگی نہیں ہوئی تھی چلیں مس لبابہ اپ کی مرضی دیکھیں مجھے تو اپ پسند ائی تھی میں تو اپ پر تب تک لائن مارتا رہوں گا جب تک اپ میرے ہاتھ نہیں اجاتی۔۔۔۔۔

ویسے اپ جیسا ڈیٹھ انسان میں نے زندگی میں کبھی دیکھا نہیں ہے۔۔۔۔

میرے جیسا ڈھیٹ اس دنیا میں پیدا ہی نہیں ہوا تو اب دیکھیں گی کہاں سے میر نے اپنے سلکی اور گھنے بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا تو لبابہ اپنا سر پیٹ کر رہ گئی مسٹر میر اپ کا کچھ نہیں ہو سکتا ابھی فائل ہمیں ڈسکس کرنی ہے تو یہ پھول اٹھا کے ذرا سائیڈ پر رکھیں تو ہم ڈسکس کر لیں۔۔۔۔

جی جی ضرور لبابا کیوں نہیں اسی کام کرنے تو میں ایا ہوں میر لبابہ کو گہری نظروں سے دیکھتے ہوئے بولا تو لبابہ نے گہرا سانس بھرتے ہوئے فائل میر سے ڈسکس کرنا شروع کی۔۔۔۔۔۔۔""""

""""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دل نے جا کر طہام کو بتا دیا تھا کہ اس کا بھائی نہیں مان رہا دل کی بات سنتے طہام بھی منہ بنا کر بیٹھ گیا اور دل کی جانب دیکھنے لگا تم تو کہہ رہی تھی کہ بھئی تمہاری بات مان جائیں گے اب کیا ہوا کیوں نہیں مان رہے۔۔۔۔۔۔

مجھے نا باتیں لگانے کی ضرورت نہیں ہے تمہارے نا بھائی کا دماغ خراب ہے ٹھیک ہے نا جو میری بات نہیں مان رہے اب جب تک میری بات نہیں مانیں گے میں ان سے بات نہیں کروں گی ناراض ہوں میں ان سے دل بھی ضد بازی لگاتے ہوئے وہاں ہی بیٹھ گئی تو طہام دل ہی دل میں اب اپنے ڈر خوچڑیا سے ملنے کا انتظام کرنے لگا۔۔۔۔۔۔

دوسری جانب کیف اپنی ماں کے کمرے میں گیا تو امنہ نے اپنی باہیں پھیلادی کیف جلدی سے امنہ کی باہوں میں جا کر سما گیا نہ جانے کیوں کیف کو امنہ کے سینے سے لگتے ہی ایک سکون سا محسوس ہوتا تھا وہ جانتا تھا یہ اس کی ماں ہے اور وہ پوری کوشش بھی کر رہا تھا کہ اس کو اس کا ماضی بھی یاد آجائے لیکن اب فیحال یہ ناممکن تھا۔۔۔۔۔۔

تم مجھے بتاؤ نا تم میری بیٹی کو کیوں تنگ کرتے ہو کیوں اسے رلاتے ہو امنہ نے کیف سے بولا تو کیف نے دل ہی دل میں دل کو کوسا۔۔

نہیں ماما ایسی بات نہیں ہے میں اپ کی بیٹی کو نہیں رلاتا ہوں وہ ویسے ہی اپ سے شکایتیں کرنے اجاتی ہے وہ کہہ رہی تھی کہ طہام کسی لڑکی کو پسند کرتا ہے تو اس کے گھر جانا ہے لیکن میری طبیعت ٹھیک نہیں تھی میں نے منع کر دیا تو وہ ناراض ہو کر بیٹھ گئی تو میں نے منایا نہیں تو اب اس میں میرا کیا قصور ہے کیف نے امنہ کا ہاتھ پکڑا تو امنہ نے حیرانگی سے کیف کی جانب دیکھا کیا کہہ رہے ہو طہام کسی لڑکی کو پسند کرتا ہے اور رشتہ مانگنے جانا ہے لیکن دل نے تو میرے ساتھ کبھی ایسی کوئی بات نہیں کی۔۔۔۔۔۔

شاید اپ کی طبیعت خرابی کی وجہ سے بات نہ کی ہو اور اپ کے چھوٹے بیٹے کو زیادہ جلدی ہے نا شادی کرنے کی اسی لیے دل مجھ سے بات کرنے ائی تھی۔۔۔۔

وہ تو ٹھیک ہے کیف لیکن تمہیں گل کے ساتھ اتنا نہیں ملنا چاہیے تمہیں پتہ بھی ہے نا دل تمہاری بیوی ہے اور وہ تمہیں کسی کے ساتھ برداشت نہیں کر سکتی پھر تم کیوں اس کے سامنے گل کو زیادہ امپورٹنس دیتے ہو۔۔۔۔۔

ماما میں گل کے ساتھ پانچ سال رہا ہوں وہ میرے بہت اچھی دوست ہے اور ہماری شادی بھی ہونے والی تھی جب ایک لڑکی کی شادی والے دن ہی اس کی شادی نہ ہو تو اپ سمجھ سکتے ہیں نا کہ کتنا برا لگتا ہے تو اس لیے میں گل سے ذرا ہمدردی سے بات کرتا ہو لیکن دل ہے کہ وہ غلط مطلب لے جاتی ہے اور میں اسے سمجھا بھی نہیں سکتا نہ ہی وہ مجھے سمجھ سکتی ہے۔۔۔۔۔

اس سے پہلے کہ امنہ کچھ اور کہتی دل کمرے میں داخل ہوئی تھی لیکن امنہ کے پاس کیف کو بیٹھے دیکھ منہ بناتے ہوئے دوبارہ سے کمرے سے باہر جانے لگی۔۔۔۔

دل۔۔۔۔۔امنہ نے دل کو پکارا تو دل نے پیچھے مڑ کر امنہ کو دیکھا جی امی بولیں وہ مکمل کیف کو اگنور کر رہی تھی۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

کیف نے مجھے بتایا ہے کہ طہام کسی لڑکی کو پسند کرتا ہے اور تم اس جگہ رشتہ دیکھنے جارہے ہو مجھے بتایا تک نہیں امنہ نے تھوڑا ناراضگی سے کہا تو دل میں کیف کو گھورا انہیں کیا ضرورت تھی امی کو بتانے کی وہ بعد میں تو بتا سکتے تھے ابھی تو صرف تمنا سے ملنے جارہے تھے۔۔۔۔۔

نہیں امی اپ کے بغیر ہم رشتہ کیسے لے کر جاسکتے ہیں ہم صرف تمنا سے ملنے جارہے تھے دل نے امنہ کے پاس بیٹھتے ہوئے کہا تب طہام بھی کمرے میں داخل ہوا۔۔۔۔۔

ادھر اؤنا تم اوتم نے کیا نام لیا دل طہام کسے پسند کرتا ہے امنہ نے حیرانگی سے پوچھا۔۔۔۔

ماما اس کا نام تمنا ہے طہام نے تمنا کا نام لیتے ہوئے مسکرایا تو امنہ کے ہاتھ پاؤں کانپنے لگے تھے تمنا وہ کہاں رہتی ہے کون سی تمنا مطلب کہ تم تم کہاں کیسے ملے۔۔۔۔۔۔امنہ کو کچھ سمجھ نہیں ارہی تھی وہ طہام سے کیسے کنفرم کرے کہ یہ وہی تمنا ہے جسے امنہ نے اپنی بیٹی بنایا تھا پانچ سال ہو گئے تھے وہ تمنا سے ملی نہیں تھی اور ابھی وہ اس حالت میں نہیں تھی کہ وہ یہ یتیم خانے جاسکے تو کیا طہام جس لڑکی سے پیار کرتا ہے وہ اسی کی بیٹی تمنا تھی۔۔۔۔۔

ماما وہ دیکھ نہیں سکتی تو بس مجھے بچپن میں دل کی دوست تھی تو وہ مجھے سکول میں پسند اگئی تھی لیکن پانچ سال وہ غائب رہی اور جب وہ مجھے ملی تو اس کی انکھیں نہیں ہیں مطلب کہ وہ دیکھ نہیں سکتی تو بس میں شادی کرنا چاہتا ہوں میں اسے بہت محبت کرتا ہوں ماما پلیز منع مت کیجئے گا طہام امنہ کے پاس بیٹھتے ہوئے امنہ کے ہاتھ تھامتے ہوئے معصوم منہ بناتے ہوئے کہا تو امنہ صرف سر ہلا دیا۔۔۔۔۔

نہیں نہیں تمنا جو میرے بیٹی ہے ہیں وہ تو دیکھ سکتی تھی یہ دیکھ نہیں سکتی شاید کوئی اور تمنا ہو مجھے بھی میرے تمنا کی بہت یاد ارہی ہے اب جلدی سے ٹانگیں ٹھیک ہو جائیں میں خود یتیم خان نے اس سے ملنے کے لیے جاؤں گی امنہ گہرا سانس بڑھتے ہوئے مسکراتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔ تو ماما کیف بھائی نے منع کر دیا ہے کہ وہ میرے ساتھ نہیں جائیں گے

ماما انہیں کہہ رہا ہے کہ میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے تو نہیں جاؤں گا جس نے ناراض ہونا ہے وہ ہو جائے کیف دل کا منہ بنا دیکھ اٹھ کر باہر چلا گیا تو امنہ نے دونوں کو دیکھا کیوں تنگ کرتے ہو میرے بیٹے کو پتہ ہے کہ طبیعت نہیں ٹھیک پھر میں تنگ کرتے رہتے ہوں۔۔۔۔

ماما اپ بھی نا بہ بھائی کا ساتھ دیتی ہیں ہمیشہ جائیں میں نہیں اپ سے بولتا طہام بھی منہ بناتا ہوا اٹھ کر کمرے سے باہر چلا گیا تو دل نے اپنی بتیسی نکال کر امنہ کو دیکھا۔۔۔۔۔

امی میں تو معصوم ہوں میں نے کچھ نہیں کیا میں کچھ نہیں جانتی ہوں اور میں اپنے ہی جان سے ناراض ہوں جب تک وہ اب میرے ساتھ جائیں گے نہیں میں اسے بات نہیں کروں گی امنہ تو کچھ کہنے سے پہلے ہی دل پیر پٹکتے وہاں چلی گئی جبکہ امنہ اپنے تینوں بچوں کی ہٹ ڈرمی دیکھ کر حیران رہ گئی ان کا کچھ نہیں ہو سکتا خود ہی ٹھیک ہو جائیں گے اور امنہ کا دھیان پھر سے تمنا کی جانب چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔"""

"""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لبابہ کا اج پولیس اسٹیشن میں دل گھبرا رہا تھا اسی لیے اس نے سوچا تھوڑا باہر گھومتی رہے پولیس کی وردی پہنے ہی وہ ایک کھلے پارک میں چلی گئی جہاں پر لوگ اکا دکا ہی تھے ابھی وہ بینچ پر بیٹھنے ہی والی تھی کہ اس کی نظر ایک ادمی پر پڑی جس کی پشت لبابہ کی جانب تھی۔۔۔۔۔۔

لبابہ کو گمان ہوا کہ یہ راج ہی ہو سکتا ہے یہ سوچ ہی اس کی دھڑکنیں بڑھانے کے لیے کافی تھی لبابہ نے تھوک نگلتے ہوئے اپنے اپ کو نارمل کرتے ہوئے اپنے قدم اس ادمی کے جانب بڑھائے وہ جاننا چاہتی تھی کیا اس کا بیٹا ٹھیک کہہ رہا ہے اس کا باپ واپس اگیا ہے کیا اس کا راج واپس اگیا ہے۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

اس ادمی کے پاس پہنچتے ہوئے لبابہ نے ہمت کرتے ہوئے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا جیسے ہی اپنے کندھے پر کسی کا لمس محسوس ہوا تو راج کے لبوں پر مسکراہٹ ائی وہ کب سے لبابا کا پیچھا کر رہا تھا اور اسے اس پارک میں اتے دیکھ وہ وہاں کھڑا ہو گیا تھا وہ جانتا تھا لبابہ اس کے پاس ضرور ائے گی اور اس کا شک درست ثابت ہوا تھا۔۔۔

ہاتھ لگتے ہی راج نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو راج کو دیکھ کر لبابہ حیرانگی سے دو قدر پیچھے ہوئی تھی اس کا پورا جسم کانپنے لگا تھا پانچ سال اور دو مہینے بعد وہ راج کو اپنے سامنے اپنی انکھوں سے دیکھ رہی تھی لبابہ کی انکھوں کے پتلیاں جیسے ساقت سے ہو گئی تھی وہ یہی حال راج کا تھا وہ اپنی میڈم کو اتنی نزدیک سے کتنے ہی سالوں بعد دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

راج کو لبابہ کی وہ بات یاد آئی جب اس نے کہا تھا کہ وہ اس کا انتظار کرے گی ہاں لبابہ کی انکھیں صاف بتا رہی تھیں کہ اس نے راج کا کتنا انتظار کیا تھا۔۔۔۔۔

مگر راج اپنی میڈم کو اپنی روح کو اتنے سالوں بعد دیکھ رہا تھا وہ اسے وہ والی میڈم تو بالکل بھی نہیں لگی تھی جو پانچ سال پہلے ہوا کرتی تھی۔۔۔۔ راج کو لبابہ کی انکھوں میں کئی سوال نظر ائے تھے جس کے جواب شاید راج کے پاس نہیں تھے

تت۔۔۔تم۔۔۔۔رر۔۔۔اا۔اجج۔۔۔۔۔۔لبابہ کی زبان سے تو راج نام نکل ہی نہیں رہا تھا اٹکتے ہوئے اس نے راج کا نام لیا تو کئی انسو لبابہ کی انکھوں سے ٹوٹ کر زمین بوس ہوئے تھے وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی ایک دم سے راج اس کے سامنے اجائے گا کیا اللہ سے مانگی ہوئی دعائیں اس کے قبول ہو گئی تھی اس کے دل کا درد کیا کم ہونے والا تھا یا بھرنے والا تھا یہ تو انے والا وقت ہی بتائے گا لیکن ابھی اس کا راج اس کے سامنے تھا جس کا انتظار پانچ سالوں سے لبابا نے ہر گھڑی کیا تھا۔۔۔۔۔

میڈم۔۔۔۔۔۔۔۔راج نے جیسے ہی کہا لبابہ گھٹنوں کے بل زمین پر بیٹھی تھی اور پھوٹ پھوٹ کر روئی تھی نہیں نہیں ہو تمہاری میڈم کیوں ائے ہو دوبارہ سے میری زندگی میں بتاؤ کیوں ائے ہو اپنا جھکا سر کو اٹھا کر دھاریں مار مار کر روتے ہوئے اس نے راج سے پوچھا تو لبابہ کے یہ سوال راج کا دل چیر گئے تھے۔۔۔۔

اب کوئی بدلہ رہ گیا ہے تمہارے پاس جو تم میرے سے لینا چاہتے ہو بتاؤ مجھے کیوں واپس ائے ہو غصے سے اٹھتے ہوئے اس نے راج کا گریبان پکڑ کے اسے جنجوڑ کر پوچھا تو راج نے بھیگی انکھوں سے ربابہ کو دیکھا۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

نہیں نہیں میری تمنا مجھ سے الگ نہیں ہو سکتی اب جب مجھے یہ امید ہے کہ میری تمنا زندہ ہے تو میں اپنی تمنا کو ضرور ڈھونڈوں گا میری تمنا زندہ ہے وہ میرے اس پاس ہی کہیں ہو گی میں اسے ڈھونڈ لوں گا ضمار جلدی سے اپنے انسوں صاف کرتا ہوا وہاں سے اٹھا اور گاڑی میں بیٹھ کر دوبارہ سے گھر کی جانب چلا گیا۔۔۔۔۔""""

""""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بھائی۔۔۔۔۔۔۔دوسری جانب تمنا بھی کوئی خواب دیکھتے ہوئے اچانک سے اٹھی تھی اور زور سے اپنے بھائی کو پکارا تھا بھائی اپ کہاں چلے گئے ہیں کیا اپ کو اپنی گڑیا کی یاد نہیں اتی ہے اپ نے مجھے کیوں نہیں ڈھونڈا بھائی اٹھ سال ہو گئے ہیں ہمیں ایک دوسرے سے بچھڑے ہوئے میں اپ کو بہت یاد کرتی ہوں بھائی پلیز اپ اپنی گڑیا کو ڈھونڈ لیں نا کیا داید بھی اپنی دوست کو یاد نہیں کرتا کیا وہ اپنی دوست کو بھول گیا ہے تمنا داید کو یاد کرتے ہوئے اور اپنے بھائی کو یاد کرتی اس کی انکھوں سے انسو نکل گئے تھے اس نے اپنے ہاتھوں سے سائیڈ ٹیبل سے پانی کا جگ ٹٹولا اور ایک گلاس پانی گٹا گٹ پی گئی اس کا گلا خشک ہو رہا تھا۔۔۔۔۔""""

پتہ نہیں بھائی میں اپ سے کب ملوں گی کیا اپ مجھے کبھی پہچان پائیں گے میں اپ کے سامنے گئی تو کیونکہ میں تو کبھی اپ کو دیکھ نہیں سکوں گی بھائی اپ نے کیوں پولیس والوں سے مجھے نہیں بچایا تھا تمنا پھر سے روتے ہوئے لیٹ گئی لیکن اب اسے نیند کہاں انی تھی گہرا سانس بڑھتے ہوئے اٹھی اور فریش ہونے کے لیے چلی گئی۔۔۔۔۔""""

"""""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہبی جان اپ تیار ہو گئے دل کمرے میں اتے ہوئے کیف کو دیکھتے ہوئے بولی جس نے وائٹ کلر کی شلوار قمیض پہنی تھی۔۔۔۔۔

ہائے میں صدقے ہبی جان کتنے پیارے لگ رہے ہیں اپ کسی کی نظر نہ لگے دل کیف کی نظر اتارتے ہوئے بولے تو دل کی ایسی حرکتیں دے کر کیف کے لبوں پر مسکراہٹ ائی تمہارا کچھ نہیں ہو سکتا ہے دل۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

دل کیف کے پاس گئی اور اس کے گردن کے گرد باہیں ڈالیں میرا بہت کچھ ہو سکتا ہے ہبی جان لیکن اپ چاہتے ہی نہیں ہیں کچھ ہو دل نے انکھیں پٹپٹاتے ہوئے اتنی معصومیت سے بولا کہ کیف نے حیرانگی سے دل کی جانب دیکھا کبھی کبھی وہ ایسی بات کہہ جاتی تھی کہ کیف کچھ سمجھ نہیں اتا تھا وہ اس لڑکی کا کیا کریں۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے اگر تم چاہتی ہو کہ ہمارا کچھ ہو تو پھر اج رات کے لیے تیار ہے نا پھر ہمارا بہت کچھ ہو گا کیف نے دل کی کمر پکڑ کر اپنے نزدیک کیا تو کیف کی بات سنتے دل کا پورا چہرہ لال ہو گیا تھا۔۔۔۔

اوہو ہبی جان اپ پتہ نہیں بات کدھر کی کدھر لے جاتے ہیں میں نے وہ والی بات نہیں کی میں نے یہ بات کی ہے کہ میں چاہتی ہوں کہ طہام کی بھی شادی ہو جائے وہ بیچارہ اکیلا سنگل گھومتا رہتا ہے میرے پاس بھی ایک دیورانی اجائے تھورا سکون مجھے بھی مل جائے اسی لیے اپ پتہ نہیں کدھر بات لے جاتے ہیں اپنی کمر سے کیف کے ہاتھ ہٹاتے ہوئے بولی تو کیف نے نفی میں سر ہلایا اور اپنے بال سیٹ کرنے لگا۔۔۔۔۔۔

ویسے تو اپ مجھے دیکھتے تک نہیں اس گل کے سامنے مجھے ڈانٹ دیتے ہیں بے عزتی کر دیتے ہیں اور اکیلے میں بس پیار کرتے ہیں اس کے سامنے بھی پیار کیا کریں نا میرے ساتھ اسے بھی پتہ چلے کہ اپ میرے ہبی جان ہیں اور مجھ سے کتنا پیار کرتی ہے دل بھی اپنے الماری سے کپڑے لیتے ہوئے بولتے ہوئے چینجنگ روم میں چلی گئی جبکہ کیف بیچارہ منہ ہی بناتا رہ گیا کبھی خوش نہیں ہو سکتی ہو تم۔۔۔۔۔

اتنے میں گل بھی کمرے میں داخل ہوئی تو کیف کو دیکھ کر گل کا دل زوروں سے دھڑکا تھا وہ لگ ہی اتنا پیارا رہا تھا گل گہرا سانس بڑھتے ہوئے گل نے کیف کو دیکھا۔۔۔۔۔

کیف اپ بہت پیارے لگ رہے ہیں گل کیف کے پاس جاتے ہوئے بولی تب بھی اچانک دل چینجگ روم سے باہر نکلیں۔۔۔۔

میں نے تو پہلے ہی کہا تھا ہبی جان اللہ پاک نظر بد سے بچائے میرے ہبی جان کو لیکن لوگ پھر بھی نظر لگانے اجاتے ہیں تھوڑا دور ہو کر کھڑی ہوا کرو نا میرے ہبی جان سے تمہارا ہبی جان نہیں ہے وہ گل بھائی ہے تمہارا خیر بھائی سمجھ کر ان کے پاس اتی ہو تو مجھے کوئی مسئلہ """نہیں دل اپنی بتیسی دکھاتے ہوئے گل کو دیکھا تو گل کیف سے تھوڑا دور ہوئی۔۔۔۔۔۔۔

دل میں نے کیف کو کبھی بھائی نہیں سمجھا نہ ہی میں کبھی بھائی سمجھ سکتی ہوں میں کیف سے پیار۔۔۔۔۔

اوبی بی پیار ویار کچھ بھی نہیں ہوتا ٹھیک ہے نا پیار صرف اپنے شوہر سے ہوتا ہے ٹھیک ہے شادی سے پہلے پیار نہیں کرتے ورنہ بہت ساری مصیبتیں جھیلنی پڑ سکتی ہیں جیسے تمہیں جھیلنی پڑ رہی ہے کیونکہ تم میرے شوہر سے پیار کر بیٹھی ہو جو کہ تمہارا شوہر ہونے والا نہیں ہے اسی لیے کسی اور سے پیار کروں یا کسی اور سے شادی کرو تو اس سے پیار کرنا ٹھیک ہے شادی اس کے بعد والا پیار ٹھیک ہوتا ہے اور ابھی ہمیں بہت دیر ہو رہی ہے تو ابھی ہمیں جانا ہے ڈسٹرب مت کرو دل نان سٹاپ بولتی ہوئی کیف اور گل کو دونوں کو حیران کر گئی۔۔۔۔۔

ویسے کیف تمہاری بیوی کی زبان بہت چلتی ہے۔۔۔۔۔

ہبی جان کی بیوی کی زبان ہی نہیں اس کا دماغ بھی بہت چلتا ہے کسی دن دماغ چل گیا ہے نا تو اس گھر میں نظر نہیں اؤ گی چلیں ہبی جان میں تیار ہوں اپنے بال سیٹ کرتے ہوئے چھوٹے بالوں کو کھلا چھوڑے وہ کیف سے بولی تو کیف نے گل کو دیکھا کہ گل فلحال یہاں سے چلی جائیں کیف کا اشارہ سمجھتے ہوئے گل پیر پٹکتے ہوئے کمرے سے باہر چلی گئی۔۔۔۔۔۔

پتہ نہیں ہے کہاں کہاں سے لوگ اجاتے ہیں ڈورے ڈالنے میرے ہبی جان پر کہاں بھی تھا اتنے پیارے مت لگا کریں لوگ نظر لگا دیتے ہیں ادھر سے کاجل پکڑتے ہوئے کیف کے کان کے نیچے ٹکا لگایا تو کیف کا دل کیا قہقہ لگا کر ہنسا وہ بڑی تو ہو گئی تھی لیکن ابھی بھی حرکتیں اس کی بچوں والی ہی تھی۔۔۔۔۔

ایسے مت دیکھیں ہبی جان بچپن میں اپ بھی مجھے ایسے ہی لگایا کرتے ہیں ٹکا ٹھیک ہے اپ کو یاد نہیں لیکن مجھے ساری باتیں یاد ہیں اب میری باری ہے اپ کے ساتھ وہ سارے کام کرنے کے جو آپ بچپن میں میرے ساتھ کیا کرتے تھے۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے چلو گل کے ساتھ ایسی بد تمیزی کرتے دیکھ کیف نے ذرا اکتاہٹ بھرے لہجے میں کہا تو دل نے منہ بناتے ہوئے کیف کو دیکھا ان کی بہن کے ساتھ بتمیز کیا کر لی منہ ہی بنا لیتے ہیں دل دل ہی دل میں سوچتے ہوئے کیف کا ہاتھ پکڑے ہوئے باہر چلی گئی تو طہام پہلے ہی باہر تیار ہوا بیٹھا دونوں کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔۔۔

تم کدھر جا رہے ہو کیف نے طہام کو دیکھتے ہوئے بولا تو طہام نے کندھے اچکاتے ہوئے دل کی جانب دیکھا کیا مطلب میں کہاں جا رہا ہوں میں اپ دونوں کے ساتھ جا رہا ہوں نا اپ دونوں کو گھر کا نہیں پتہ تھا مجھے گھر کا پتہ ہے تو میں لے کے جاؤں گا نا اپ کو""""۔۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

کوئی ضرورت نہیں ہے تمیں جانے کی ہمیں گھر کا ایڈریس بتادو ہم چلے جائیں گے کیف نے کہا تو دل نے انکھیں پٹپٹاتے ہوئے اپنے ہبی جان کی جانب دیکھا۔۔۔۔۔

ہبی جان جانے دیے نا اس کا بھی دل کر رہا ہے اپنے پیار سے ملنے کا کیا پیار کرنے والوں کے دشمن بن جاتے ہیں۔۔۔۔۔

تم دونوں کا تو میں ہی دشمن ہوں کیف اپنے بازو دل کے ہاتھوں سے ہٹاتے ہوئے باہر چلا گیا تو طہام نے ہنستے ہوئے دل کی جانب دیکھا اور دونوں نے ایک دوسرے سے ہاتھ پر ہاتھ مارا چلو اب چلتے ہیں اور خبردار میرے دوست کو تنگ کیا تو طہام اور دل ایک دوسرے سے باتیں کرتے ہوئے چلے گئے طہام ڈرائیور کے ساتھ اگے بیٹھ گیا تھا اور کیف اور دل پیچھے بیٹھ گئے ۔۔۔۔۔۔۔

دل کبھی کیف کو ٹانگ پر چٹکی کر رہی تھی کبھی بازو پر چٹکی کاٹ رہی تھی۔۔۔

""دل باز اجاؤ کیا کر رہی ہو ہم گاڑی میں ہیں کیف ڈرائیور کی جانب دیکھتے ہوئے کہا جو اپنے ہی دھیان سے گاڑی چلا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

او ہو ایک تو ہبی جان اپ بھی کتنا ڈرتے ہیں کچھ نہیں ہوتا ہے شوہر ہیں اپ میرے اگر اپ کو میں تھوڑا چھیڑ لوں تو کوئی کچھ نہیں کہے گا۔۔۔۔

ویسے کتنی بے شرم ہو تم دل سب کے سامنے ایسے کوئی اپنے شوہر سے بات کرتا ہے سب کے سامنے چھیڑ رہی ہو تم مجھے۔۔۔۔۔

دل کو وہ بچپن والا یاد ایا جب اس کے ہبی جان اس کے لپس کے پاس اس تل کو اپنے لبوں سے چھوا کرتے تھے اور پھر وہ سین یاد آیا جب اس کے گال پر اپنے دانتوں سے نشان بنایا تھا کاش ہبی جان میرے پرانے والے ہبی جان بن جاتے پتہ نہیں کب اپ کی یاداشت واپس ائے گی اور اپ رومنٹک ہبی جان بنے گے ۔۔۔۔۔

ابھی تم نا چھوٹی ہو ٹھیک ہے نا ابھی تمہیں میں رومیٹنگ بن کے دکھایا نا تو لگ پتہ جائے گا تمہیں کیف نے بھی انکھیں دکھاتے ہوئے دل کو کہا تو دل بھی چپ کر کے بیٹھ گئی۔۔۔۔""""

""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Kiaff E DIL

Writer mahi shah

Episode 92 ❤️❤️

دل طہام کیف تمنا کے گھر پہنچ چکے تھے دروازے کے باہر کھڑے تھے جب طہام نے دروازہ کھٹکھٹایا تو عابد نے دروازہ کھولا اپنے سامنے تین لوگوں کو دیکھ کر عابد حیران ہوا۔۔۔۔

""۔۔۔۔۔۔ السلام علیکم انکل کیف نے احترام میں اتے ہوئے سلام کیا تو عابد نے ہاں میں سر ہلایا وعلیکم السلام بیٹا جی اپ کون انکل اپ مجھے تو جانتے ہیں نا میں طہام جو اس دن اپ کی بیٹی کو بارش میں اپ کے گھر چھوڑ کر گیا تھا یاد ایا اپ کو طہام کیف کے بولنے سے پہلے ہی بولا تو عابد نے گھور کر طہام کی جانب دیکھا۔۔۔۔۔

تم پھر اگے میں نے تمہیں منع کیا تھا نا کہ یہاں نہیں انا اور اب تم ان لوگوں کو لے کر اگے کون ہے یہ لوگ تھوڑا غصے سے کہا تو کیف نے طہام کو اشارہ کیا کہ وہ چپ کر جائے وہ بات کرے گا۔۔۔۔۔

انکل اندر انے دیں گے تا کہ ہم بیٹھ کر بات کر سکیں کیف نے کہا تو عابد کو کیف کچھ سمجھدار لگا تھا اس لیے عابد سائیڈ پر ہو گیا تو دل کیف اور طہام اندر چلے گئے عابد نے لاونچ میں بٹھایا تو شاہدہ ابھی وہاں پر اگئی۔۔۔۔۔

السلام علیکم انٹی دل نے شاہدہ کو سلام کیا تو شاہدہ نے حیرانگی سے سب کی جانب دیکھا۔۔۔۔

انٹی میں تمنا کی دوست ہوں دل تمنا مجھے اچھے سے جانتی ہے اور یہ میرے شوہر ہیں اور یہ میرا چھوٹا دیور ہے طہام اسے تو آپ جانتی ہوں گی نا شاہدہ نے طہام کی جانب دیکھا تو طہام نے اپنی بتیسی نکالی جبکہ کیف طہام کی ایسی حرکت دیکھ کر غصے سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

جی جی اپ بیٹھے میں اپ لوگوں کے لیے پانی لے کر اتی ہوں شاہدہ نے عابد کی طرف دیکھا تو عابد نے اشارہ کیا شاہدہ کچن کی جانب چلی گئی تو وہ تینوں وہاں پر بیٹھ گئے۔۔۔۔

جی اپ لوگوں کو کوئی کام تھا کیا۔۔۔۔۔

جی انکل بات دراصل یہ ہے کہ اپ کی جو بیٹی ہے تمنا وہ میری بیوی کی بچپن کی دوست ہے اور میرا چھوٹا بھائی ہے وہ اپ کی بیٹی کو پسند کرتا ہے تو ہم رشتہ۔۔۔۔۔

دیکھیں بیٹا۔۔۔

انکل کیف نام ہے میرا۔۔۔

جی کیف بیٹا دیکھیں اپ کے اس چھوٹے بھائی نے اپ کو بتادیا ہو گا کہ تمنا نے اس دن بھی اسے پہچاننے سے انکار کر دیا تھا لیکن یہ پھر سے اگیا ہے مجھے نہیں لگتا تو تمنا اسے جانتی ہے اور رہی بات اپ کی بیوی کے کہ وہ میری بیٹی کی دوست ہے اس کے بارے میں مجھے نہیں پتہ اور رہی بات رشتے کی تو ہم اپنی بیٹی کی شادی اپ کے چھوٹے بھائی سے بالکل بھی نہیں کر سکتے اتنے میں شاہدہ بھی پانی لے کر ائی تو ان کے اگے رکھ دیا۔۔۔۔

انکل کیوں نہیں شادی کر سکتے اپ اپنی بیٹی کی میرے ساتھ کیا کمی ہے خوبرو ہو خوبصورت ہوں پیارا ہوں پڑھا لکھا ہوں۔۔۔اس سے پہلے کہ طہام کچھ اور کہتا کیف نے اپنی کہنی طہام کے پیٹ پر ماری تھی کہ طہام کا منہ بند ہوا تھا سوری انکل اس کا منہ کچھ زیادہ ہی چلتا ہے طہام چپ کر کے بیٹھو میں بات کر رہا ہوں نا۔۔۔۔

بھائی دیکھیں ناوہ منع کر رہے ہیں۔۔۔۔۔

تمہاری انہی حرکتوں کی وجہ سے وہ منع کرتے چپ کر کے بیٹھو کیف نے کہا تو دل نے بھی انکھیں دکھائی کہ چپ کر کے بیٹھو تو طہام منہ پر انگلی رکھ کے بیٹھ گیا تو عابد نے غصے سے طہام کی طرف دیکھا۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

دیکھیں انکل اگر اپ ایک دفعہ اپنی بیٹی سے پوچھ لیں تو بہتر رہے گا ہمارے گھر میں ہماری بڑی امی ہیں لیکن ان کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں ہے اسی لیے وہ نہیں اسکی اگر اپ چاہتے ہیں تو ہم اپنی ماما کو لے کر اجائیں گے لیکن میرا چھوٹا بھائی اپ کی بیٹی کو بے حد پسند کرتا ہے تو اگر اپ اپنے بیٹی سے تھوڑی دیر کے لیے پوچھ لیں یا اسے بلا لیں تو بہتر رہے گا۔۔۔۔۔

جبکہ طہام اپنی نظریں پورے گھر میں دہرا رہا تھا کہیں سے تمنا نظر اجائے لیکن اسے تمنا کہیں بھی نظر نہیں ارہی تھی پھر سے منہ بنا کر بیٹھ گیا۔۔۔۔۔

دیکھیں اگر ابھی ہماری بیٹی نے اپ لوگوں کے سامنے انکار کر دیا تو پھر اپ لوگ ائندہ اس گھر میں نہیں ائیں گے عابد نے کہا تو کیف نے دل کی طرف دیکھا تو دل بھی پریشان ہوئی تھی ٹھیک ہے انکل اپ ایک دفعہ تمنا کو بلا لیں اگر اس نے منع کر دیا تو ہم کبھی اس گھر میں نہیں ائیں گے کیف نے کہا تو طہام نے حیرانگی سے اپنے بھائی کی جانب دیکھا۔۔۔۔۔۔

بھائی ایسے کیسے ہم اس گھر میں نہیں ائیں گے اگر تمنا نے انکار کیا تو میں دوبارہ سے اس گھر میں اوووگا زبردستی اٹھا کے لے کے جاؤں گا

------ طہام نے غصے میں اکے کہا تو عابد نے غصے سے طہام کی جانب دیکھا

اپنے چھوٹے بھائی کو سمجھالے خبردار میری بیٹی کے ساتھ زبردستی کرنے کی بھی کوشش کی ورنہ اس گھر سے اٹھا کر باہر پھینک دوں گا

عابد اتنے غصے سے کہا تو کیف نے پھر سے تھپڑ طہام کے کندھے پر مارا کتنی دفعہ کہا ہے اپنی زبان بندر کھا کرو لیکن نہیں اپنی زبان چلانی

ہوتی ہے------""

بھائی----

چپ کر جاؤ طہام بات کر رہے ہیں تمہارے بڑے بھائی تو کرنے دو نادل نے بھی زرا طہام کو گھور کر کہا تو طہام بھی منہ بنا کر بیٹھ گیا

شاہدہ اٹھ کر تمنا کہ کمرے میں گئی یہ تمنا ابھی ابھی فریش ہو کر نکلی تھی----

تمنا بیٹا----

جی امی تمنا نے ایک جگہ اپنی نظریں ٹکا کر شاہدہ کو بولا-----

بیٹا نیچے کچھ مہمان ائے ہیں ایک لڑکی ہے دل جو تمہاری بچپن کی دوست بتا رہی ہے اس کے ساتھ اس کا شوہر ہے اور اس کے ساتھ اس

کا چھوٹا دیور بھی ہے جو کہ تمہارے رشتے کے لیے ائے ہیں-----

جب کہ تمنا دل اور طہام کے بارے میں سن کر حیران ہوئی تھی دل کا تو سن کر خوش ہوئی تھی وہ بچپن کی دوست سے ملے گی لیکن

طہام----طہام کا سن کر تمنا نے اپنا خشک گلا تر کیا تھا وہ پھر سے اگیا کیا وہ اسے لے جائے گا سب کے سامنے-----

بیٹا تمہارے ابو نیچے بلا رہے ہیں مہمانوں کا کہنا ہے کہ اگر تم ان کے سامنے رشتے سے منع کر دوں کہ تو دوبارہ کبھی اس گھر میں نہیں ائیں

گے تو تمہارا کیا کہنا ہے کیا تم وہاں شادی-----

نہیں امی میں بالکل وہاں شادی نہیں کرنا چاہتی میں اس لڑکے سے شادی بالکل بھی نہیں کروں گی امی تمنا نے جلدی سے شاہدہ کا ہاتھ

پکڑ کر کہا تو شاہدہ پریشان ہوئی کے تمنا اتنا ڈر کیوں گئی ہے----

تمنا اگر تمہاری رضامندی نہیں ہوگی تو ہم تمہاری شادی وہاں پر نہیں کریں گے تم کیوں ڈر رہی ہو چلو اؤ میرے ساتھ ان مہمانوں کے

سامنے تم منع کروگی ٹھیک ہے تو پھر تمہاری شادی بالکل بھی نہیں ہوگی----

NOVEL-E-MEHAR

ٹھیک ہے امی میں ان کے سامنے منا کر دوں گی تمنا ڈرتے ہوئے شاہدہ کے ساتھ باہر گئی تو تمنا کو دیکھ کر دل حیران رہ گئی تھی سرخ رنگ کی شلوار قمیض پہنے سرخ رنگ کا ہی دوپٹہ سر پر لیے اپنے سنہری بال کھلے چھوڑے جو گیلے تھے نیلے رنگ کی انکھیں جواب دیکھ نہیں سکتی تھی سرخ وسفید رنگت پر اور بے حد جچ رہی تھی تمنا تو بچپن سے بھی زیادہ خوبصورت ہو گئی تھی۔۔۔

جبکہ طہام تو اپنی تمنا کو اس روپ میں دیکھ رہا اپنا دل تھام گیا تھا طہام نے اپنے دل پر ہاتھ رکھا تو عابد نے پھر سے طہام کی جانب دیکھا جو ۔۔۔۔ اس کی بیٹی کو گھور رہا تھا

ٹھر کی کہیں کا جب بھی میری بیٹی کی جانب دیکھتا ہے عجیب ہی لگتا ہے عابد کے اپنی طرف دیکھنے پر طہام نے مسکراتے ہوئے عابد کی جانب دیکھا تو عابد نے اپنا سر جھٹکا۔۔۔

اجاؤ میری بیٹی عابد نے اٹھ کر تمنا کو اپنے سامنے بٹھایا جبکہ تمنا تو دیکھ نہیں سکتی کہ سامنے کون کون بیٹھا ہے لیکن پھر بھی اسے طہام سے ڈر لگ رہا تھا۔۔۔۔

تمنا بیٹی تمہاری ماں نے بتایا ہوگا یہ لڑکی تمہیں اپنے بچپن کی دوست کہہ رہی ہے کیا نام بتایا تم نے۔۔۔

جی انکل میرا نام دل ہے اور تمنا مجھے اچھے سے جانتی ہے کیوں تمنا مجھے جانتی ہو نا دل نے پوچھا تو تمنا نے ہاں میں سر ہلایا جی ابو یہ میری بچپن کی دوست ہے دل ہم دونوں سکول میں اکٹھا پڑھا کرتی تھی ہم بہت اچھی دوست ہوا کرتی تھی تمنا نے مسکراتے ہوئے کہا تو دل نے شکر کیا کہ تمنا نے اسے پہچاننے سے انکار نہیں کیا۔۔۔۔

تو بیٹا یہ تمہارا رشتہ مانگنے ائے ہیں طہام کے لیے کیا تم طہام کو جانتی ہو اور طہام سے شادی کرنا چاہتی ہو۔۔۔۔

طہام نے دھڑکتا دل کے ساتھ تمنا کو دیکھا جو انکھیں پٹپٹاتے ہوئے ایک جگہ کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

نہیں ابو میں طہام سے شادی نہیں کرنا چاہتی ہوں تمنا نے جیسے ہی کہا طہام نے غصے سے ضبط سے اپنی مٹھیاں میچی تھی جبکہ دل نے اپنے ماتھے پر تھپڑ مارا اف تمنا کیا کر دیا تم نے دل نے طہام کی جانب دیکھا جس کا چہرہ سرخ ہو رہا تھا جب کے کیف نے بھی طہام کی جانب دیکھا اور طہام کا سرخ چہرہ دیکھ کر حیران تھا کہ اسے اتنا غصہ ایا ہے۔۔۔۔

بیٹا تم ایک دفعہ سوچ لو تم شادی۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

ابو میں نے سوچ لیے ہیں میں کسی سے شادی نہیں کروں گی کیونکہ میں دیکھ نہیں سکتی تو میں کسی پر بوجھ نہیں بننا چاہتی بس میں نے جو کہنا تھا وہ کہہ دیا تمنا کسی کی بات سنے بغیر اٹھ کر اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔۔۔

جبکہ کیف حیران تھا کہ تمنا دیکھ نہیں سکتی اس کے لیے اس کا بھائی مرا جا رہا ہے اس لڑکی سے پیار کرتا ہے اس کا بھائی۔۔۔۔

تو کیف بیٹا اپ نے سن لیا کہ میری بیٹی کسی سے شادی نہیں کرنا چاہتی ہے تو اب اس سے اچھا ہو گا کہ اپ دوبارہ سے ہمارے گھر مت ایئے گا۔۔۔۔۔

انکل میں ایک دفعہ تمنا سے ملنا چاہتا ہوں طہام نے کہا تو عابد نے غصے سے طہام کی جانب دیکھا تمہیں زیادہ ہی گرمی نہیں چڑھ رہی بیٹا جب میری بیٹی منع کر چکی ہے تو کیا بات کرنی ہے تم نے تم سے بات بھی نہیں کرنا چاہتی عابد کو ایک انکھ نہیں بھا رہا تھا طہام

۔۔۔۔۔۔۔۔

انکل کیا میں ایک دفعہ تمنا سے مل سکتی ہوں دل نے کہا تو عابد نے ہاں میں سر ہلایا تم میری بیٹی کے بچپن کی دوست اس نے تمہیں ملنے دے رہا ہوں دل نے طہام کی طرف دیکھ کر انکھوں ہی انکھوں سے اشارہ کیا اور اٹھ کر تمنا سے کمرے میں چلی گئی۔۔۔۔۔""""""

تمنا۔۔۔۔دل نے تمنا کو پکارا تو تمنا نے پیچھے مڑ کر دیکھا۔۔۔

دل۔۔۔۔تمنا نے بھی دل کو پکارا تو دل جلدی سے جا کر تمنا کے گلے لگی تھی اور کئی انسو دل کے انکھوں سے نکلے تھے تمنا بھی رو رہی تھی۔۔

NOVEL-E-MEHAR

تمنا تم کہاں چلی گئی تھی میں نے تمہیں کہاں کہاں نہیں ڈھونڈا یتیم خانے گئی تھی تو وہاں سے پتہ چلا کہ وہ تو کسی نے جلا دیا ہے اور دہشت گرد وہاں پر حملہ کیا تھا تو وہاں پر کئی بچوں کو وہ اٹھا کر لے گئے ہیں ہمیں لگا کہ شاید تم نے بھی۔۔۔۔۔دل نے اپنی بات ادھوری چھوڑی تو تمنا دل سے الگ ہوئی۔۔۔۔۔

نہیں دل وہ مجھے لے کر نہیں گئے تھے میں وہاں سے بھاگ گئی تھی اور اس کے بعد میرا ایکسیڈنٹ ہوا تو امی ابو مجھے اپنے گھر لے ائے تھے اور میں اس ایکسیڈنٹ کے بعد دیکھ نہیں سکتی تھی دل نے تمنا کو پکڑ کر بیڈ پر بٹھایا اس کا ہاتھ تھام لیا۔۔۔

تمنا تمہیں میں نے بہت یاد کیا میں بہت شکر گزار ہوں اللہ پاک کا کہ اللہ نے تمہیں ہم سے دوبارہ ملا دیا لیکن دل میں یہ سمجھ نہیں پا رہی ہوں تم طہام کو پہچاننے سے انکار کیوں کر رہی ہو وہ تم سے محبت کرتا ہے بچپن سے محبت کرتا ہے اور تم سے شادی کرنا چاہتا ہے پھر کیوں-----

دل کی بات سنتے تمنا نے گہرا سانس بھرا دل بات وہ نہیں ہے کہ میں طہام کو پہچانتی نہیں ہوں میں طہام کو پہچانتی ہوں اچھے سے جانتی ہوں اور یہ میں بھی جانتی ہوں طہام مجھے بچپن سے پسند کرتا ہے کیونکہ طہام مجھے بھی پسند تھا لیکن میں طہام سے شادی نہیں کرنا چاہتی تم مجھے دیکھ رہی ہو لیکن میں کسی کو دیکھ نہیں پاتی ہوں دل اور میں کسی سے شادی نہیں کرنا چاہتی میں طہام پر سے کیا میں کسی پر بھی بوجھ نہیں بننا چاہتی میں اپنی امی ابو پر بوجھ ہوں میں جانتی ہوں لیکن-----

لیکن تمنا تم یہ کیسے کہہ سکتی ہو کہ تم طہام پر بوجھ بنو گی تم کیسے یہ سوچ سکتی ہو وہ تم سے پیار کرتا ہے تمنا اور جب کوئی کسی سے پیار کرتا ہے تو اس کی تمام تر خامیوں کے ساتھ اسے قبول کرنا پڑتا ہے اور طہام تمہیں تمہاری اس خامی کے ساتھ قبول کر رہے پھر کیا مسئلہ ہے تمہیں دل کو تو تمنا پر غصہ ار ہا تھا جو اس کی بات سمجھ ہی نہیں رہی تھی----

دل وہ نا طہام مجھے ڈراتا بھی بہت ہے نا وہ مجھے کہتے ہیں مجھے اٹھا کے لے جائے گا اور مجھے اپنے پاس قید کر لے گا مجھے اس کی اسی باتوں سے ڈر لگتا ہے اس نے مجھے قید کر لیا تو تمنا نے اتنی معصومت سے کہا کہ دل کا دل کیا کہ وہ طہام کا گلا دبا دے دیکھو اتنی معصوم لڑکی کو ڈرا کر رکھتا ہے-----

تو اصل وجہ یہ ہے کہ تم طہام سے ڈر رہی ہو----

ہاں دل لیکن اس کا پیار بہت جنونی ہے میں تو معصوم ہوں نا وہ ڈراتا ہے مجھے اسے منع کیا کرو نا مجھے مت ڈرایا کرے اس لیے میں نے منع کر دیا اور میں اس سے شادی نہیں کروں گی-----

تمنا یہ تو تمہاری غلطی ہے نا دیکھو وہ تمہارے پیچھے پاگل ہے اور پاگل تو کسی کو بھی ڈراتے ہیں تو تم اس کے ساتھ شادی کرنے کے لیے مان جاتی نا تو پھر وہ تمہیں نہ ڈراتا اب تم نے پھر اس کے سامنے شادی کرنا سے منع کر دیا ہے تم نہیں دیکھ سکتی کہ میں دیکھا ہے کہ وہ کتنے غصے سے تمہیں دیکھ رہا تھا اس کا دل کر رہا تو تمہیں اٹھا کے لے جائے لیکن وہ میں تھی جس نے منع کر دیا ہے-----

NOVEL-E-MEHAR

دل کی باتیں سن کر تمنامزید ڈری تھی اس نے جلدی سے دل کا ہاتھ پکڑا دل تم طہام کو سمجھاؤں ناوہ مجھے اٹھا کر نہ لے کے دے مجھے بہت ڈر لگتا ہے اگر اس نے مجھے مار دیا تو۔۔۔۔۔

پاگل ہو گئی ہو تمنا وہ تمہیں کیوں مرے گا اب تو وہ تم سے ملنے ضرور ائے گا اور تم نے جو منع کیا ہے نا اس کا بدلہ بھی لے گا تمہیں منع کرنا کتنا مہنگا پڑے گا یہ میں نہیں کہہ سکتی لیکن اب تم خود اپنے گھر والوں کو بولو گی تمہیں طہام سے شادی کرنی ہے۔۔۔

۔۔۔ نہیں میں اپنے گھر والوں کو نہیں بولوں گی امی ابو کیا سوچی میرے بارے میں

اب جو بھی سوچیں گے وہ تمیں سوچنا چاہیے تھا ابھی میں جاتی ہوں ہبی جان اور طہام انتظار کر رہے ہے کہ مجھے جانا ہے اور امید کرتی ہوں کہ ایک دو دن تک خبر ائے گی کہ تم شادی کے لیے مان گئی ہو دل بھی ہنستے ہوئے کہا تو تمنا نے منہ بنا کر دل کو دیکھا تم میری دوستوں ہو یا طہام کی دوست ہو تم۔۔۔

میری جان میں تمہاری دوست ہوں اور تم ایک دفعہ میرے گھر ائی نا دیکھنا ہم کتنا مزہ کریں گے میں تو خود چاہتی ہوں تم میرے گھر اجاؤ لیکن تم خود ہی نہیں انا چاہتی ہو میں تو اس معاملے میں طہام کے ساتھ ہی ہوں تمہیں اپنے گھر لانا چاہتی ہوں دل نے تمنا کے نرم و نازک گال کھینچے تو تمنا نے اپنے لب باہر نکال لئے تم بھی جاؤ میں تم سے بات نہیں کرتی ہوں۔۔۔۔۔۔

اب میں نہیں طہام تم سے بات کرے گا اچھا میں چلتی ہوں دل نے جلدی سے تمنا کی گال پر لب رکھے تو تمنا کا چہرہ لال ہوا تھا۔۔۔

تمنا تم ابھی بھی بچپن کی طرح شرماتی ہو میں لڑکی ہوں لڑکا نہیں ہوں جس کے کس کرنے پر تم شرما رہے ہو۔۔۔۔۔

بس بھی کرو دل نہیں کرو نا مجھے شرم ارہی ہے تمنا اتنے سالوں بعد اپنی دوست سے مل کر تو کھل سی گئی تھی اس کے چہرے سے مسکراہٹ جا ہی نہیں رہی تھی۔۔۔۔

اچھا اچھا ٹھیک ہے اب نہیں کرتی ابھی میں جاتی ہوں ٹھیک ہے دل یہ کہتے ہوئے باہر چلی گئی تو طہام ابھی بھی اپنے ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ میں پھنسائے نظریں جھکائے سوچوں میں گم تھا۔۔۔

مل ائی ہو تم اپنی دوست سے شاہدہ نے کہا تو دل نے ہاں میں سر ہلایا جی انٹی میں مل ائی ہوں ابھی ہم چلتے ہیں دل نے کہا تو کیف اور طہام اٹھ کھڑے ہوئے۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

امید کرتا ہوں کہ ائندہ تم لوگ ایسے ہمارے گھر اؤ گے ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہو گا لیکن رشتے کے لئے ہمارے گھر مت آیئے گا عابد نے کہا تو طہام کا بس نہیں چل رہا تھا اور وہ اس انکل کا کچھ کر دے طہام بھی نہ کچھ کہ کہیں باہر چلا گیا جبکہ کیف نے گہرا سانس بھرتے ہوئے عابد کو دیکھا جی انکل ہم دوبارہ ائیں گے لیکن دل کی دوست سے ملنے کے لیے۔۔۔۔۔

ویسے تمہارا چھوٹا بھائی بہت اکڑو ہے غصے والا اسے سمجھاؤ گرم خون ہے اتنی جلدی گرم نہ ہوا کریں عابد نے کہا تو کیف نے سر ہلایا تو دل اور کیف وہاں سے چلے گئے۔۔۔۔

ویسے لوگ تو کافی اچھے لگ رہے تھے پتا نہیں تمنا نے کیوں منع کر دیا شاہدہ نے کہا تو عابد نے شاہدہ کی جانب دیکھا جب تک میری بیٹی راضی نہیں ہو گی اس کی شادی کہیں نہیں ہو گی عابد بھی تمنا کو کہیں نہیں دینا چاہتا تھا اب وہ اس لیے اکلوتی اولاد تھی اس کے بغیر تو گھر سونا ہو جانا تھا عابد نے کہا تو کمرے میں چلا گیا جب کہ شاہدہ بھی کچن میں چلی گئی۔۔۔۔۔

"""""ـــــــــــــــــــــــــــــــــــ

جب سے دل طہام کیف تمنا کے گھر گئے تھے امنہ کا بے حد دل کر رہا تھا وہ عالم کا حال چال پوچھیں اپنے کمرے میں چکر لگاتے ہوئے وہ مسلسل سوچ رہی تھی کہ وہ عالم سے ملنے جائیں گہرا سانس بھرتے ہوئے اس نے کچن کی جانب قدم بڑھائے اور عالم کے لیے چائے بنانے لگی۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

پانچ منٹ کے اندر اندر اس نے عالم کے لیے چائے بنائی اور کپ میں ڈال کر عالم کے کمرے کی طرف بڑھی گل بھی اپنے کمرے میں سوئی ہوئی تھی امنہ نے دروازہ کھٹکھٹایا تو عالم نے اجازت دی عالم کے اجازت دینے پر امنہ کمرے کے اندر گئی اپنے کمرے میں سامنے امنہ کو دیکھے عالم ہر بڑھاتے ہوئے سیدھے بیٹھا تھا۔۔۔۔۔

اا۔۔مم۔۔امنہ۔۔۔۔تم۔۔۔۔عالم نے امنہ کو دیکھتے کہا تو عالم کو اٹکتے ہوئے دیکھ امنہ کے لبوں پر مسکراہٹ ائی تھی کیوں میں تمہارے کمرے میں نہیں اسکتی ہوں کیا نہ چاہتے ہوئے بھی امنہ کے لہجے میں نمی ائی تھی اس نے اپنے اپ کو رونے پر بہت کنٹرول کیا تھا لیکن پھر بھی عالم نے اس کے لہجے میں نمی محسوس کی تو اس کے دل میں درد محسوس ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

کیوں نہیں امنہ اؤ اندر اؤ بیٹھو اتنے سالوں بعد ہم ملے ہیں تو ہم باتیں تو کر ہی سکتے ہیں نا امنہ نے ٹیبل پر ٹرے رکھی اور خود بھی عالم کے پاس چیئر کرتی ہوئی اس پر بیٹھ گئی۔۔۔۔

میں نے سوچا شاید تمہیں چائے پینے کے طلب ہو رہی ہو تو اسی لیے میں تمہارے لیے چائے بنا کر لے ائی ہوں نہ جانے کیوں امنہ کو اج بھی عالم سے شرم محسوس ہو رہی تھی وہ نظریں جھکائے عالم سے بول رہی تھی جبکہ امنہ کو سالوں پہلے والی امنہ کی طرح دیکھتے عالم کے لبوں پر بھی مسکراہٹ ائی۔۔۔۔۔۔۔

تمہارا شرمانا ابھی تک نہیں گیا ناامنہ ویسی کی ویسی ہی ہو تم عالم نے بھی اذیت بر لہجے میں کہا تو امنہ نے جھٹکے سے سر اٹھا کر عالم کی جانب دیکھا امنہ کی انکھوں سے انسو نکلے تھے۔۔۔۔۔

نہیں عالم میں ویسے کی ویسی تو نہیں ہوں بہت بدل گئی ہوں دیکھو بوڑھی بھی ہو گئی ہوں اب تو پہلے جیسے ہی خوبصورت بھی نہیں ہوں ایک بچے کی ماں بھی ہوں پہلے جیسے تو نہیں رہی ناامنہ نے بھی اپنے لبوں پر اذیت بھری مسکراہٹ لاتے ہوئے کہا تو عالم نے نفی میں سر ہلایا۔۔۔۔۔۔

مجھے تو اج بھی اتنی ہی خوبصورت لگ رہی ہو جتنے سالوں پہلے لگتی تھی عالم نے چائے کا کپ اٹھاتے ہوئے پیتے ہوئے کہا تو اس نے حیرانگی سے امنہ کی جانب دیکھا تمہیں اج بھی یاد ہے کہ میں کم چینی والی چائے پیتا ہوں۔۔۔۔۔

جن سے محبت کی جائے نا ان کی باتیں بھلائی نہیں جاتی ہیں عالم اور یہ تو عام سی بات ہے کہ تم کم چینی ہونے چائے پیتے ہو اس لیے میں نے بنا لی امنہ نے بھی چائے اٹھا کر پینے شروع کی۔۔۔۔۔

ویسے اتنے سالوں میں تم بھی نہیں بدلے عالم ویسے کی ویسی ہی ہو پیار بھرے لہجے سے بات کرنے والے امنہ نے بھی کہا تھا عالم مسکرایا تھا تم نہیں بدلی تو میں کیسے بدل سکتا ہوں۔۔۔۔۔

کیا تمہارا بھائی تم سے ملتا ہے کیا زندہ ہے وہ عالم نے ہچکچاتے ہوئے پوچھا تو امنہ نے ہاں میں سر ہلایا لیکن میں نہیں ملتی ان سے نہ ہی مجھے ان سے کوئی مطلب ہے امنہ نے اپنے لہجے میں اکرم کے لیے نفرت لاتے ہوئے کہا تو عالم نے گہرا سانس بھرا جو بھی ہو ہے تو تمہارا بھائی نہ ہے۔۔۔۔۔۔

سگا بھائی ہوتا تو ہمارا ساتھ کبھی ایسا نہ کرتا اور نازلی۔۔۔۔۔

اس سے پہلے کہ اکرم کچھ کہتا گل کمرے میں داخل ہوئی تھی۔۔۔

انٹی اپ یہاں گل حیرانگی سے امنہ کو اپنے باپ کے ساتھ باتیں کرتا دیکھ بولی۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

ہاں وہ بیٹا میں وہ۔۔۔۔۔۔

میں نے ہی انہیں کہا تھا کہ میرے لیے ایک کپ چائے بنا کر لے چائے پینے کی طلب ہو رہی تھی تم سوئی ہوئی تھی تو اسی لیے۔۔۔۔

او اچھا بابا تو اپ مجھے کہہ دیتے میں چائے بنا لیتی ہوں اپ نے انٹی کو کیوں زحمت دی انٹی کی اپنی طبیعت ٹھیک نہیں رہتی ہے گل نے کہا تو امنہ نے نفی میں سر ہلائے نہیں نہیں بیٹا ایسی بات نہیں ہے بس میں نے سوچا مہمان ہے تو خدمت کی جائے امنہ نہیں ہچکچاتے ہوئے کہا تو وہ اپنا چائے کا کپ وہاں ہی چھوڑیں باہر چلی گئی۔۔۔۔۔

بابا اپ کو طبیعت تو ٹھیک ہے نا۔۔۔۔

ہاں ہاں میری جان میں بالکل ٹھیک ہوں یہاں پر مجھے سب کچھ مل رہا ہے تو میں کیسے ٹھیک نہیں ہوں گا تم بتاؤ تم کیسی ہو نیند پوری ہو گئی میری بیٹی کی عالم نے چھپکے سے اپنا کپ دوبارہ رکھا اور امنہ کی چائے کا کپ اٹھا کر پینے لگا گل کو تو اس بات کا احساس بھی نہیں ہوا تھا جب کہ وہ تیز چینی والی چائے بھی اج عالم کو بے انتہا مزیدار لگی تھی۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔ اچھا بابا اپ کیا کھائیں گے میں اپ کے لیے بنا کر لے کے جاتی ہوں

نہیں بیٹا ابھی تو میرا کچھ بھی کھانے کو دل نہیں کر رہا ابھی میں نے چائے پی ہے ابھی میں یہی ہضم کر لوں تو بہت بڑی بات ہو گی۔۔۔۔

اچھا بابا جب بھی اپ کو اچھی چیز کی ضرورت ہو تو مجھے کہا کریں ٹھیک ہے نا ابھی مجھے بہت بھوک لگ رہی ہے میں اپنے لیے کچھ بنانے کے لیے جا رہی ہوں گل یہ کہہ کر چلی گئی تو عالم ارام سکون سے امنہ والی چائے پینے لگا تم آج بھی ویسی ہی ہو میری امنہ۔۔۔۔۔ """

"""""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ضمار یتیم خانے سے اتے ہوئے گھر میں داخل ہوا تو لاونج میں ہی عرشیہ اور داید بیٹھے ہوئے تھے ضمار کو تھکا ہارا دیکھ اس کے چہرے پر پریشانی دیکھ داید حیران ہوا تھا جبکہ عرشیہ کو تو پتہ تھا وہ کدھر گیا ہے۔۔۔۔۔

ضمار تم ٹھیک تو ہو نا داید نے اسے پکڑا اور صوفے پر بٹھایا جبکہ ضمار اپنا سر کے بال پکڑتے ہوئے سر جھکا گیا نہیں نہیں وہ پھر مجھ سے دور ہو گئی ہے داید میں نے اسے ڈھونڈا لیکن پھر مجھ سے دور ہو گئی ہے وہ کیوں نہیں مجھے ملتی ہے ضمار اپنے بال جکڑتے ہوئے بولنا تو داید نے حیرانگی سے ضمار کی جانب دیکھا۔۔۔۔۔

کیا مطلب ضمار کون دور ہو گئی ہے تم کس کی بات کر رہی ہو کیا لبابہ نے دوبارہ کچھ کہا۔۔۔۔۔

نہیں نہیں دایدمیں لبابہ کی بات نہیں کر رہامیں تمنا کی بات کر رہاہوں ضمار نے سر اٹھا کر دایدکی جانب دیکھ کر کہا جبکہ تمنا کا ذکر سن کر عرشیہ نے اپنے دھڑکتے دل کے ساتھ دایدکی جانب دیکھا۔۔۔۔

مجھے کچھ بھی سمجھ میں نہیں ارہاہے ضمار تم کس کی بات کر رہے ہو تمنا کیا مطلب تمنا کہاں ہے تمنااور تم ڈھونڈ کیوں رہے ہو وہ تو۔۔۔۔۔

نہیں دایدوہ مری نہیں ہے وہ زندہ ہے میری تمنازندہ ہے ضمار سسکتے ہوئے بولا جبکہ دایدکادل عجیب ساہورہاتھااور دوسری جانب عرشیہ یک تک دائد کے چہرے کی جانب دیکھ رہی تھی کہ وہ کیاری ایکشن دے گا۔۔۔۔۔۔

لیکن ضمار تمہیں کیسے پتہ وہ زندہ ہے۔۔۔۔

یہ یہ دیکھو یہ بریسلٹ تمہیں یاد ہے جب جب میں نے تمنا کو بریسلٹ بنا کے دیا تھا تو تمنا کو کتنا پسند ایا تھااور تم نے بھی تعریف کی تھی کہ ضمار تم اپنی بہن کے لیے اتنا پیارا بریسلیٹ بنایاہے ضمار نے ہاتھوں میں پکڑا بریسلٹ دایدکے سامنے کیا تو دایدنے کپکپاتے ہاتھوں سے وہ بریسلیٹ لیا تھا جس کو تمنا بڑے شوق سے دایدکو دکھانے ائی تھی۔۔۔۔۔

ہاں یہ وہیں بریسلٹ ہے لیکن تمہیں کہاں سے ملا۔۔۔۔

جب پانچ سال پہلے میں امید کو یتیم خان نے چھوڑنے گیا تھا تو وہاں پر پتہ ہے امید کو کس نے بچایا تھا ان گنڈوں سے تمنا نے بچایا تھا ہاں میری تمنا نے بچایا تھا جس کمرے سے مجھے امید بے ہوش ملی تھی اس کمرے میں میری تمنا بھی تھی لیکن میں اسے نہیں ڈھونڈ پایا دایدصرف امید کو لے کر واپس اگیا اور تمنا نے نہ جانے کس حیال کے تحت اپنے ہاتھوں سے یہ بریسلٹ اتار کر امید کو دے دیا اور یہ تو کل عرشیہ نے امید کو پہنایا تو مجھے پتہ چلا ورنہ مجھے کہاں پتہ چلنا تھا ضمار نے عرشیہ کو دیکھا جو کہ بالکل ساری باتوں کو اگنور کیا بس دایدکو دیکھتی جارہی تھی دایدنے بھی عرشیہ کو دیکھا۔۔۔۔۔

جبکہ دایدبالکل خاموش ہو گیا تھا اس نے وہ بریسلٹ ضمار کو دیا اور خاموشی سے ایک جگہ کو یک تک دیکھنے لگا کیا واقعی تمنازندہ ہے اگر تمنا زندہ ہے تو وہ مجھے مل گئی تو۔۔۔۔۔

عرشیہ ابھی بھی دایدکو دیکھ رہی تھی جس کے چہرے پر کسی قسم کے تاثرات نہیں تھے وہ بالکل خاموش ہو چکا تھا ضمار باتیں کرتا جا رہا تھا لیکن دایدنے اس کے باتوں کا کوئی جواب نہیں دیا۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

داید کیا ہوا ہے تم بول کیوں رہے ہو نہیں رہے ہو میں تو تم سے اتنی باتیں کی ہیں ضمار نے اسے اس کی ٹانگ پکڑ کر ہلائی لیکن داید گہرا سانس بڑھتے ہوئے بغیر ک

لیکن داید گہرا سانس بڑھتے ہوئے بغیر کچھ ہوئے بغیر کچھ کہیں اٹھ کر اپنے کمرے کی جانب چلا گیا عرشیہ کی تو جان جا رہی تھی داید کی خاموشی سے اس کا دل زوروں سے دھڑک رہا تھا اس سے داید کی خاموشی پریشانی میں مبتلا کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

زمار داید کو پتہ چل گیا کے تمنا زندہ ہے اگر وہ مجھ سے دور ہو گیا تو عرشیہ نے اپنا شک ضمار کے اگے رکھا تو ضمار نے غصے سے عرشہ کی جانب دیکھا کیسی باتیں کر رہی ہو تم عرشیہ داید ایسا بالکل بھی نہیں ہے اور تم لوگوں کی شادی ہوئی ہے سمجھ ائی نکاح ہوا ہے تم دونوں کی درمیان ایسے کیسے داید تمیں چھوڑ دے گا اگر اس نے ایسا کیا تو میرے ہاتھو اس کا قتل ہو گا کیونکہ جتنا وہ مجھے عزیز ہے اتنی ہی تم مجھے عزیز ہو اور تمہارا دل میں اتنی جلدی ٹوٹنے نہیں دوں گا اور رہی بات تمنا کی تو میں تب اسے ڈھونڈ کر ہی رہوں گا یہ کہتے ہوئے ضمار بھی اٹھ کر چلا گیا جبکہ ضمار کے کہنے کے باوجود بھی عرشیہ کے دل کو سکون نہیں ملا تھا۔۔۔۔۔۔۔

دوسری جانب داید کمرے میں جاتا ہوا بیڈ پر بیٹھ گیا اور ایک نقطے کی جانب دیکھنے لگا وہ بالکل خاموش تھا اس کے دماغ میں کئی سوال تھے لیکن جواب اسے کہیں سے بھی نہیں مل رہا تھا جب عرشیہ کمرے میں داخل ہوئی اپنے ہاتھوں کو مروڑتے ہوئے اس نے داید کی جانب دیکھا۔۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

داید۔۔۔تم ٹھیک ہو نا عرشیہ داید کے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے اس سے پوچھا تو داید نے جھٹکے سے سر اٹھایا داید کی انکھیں سرخ ہو رہی تھی جو کہ عرشیہ کے لیے کسی امتحان سے کم نہیں تھی۔۔۔

ہاں عرشیہ میں ٹھیک ہوں داید نے اتنا کہا۔۔۔۔۔

تو تم اتنے خاموش کیوں ہو گئے ہو کیا تمنا کے زندہ ہونے کا سن کر تم۔۔۔۔۔

داید نے عرشیہ کی ادھوری بات سنتے اس کی جانب دیکھا جس کی انکھوں میں کئی سوال تھے جس کے چہرے میں کئی رنگ ارہے تھے کئی رنگ جا رہے تھے جس کی انکھوں میں اپنی محبت کے دور ہو جانے کا ڈر تھا جو کہ داید نے اچھے سے دیکھ لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

دایدا بھی بھی خاموش تھا جب داید کو خاموش دیکھ کر عرشیہ نے اپنی انکھوں میں ائی نمی کو اندر دھکیلا اور باہر کی جانب جانے لگی کیونکہ وہ دایدخاموشی کو نہیں دیکھ سکتی تھی اس سے پہلے کہ عرشیہ کمرے سے باہر جاتی دایدنے عرشیہ کا ہاتھ پکڑا تھا عرشیہ نے مڑ کر اپنا ہاتھ دیکھا جو دایدکے ہاتھوں میں تھا دایدنے اسے اپنے پاس بٹھایا اور اس کے ہاتھوں کو اپنے مضبوط ہاتھوں میں لیا۔۔۔۔

کس بات کا ڈر ہے تمیں عرشیہ۔۔۔۔۔۔دایدنے اس کی تھوڑی پر ہاتھ رکھتے ہوئے اس کا چہرہ اوپر کیا تو اس کی انکھوں سے انسو نکلنے لگے تھے وہ چاہ کر بھی اپنے انسو روک نہیں پائی تھی۔۔۔۔

۔۔۔۔۔ ن۔۔ہ۔۔نہیں س۔۔۔۔مجھے مجھے تو کسی بات کا ڈر نہیں ہے داید

اپنے یہ انسو اپنے یہ انکھوں میں سوال مجھ سے چھپانے کی کوشش کر رہی ہو اور عرشیہ تم جانتی ہو نا کہ میں تمہاری انکھوں میں ائے ہر سوال کو اچھی طرح پڑھ لیتا ہوں۔۔۔۔۔

تو اگر یہ سوال تم نے پڑھ لیے ہیں تو ان کا جواب بھی دے دو۔۔۔۔

کیا تمہیں ابھی بھی ضرورت ہے میرے جواب کی عرشیہ۔؟دایدنے عرشیہ کے ہاتھ کی پشت اپنے انگوٹھے سے سہلاتے ہوئے کہا تو عرشیہ نے ہاں میں سر ہلایا چاہے مرد مکمل ہی اس کا کیوں نہ ہو گیا ہو لیکن پھر بھی عورت کو کہیں نہ کہیں ڈر ہوتا ہے کہ وہ کہیں اس سے دور نہ ہو جائیں اور عورت تو کرتی ہی او ور تھنکنگ ہے اپنے پسندیدہ مرد کے لیے وہ کبھی بھی اپنے پسندیدہ مرد کو شیئر نہیں کر سکتی چاہے لاکھ اس کی محبت کا دم بھرے لیکن مرد کے بدل جانے کا ٹائم نہیں لگتا اور یہیں ڈر عرشیہ کو تھا۔۔۔۔۔۔

اگر تمہیں میرا جواب سننا ہے تو میرا جواب یہ ہے کہ محترمہ اپ میری زندگی ہیں پتہ ہے جب میں اپ کو محترمہ کہتا ہوں نا تو اپ کہنا ضروری سمجھتا ہوں عزت کرتا ہوں میں اپ کی اور اگر اپ کو ڈر ہے کہ میں اپ کو چھوڑ کر اب تمنا کی جانب جاؤں گا تو یہ ڈر اپنا ختم کر دیں عرشیہ کیونکہ ہاں تمنا میری محبت تھی چاہت تھی لیکن اس چاہت کو میں نے اسی دن اپنے دل کی ایک کونے میں دبا دیا تھا جس دن اپ میرے نکاح میں ائی تھی سمجھ رہی ہے اور اس نکاح کے بعد جس طرح اپ نے میرا خیال رکھا میرا ہر دم ساتھ دیا مجھے پانے کے لیے کیا کچھ نہیں کیا تو اپ یہ سمجھتی ہیں کہ تمنا کے زندہ ہونے سے میں اپ کو چھوڑ دوں گا۔۔۔۔۔۔

کیا اپ کو اپنی محبت پر مجھ پر یقین نہیں ہے عرشیہ۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

داید۔۔۔۔عرشیہ ایک دم سے زوروں سے روتے ہوئے داید کے سینے سے لگے گی میں تمہیں اپنے اپ سے کبھی دور نہیں کروں گی داید میں تمہیں بالکل بھی اپنے اپ سے الگ نہیں کروں گی تم سے بہت پیار کرتی ہوں اور میں تمہیں کبھی بھی تمنا کا نہیں ہونے دوں گی عرشیہ شوشو کرتی ہوئی داید کے گلے لگتے ہوئے بولی کہ اس کے ابھی بھی ان سکیور ہونے پر داید کے لبوں پر مسکراہٹ آئی تھی وہ اس کا کچھ بھی نہیں کر سکتا تھا۔۔۔۔۔

عرشیہ تمنا میرا ماضی تھی تم میرا حال ہو اور مستقبل ہو تمیں کیسے چھوڑ سکتا ہوں اور ویسے بھی اگر میں نے تمہیں اب چھوڑا تو ضمار ہی میرا قتل کر دے گا میں جانتا ہوں اور تم بھی میرا قتل کر دو گی اور میں ابھی جینا چاہتا ہوں قتل نہیں ہونا چاہتا اس لیے یہ بات اپنے چھوٹے سے دماغ سے نکال دوں کہ میں تمہیں کبھی چھوڑوں گا ہاں تمنا اگر زندہ ہوئی وہ مجھ سے ملی تو میں اس سے ہنسی خوشی ملوں گا اچھے سے ملوں گا کیونکہ وہ میری دوست ہے اور میں دوستی نہیں توڑ سکتا۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے تم اس سے ملنا لیکن تھوڑا دور رہ کر ملنا ٹھیک ہے نا عرشیہ نے اپنے انسو صاف کرتے ہوئے کہا تو داید نے اس کے سر پر چپٹ لگائی کچھ نہیں ہو سکتا ہے تمہارا تمہارے چہرے پر اب یہ سوالات نہیں انے چاہیے کہ میں تمہیں کبھی چھوڑ سکتا ہوں اوکے۔۔۔۔۔

اوکے داید ویسے کبھی تم مجھے تم کہتے ہو اور کبھی مجھے اپ کہتے ہو ایک ہی لفظ کہہ لیا کرو نا۔۔۔۔۔۔

نہیں جب میں تمہیں محترمہ کہتا ہوں تو پھر اپ لگانا میرے لیے ضروری ہوتا ہے لیکن جب میں اپنی ایک دوست سے بات کر رہا ہوتا ہوں دوست سمجھ کر تو وہ پھر میں تمہیں تم ہی کہتا ہوں سمجھ ائی۔۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

ہاں ہاں سمجھ اگئی تمہاری اس لوجک کی عرشیہ نے داید کے سینے پر سر رکھا لیکن پھر بھی نہ جانے اس کے دل میں یہ ڈر ہی تھا اور یہ

""""عورت کے دل سے ڈار کبھی جاہی نہیں سکتا اور نہ ہی اشیا کے دل سے کبھی جائے گا۔۔۔۔۔

""""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Kaiff E DIL

Writer mahi shah

Episode 93❤❤

ایسے ہی ٹائم گزرتا جارہا تھا نازلی اور امنہ بڑے ہوتے جارہے تھے نازلی اج پھر سے امنہ کے گھر ائی تھی اور اکرم گھر پڑ کی فوج نازلی کی بھرتی خوبصورتی کو دیکھ اکرم کے دل کو کچھ ہوتا تھا لیکن وہ کچھ کرنے سے پہلے ہی نہ جانے کیوں اسے خیال اجاتا تھا کہ وہ اس کی بہن کی دوست ہیں لیکن نازلی کی بڑھتی خوبصورتی کو دیکھ اکرم کی نیت خراب ہوتی جارہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نازلی تم یہاں بیٹھو میں واش روم سے ہو کر اتی ہوں ٹھیک ہے امنہ نازلی کو کمرے میں بٹھاتے ہوئے واش روم میں چلی گئی امنہ کو کمرے سے نکلتا کر دیکھ اکرم کمرے میں گیا تو نازلی کو دیکھا جو پاس پڑا رسالہ اٹھا کر پڑھ رہی تھی سامنے اکرم کو دیکھ کر نازلی ایک دم سے ڈر گئی۔۔۔۔۔""

بھائی اپ۔۔۔یہاں۔۔۔اپ کو کوئی کام تھا نازلی اپنا گلا تر کرتے ہوئے اکرم سے بولی تو اکرم اس کے پاس گیا۔۔۔۔۔

نہیں نازلی مجھے تو کوئی کام نہیں تھا لیکن مجھے تم سے ایک بات کرنی ہے اکرم اپنا ہاتھ نازلی کے کندھے پر رکھتا ہوا بولا تو نازلی کپکپانے لگی تھی اسے اکرم کے لمس سے عجیب سا محسوس ہوا تھا جو عاطف کے چھونے سے کبھی محسوس نہیں ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

بھائی اپ ادھر سے چھوڑیں نا اپنے کندھے سے اکرم کا ہاتھ ہٹاتے ہوئے نازلی اٹھی تو اکرم نے دوبارہ سے نازلی کے کندھوں سے پکڑ کر۔۔۔۔۔ اسے بیڈ پر بٹھایا تم کتنی خوبصورت ہو نازلی اکرم بے اختیار ہی اس کے چہرے کو ہاتھ لگانے لگا جب نازلی نے اکرم کا ہاتھ جھٹکا کیا کیا کر رہے ہیں بھائی پیچھے ہو جائیں بڑے بھائیوں کی طرح ہیں اپ میرے نازلی ذرا غصے سے بولی تو اکرم ذرا ہوش میں ایا دو قدم پیچھے ہوا تب بھی امنہ کمرے میں داخل ہوئی۔۔۔۔

بھائی اپ یہاں خیریت کوئی کام تھا کہ اپ کا امنہ نازلی کے پاس اکرم کو دیکھ کر حیرانگی سے بولی۔۔۔۔

نہیں امنہ مجھے کوئی کام نہیں تھا بس تمہاری دوست بیٹھی ہوئی تھی میں نے سوچا اس سے پوچھ لوں کچھ کھانا تو نہیں ہے اکرم نے نازلی کی طرف دیکھ کر کہا جو خوف سے اکرم کی جانب دیکھ رہی تھی۔۔۔

جی نہیں بھائی مجھے کچھ نہیں کھانا نازلی جلدی سے بولی تو اکرم ایک نظر نازلی اور پھر امنہ کو دیکھ کر وہاں سے چلا گیا نازلی تم ٹھیک تو ہو نا""""امنہ نازلی کا اڑا ہوا رنگ دیکھ کر اس سے پوچھنے لگی تو نازلی ہاں میں سر ہلایا۔۔۔۔۔

ہاں امنہ میں ٹھیک ہوں بس ویسے ہی مجھے لگتا ہے میری طبیعت کچھ ٹھیک نہیں ہے تو مجھے گھر جانا ہے۔۔۔۔۔۔۔

لیکن اتنی جلدی نازلی ابھی تو تم ائی ہوا بھی ہم نہ کھیلا بھی نہیں ہے تو نے کہا تھا ہم سکول کا ہوم ورک بھی ایک ساتھ ہی کرنا تھا اور تم گھر جا رہی ہو۔۔۔۔۔

ہاں امنہ بس میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے میں کل اوگی ٹھیک ہے وہ بنا امنہ کی بات سنیں اپنا بیگ پکڑے گھر کی جانب بھاگی تھی جبکہ لاونج میں بیٹھا اکرم نازلی کو جاتا ہوا دیکھنے لگا میری نیت تم پر بری نہیں ہے نازلی مجھے سچ میں تم اچھی لگنے لگی ہوں لیکن میں کیا کروں مجھے کچھ بھی سمجھ میں نہیں ارہا ہے میرا مقصد تمہیں ڈرانا نہیں تھا نازلی۔۔۔۔اکرم گہرا سانس بڑھتے ہوئے بولا ہاں وہ نازلی خوبصورتی سے اس سے پیار کرنے لگا تھا لیکن اس کے دل میں واقعی نازلی کے لیے جگہ بن گئی تھی اور یہ جگہ اگے جا کے کیا انتقام لینے والے تھے """کوئی بھی نہیں جانتا تھا۔۔۔۔۔

اگلے دن نازلی اور امنہ دوبارہ سے سکول جانے لگی تو عالم اور عاطف اس کے سامنے اکر کھڑے ہو گئے۔۔۔۔

دیکھو تم لوگ ناہمارے سامنے مت ایا کرو اگر کسی دن بھائی نے دیکھ لیا نا تو قیامت اجائے گی امنہ نے غصے سے عالم کی جانب دیکھ کر کہا تو عالم مسکرا ایا تھا اگر اس نے دیکھ لیا تو کوئی بات نہیں ہم تمہارے گھر رشتہ لے ائیں گے اور ہم شادی کر لیں گے جیسے ہی عالم نے کہا نازلی اور امنہ کا قہقہ وہاں پر گونجا تھا۔۔۔۔۔۔

پہلے تم لوگ پڑھ لکھ لو کچھ کماؤ پھر ہمارا رشتہ لے کر انا ائیں سمجھ ویسے تو تم لوگ لفنگوں کی طرح گھومتے رہتے ہو اور کچھ کماتے نہیں ہو تو میرا بھائی تم لوگوں کو رشتہ نہیں دے گا امنہ نے کہا عالم نے منہ بنا کر امنہ کی جانب دیکھا کیا تمہیں میرا پیار ہے کافی نہیں امنہ۔۔۔۔ عالم نے اس لہجے سے کہا تھا کے امنہ کا دل زوروں سے دھڑکا تھا اس نے اپنے ہاتھ مروڑتے ہوئے اپنے لب تر کرتے ہوئے عالم کو دیکھا اور پھر جلدی سے نازلی کا ہاتھ پکڑتے وہاں سے جانے لگے تب عاطف نے نازلی کا ہاتھ پکڑ لیا۔۔۔۔

نازلی تم کب ملو گی مجھ سے۔۔۔۔۔

رات کو ملو گی تم سے ٹھیک ہے گلی نمبر دو میں اجانا تھا وہاں پر ہی کھڑی رہوں گی نازلی یہ کہتے ہوئے امنہ کے ساتھ چلی گئی تو امنہ نے گھور کر نازلی کی جانب دیکھا تم کیسے عاطف سے مل سکتی ہو مجھے بالکل بھی اچھا نہیں لگتا میں تمہیں کسی کے ساتھ شیئر نہیں کر سکتی ہوں نازلی۔۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

ارے میری جان کہیں نہ کہیں تو ہماری شادی ہونی ہے نا تو کیوں نہ عاطف سے پہلے ہو تم عالم سے کر لو کیونکہ دونوں ہی ہمیں پسند کرتے ہیں۔۔۔۔۔

ہاں نازلی عالم مجھے پسند تو کرتا ہے لیکن مجھے بھائی سے ڈر لگتا ہے نا اگر انہوں نے عالم کو کچھ کر دیا تو کیا کروں گی میں اسی لیے میں اس سے زیادہ بات نہیں کرتی۔۔۔۔۔

کوئی بات نہیں کیوں ڈرتی ہو تمہارے بھائی کو کبھی پتہ نہیں چلے گا ٹھیک ہے اور اج رات میں عاطف سے ملنے جاؤں گی کیونکہ اج میری سالگرہ ہے نا تو مجھے گفٹ بھی دے گا نازلی خوش ہو کر کہا تو امنہ نے مسکراتی نظروں سے اپنی دوست نازلی کو دیکھا دیکھنا اللہ پاک ہم دونوں بہت اچھی رکھے گا اور ہمیشہ ساتھ رکھے گا نازلی امنہ نے نازلی کو گلے لگاتے ہوئے کہا تو دونوں سکول چلی گئی۔۔۔۔۔

رات کا وقت تھا جب نازلی عاطف سے ملنے گی۔۔۔۔

عاطف نے نازلی کا ہاتھ پکڑا تو نازلی نے اپنا ہاتھ چھڑوانا چاہا کیا کر رہے ہو عاطف ہاتھ چھوڑو میرا۔۔۔۔

یہ ہاتھ میں نے چھوڑنے کے لیے نہیں پکڑا ہے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے پکڑا ہے اور دیکھو تمہاری سالگرہ کا میں گفٹ لے کر آیا ہوں اپنے ہاتھ سے اس نے نازلی کے لیے لایا بریسلٹ اسے پہنایا تھا وہ بریسلٹ بے حد خوبصورت تھا۔۔۔۔

واؤ عاطف یہ تو بہت پیارا ہے۔۔۔۔

لیکن تم سے زیادہ پیارا نہیں ہے تمہاری جو انکھیں ہیں نا وہ بے حد خوبصورت ہیں نازلی اور تمہارے جو گال کا ڈمپل پڑتا ہے نا وہ بھی بہت پیارا ہے اس کے گال پر پڑتے ڈمپل پر ہاتھ رکھتے ہیں بولا تو نازلی نے شرما کر سر جھکایا تھا عالم امنہ نازلی عاطف میں پیار محبت کی سڑی چڑھنا شروع ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اور دوسری جانب اکرم جب بھی نازلی کو دیکھتا تھا اس کی محبت اس کے دل میں بڑھتی جا رہی تھی لیکن وہ نازلی تو کچھ کہہ پاتا تھا جب بھی وہ اس کو ہاتھ لگانے کی کوشش کرتا تب تب اکرم کے دل میں کچھ ہوتا تھا اس لیے وہ کچھ بھی نہیں کر پاتا تھا۔۔۔۔۔

جب ایک بار امنہ اور نازلی کہیں جا رہی تھی تو دوسری جانب سے اکرم اور کبیر وہاں پر ائے تھے کبیر بھی ایک دم سے نازلی کو دیکھ کر اس کی انکھیں پھٹی کے پھٹی رہ گئی تھیں اتنی خوبصورت لڑکی اس نے کہیں نہیں دیکھی تھی۔۔۔۔۔

کیاہوا کبیر کیادیکھ رہے ہوا سے ایک طرف نظریں دوڑاتے دیکھ اکرم نے پوچھاتو کبیر نے اکرم کا چہرہ اس طرف کیاوہ دیکھووہ نیلی انکھوں میں لڑکی کتنی پیاری ہے ناجھے وہ چاہیے کبیر نے جیسے ہی کہااکرم کو بے حد غصہ ایااس نے غصے سے امنہ اور نازلی کی طرف دیکھا جو منہ اٹھائے کہیں بھی چلی جاتی تھی۔۔۔۔۔

نہیں کبیر بھائی ابھی وہ بہت چھوٹی ہے اور وہ اپ کو برداشت نہیں کر سکتی جب وہ بڑی ہو گی تو تب دیکھی جائے گی ابھی اس کی طرف مت دیکھیں اکرم نے کبیر کا دھیان اس کی طرف سے ہٹاناچاہے کیونکہ اس کی طرف دھیان ہٹ ہی نہیں رہاتھا۔۔۔۔۔۔

کبیر بھائی ادھر دیکھیں نااکرم نے غصے سے کبیر کو کہاکہ تو خرانگی اس اکرم کی جانب دیکھا کبیر بھائی مجھے ناکھیلنا ہے اپ کے ساتھ چلے ائیں ہم دوبارہ اڈے پر چلتے ہیں اس سے پہلے کبیر کچھ کہتا اکرم سے لے کر جاچکا تھااور کبیر نے پیچھے مڑ دیکھالیکن وہاں سے اب امنہ اور نازلی غائب ہو چکی تھی ۔۔۔۔۔

اہستہ اہستہ امنہ عالم نازلی اور عاطف میں ملاقاتیں بھرنے لگی تھی امنہ بھی عالم کو پسند کرنے لگی تھی اہستہ اہستہ ٹائم گزرتا جارہاتھااور """"ایسے ہی کرتے کرتے اٹھ سال گزر گئے تھے۔۔۔۔۔۔

""""ا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آٹھ سال بعد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

اٹھ سال گزر چکے تھے امنہ اور نازلی کی دوستی ویسی کی ویسی ہی تھی پہلے سے زیادہ گہری ہو چکی تھی نازلی اور امنہ دونوں بیس سال کی ہو چکی تھی نازلی اور امنہ دونوں ہی بس دسویں تک ہی پڑی تھی کیونکہ اکرم نے امنہ کو اگے پڑھنے نہیں دیا تھااور نازلی اکیلے آگے جانا نہیں چاہتی تھی اسی لیے وہ بھی وہاں ہی رک گئی۔۔۔۔۔

نازلی ائینے کے سامنے کھڑی ہوتے اپنے گولڈن بال کو کنگی کرنے لگی اس کی نیلی آنکھوں میں اج الگ ہی چمک تھی کیونکہ اج وہ اپنی محبت عاطف سے ملنے جارہی تھی جو کہ ان اٹھ سالوں میں اتنی زیادہ گہری ہو چکی تھی کہ وہ دونوں ایک دوسرے کے بغیر رہ ہی نہیں سکتے تھے۔۔۔۔۔

نازلی اتناتیار ہو کر کہاں جارہی ہو میری بچی رخسانہ بیگم کمرے میں اتی ہوئی نازلی سے بولی تو نازلی نے اپنی ماں کو گلے لگایاامی میں عاطف سے ملنے جارہی ہوں اپ کو تو پتہ ہے نااس نے کچھ دنوں بعد ٹریننگ پر چلے جاناہے تو پھر میں اس سے مل نہیں سکوں گی۔۔۔۔۔۔

میری بچی عاطف کو بولو نا کہ وہ ہمارے گھر کا رشتہ لے کر اجائیں۔۔۔۔

جی جی امی عاطف نے بولا تھا کہ وہ جانے سے پہلے ضرور رشتہ لے کر ائے گا اور منگنی کر کے ہی جائے گا اب پریشان نہ ہو ان اٹھ سالوں میں نازلی نے اپنی امی کو بتا دیا تھا کیونکہ عاطف خود رخسانہ بیگم سے ملنے ایا تھا اور رخسانہ کو بھی وہ لڑکا بے حد پسند ایا تھا اسی لیے اس نے نازلی سے ملنے کے منع نہیں کیا تھا اور عاطف نے کچھ ہی دنوں میں پولیس ٹریننگ پر چلے جانا تھا۔۔۔۔

ٹھیک ہے دھیان سے جانا اور جلدی واپس اجانا رحسانہ نے نازلے کے پیشانی پر بوسہ دیا تو نازلی جلدی سے چلی گئی۔۔۔۔۔

عاطف۔۔۔۔۔۔عاطف اسی درخت کے نیچے بیٹھا نازلی کا انتظار کر رہا تھا جہاں پر وہ ہمیشہ انتظار کرتا تھا نازلی کو دیکھ کر عاطف کا دل زوروں سے دھڑکا تھا نازلی تم کتنی خوبصورت ہو نا عاطف نازلی کا ہاتھ پکڑتے ہوئے بولا تو نازلی اپنے سنہری بار جھٹکے ہاں کیونکہ تم مجھ سے پیار کرتے ہو اسی لیے تمہیں میں خوبصورت لگتی ہوں۔۔۔۔

عاطف امی کہہ رہی تھی کہ جانے سے پہلے ہماری منگنی ضرور ہو جانی چاہیے تم کروگے نا۔۔۔۔

میری جان کیسی باتیں کر رہی ہو منگنی کروا کے ہی جاؤں گا تم پریشان مت ہو۔۔۔میں کل ہی اپنی امی سے بات کرتا ہوں عاطف نے کہا تو نازلی خوش ہو گئی ایسے ہی جلدی ہی وہ ملاقات کرتے ہوئے سیدھا امنہ کے گھر چلی گئی۔۔۔۔۔۔

جیسے ہی وہ امنہ کے گھر گئی اکرم جو کہ 28 سال کا ہو چکا تھا ان اٹھ سالوں میں اکرم کے دل میں نازلی کو دیکھ دیکھ کر محبت اس کے خوبصورتی اس کے دل میں بڑھتی جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

اور نازلی کو بھی ان اٹھ سالوں میں محسوس ہوا تھا جیسے اکرم اسے عجیب نظروں سے دیکھتا ہے اکرم نے کئی دفعہ نازلی اسے پیار کا اظہار کرنے کی کوشش کی لیکن وہ کر ہی نہیں پایا تھا اور کبیر بھی مسلسل نازلی کے پیچھے پڑا تھا کے اسے وہ نیلی انکھوں والے لڑکی چاہیے لیکن کبیر کو ابھی یہ معلوم نہیں تھا کہ وہ اکرم کی بہن کی دوست ہے۔۔۔۔۔۔

السلام علیکم بھائی وہ امنہ کدھر ہے نازلی اپنے سر پر دوپٹہ ٹھیک کرتے ہوئے اکرم سے بولی تو کرم اس کے خوبصورت چہرے پر جیسے کھو سا گیا تھا۔۔۔۔

اکرم بھائی سائیڈ پر ہٹے نا مجھے اندر جانا ہے امنہ اندر ہی ہے نا نازلی تھوڑا پیچھے ہو کر بولی تو اکرم جلدی سے پیچھے ہوا ہاں ہاں امنہ اندر ہی ہے تم جاؤ اکرم کے کہنے پر نازلی امنہ کے کمرے میں چلی گئی۔۔۔۔

امنہ بھی نازلی کو دیکھ کر جلدی سے کھڑی ہوئی تم یہاں پر کیا کر رہی ہو----

کیوں تم سے ملنے نہیں اسکتی میں نازلی نے امنہ کے کندھے پر تھپڑ مارتے ہوئے کہا-----

نہیں نہیں اسکتی ہو اچھا بتاؤ عاطف چلا گیا یا پھر ابھی جانا ہے اس نے----

نہیں یار کچھ دنوں تک وہ چلا جائے گا اور اسے پتہ ہے اس نے کہا ہے وہ جانے سے پہلے میرے ساتھ منگنی کر کے جائے گا نازلی نے شرماتے ہوئے کہا امنہ نے بھی خوش ہوتے ہوئے نازلی کو گلے لگایا تھا واہ مبارک ہو تمہیں بھی تمہاری محبت مل جائے گی---

ہاں تو تم بھی عالم کو بولو نا تمہارے کا رشتہ لے کرا جائے وہ اتنا ہی نہیں ہے----

ہاں میں اب عالم کو بولوں گی کیونکہ اب ہم سے بے ایک دوسرے سے دور نہیں رہا جاتا ہے امنہ بھی شرماتے ہوئے بولی تو نازلی ہنسنے لگی-----

ویسے امنہ میں نے تو اپنے گھر میں بات کر لی ہے تم کب اپنے گھر میں بات کرو گی نازلی امنہ کو کہا تو امنہ نے منہ بنا کے اس کی جانب دیکھا تو میرے ابو مانیں گے نہ ہی میرے بھائی اور امی تو پہلے ہی میرے دشمن ہے پتہ نہیں کیا ہو گا----

۔ """کچھ نہیں ہو گا تم پریشان مت ہو سب مان جائیں گے نازلی نے امنہ کو حوصلہ دیا تو امنہ بھی چپ کر کے بیٹھ گئی------

"""--------------

طہام ویسے تمہیں وہاں پر اتنی زیادہ باتیں کرنے کی ضرورت نہیں تھی اتنا بولتے ہیں تم تمنا کے گھر سے واپس اتے ہی کیف نے طہام کو ڈانٹا تو طہام نے منہ بناتے ہوئے کیف کو دیکھا-----

بھائی اپ کو پتہ ہے نا وہ کیسے مجھے دیکھ رہے ہیں تو کیسے مجھے منع کر رہے ہو تو مجھے غصہ اگیا----

انکل ٹھیک کہہ رہے تھے گرم خون ہو تم جلدی گرم ہو جاتے ہو ذرا صبر بھی کر جایا کروں ٹھیک ہے نا اور تمہارے سامنے ہی تمہاری محبت نے تمہارے منہ پر منع کیا ہے اب دوبارہ سے اس کے گھر بالکل رشتہ لے کر نہیں جاؤں گا میں کیف نے سختی سے کہا تو ایک نظر دل کو دیکھتے ہوئے اپنا کمرے میں چلا گیا جبکہ طہام اور دل کیف کو جاتے ہوئے دیکھتے------

دل اپنے شوہر کو سمجھا لو کہ میری محبت کے دشمن مت بنے اور رہی بات تمنا کی تو اس کی تو خیر نہیں میرے ہاتھوں طہام نے غصے سے کہا تو دل نے طہام کو دیکھا----

طہام وہ پہلے تم سے بہت ڈری ہوئی ہے پتہ ہے وہ مجھے کیا کہتی ہے کہ تم اسے اٹھا کے لے جاؤ گے اور قید کر لو گے اسی لیے تم سے شادی نہیں کرنا چاہتی-------

اف میرے خدا اتنی معصوم تو نہیں تھی بچپن میں اتنی معصوم کیوں ہو گئی ہے وہ میں نے تو بس ایسے ہی کہا تھا کہ تمہیں اپنے گھر لے جاؤں گا اور وہ اس سے بات سے ڈر گئی ہے لیکن ابھی اس نے سب کے سامنے منع کیا ہے نا اس بات کی سزا اسے ملے گی اس سے ملنے میں ضرور جاؤں گا وہ خود شادی کرے راضی ہو گی طہام یہ کہتے اپنے کمرے میں چلا گیا تو دل بھی اپنے کمرے میں چلی گئی ان دونوں کا """کچھ نہیں ہو سکتا خود ہی ہینڈل کرے گا------

""------------

اگلے دن لبابہ کو پولیس اسٹیشن سے اف تھا تو اس کا دل کیا ہوا کہ وہ کیف سے ملنے جائے اس لیے وہ زرتاش کو لیے کیف کے گھر آگئی----

لبابہ کو دیکھتے ہوئے دل بے حد خوشی السلام علیکم لبابہ اپی کیسی ہیں اپ----

ہاں ہاں میں ٹھیک ہوں میرا بچہ تم کیسی ہو لبابہ نے دل کو گلے لگا کر کہا تو دل مسکرائی ہاں ہاں میں ٹھیک ہوں لبابہ آپی اپ تو اس ٹور کے بعد اپ ہمارے گھر ہی نہیں ائی کہ اپ کو میرے بہی جان سے ملنے کا دل نہیں کرتا تھا کیا-----

کیسی باتیں کر رہی ہو دل تمہیں پتہ تو ہے بس جاب سے گھر گھر سے زرتاش کو سنبھالنا بس اسی لیے ٹائم نہیں ملا اج میرا دل کر رہا تھا میں کیف سے ملو تو اس لیے میں اگئی------

اتنے میں طہام اور کیف بھی اپنے اپنے کمروں سے نکل کر لاونج میں ائیں تو زرتاش جلدی سے طہام کے گلے لگا تھا السلام علیکم ماموں کیسے ہیں اپ-----

وعلیکم السلام میرا بچہ کیسا ہے طہام نے بھی زرتاش کو پیار دیا تو زرتاش نے کیف کو دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا زرتاش کیف کے پاس گیا السلام علیکم ماموں کیسے ہیں اپ----

کیف کو بھی یہ بچہ یاد ایا جو کہ اس دن ٹور پر بھی اسے بہت تنگ کیا تھا ہاں بچے میں ٹھیک ہوں کیف یہ کہتے ہوئے صوفے پر جا کر بیٹھ گیا----

کیف کیسے ہو لبابہ نے بھی کیف سے پوچھا تو کیف نے حیرانگی سے لبابہ کی جانب دیکھا۔۔۔

لبابہ اپی انہیں تو کچھ یاد نہیں ہے مشکل سے تو میں نے انہیں اپنی تصویریں دکھا دکھا کے یقین دلایا ہے کہ بھئی میں ان کی بیوی ہوں اور یہ ان کا چھوٹا بھائی ہے اور ایک امی ہے شکر ہے ان کو یہ یقین آگیا ہے لیکن اپ کو یہ ایسا دیکھ رہے ہیں جیسے پہلے بالکل نہیں پہچانتے۔۔۔۔۔

کوئی بات نہیں دل میں کر لیتی ہوں۔۔۔اچھا کیف میں ہوں تمہاری کزن یعنی کہ تمہارے ماموں کے بیٹی اور میں پولیس اسٹیشن میں ایس ایس پی کی جاب کرتی ہوں اور تم بھی جب اپنی یاداشت جانے سے پہلے تم بھی پولیس والے ہی ہوا کرتے تھے اور میرے ساتھ جاب کرتے تھے اور پھر ہم دونوں مل کر دشمنوں کو ہراتے تھے لیکن۔۔۔۔۔

لیکن اس بلیک شیڈو کو پکڑنے کی وجہ سے تم اور بلیک شیڈو پہاڑی سے نیچے گر گئے تو بس۔۔۔۔

لبابا اسے اس کا ماضی بتانے لگی تو کیف حیرانگی سے اپنا ماضی سن رہا تھا بلیک شیڈو کون۔۔۔۔

جب تمہیں بلیک شیڈو کے بارے میں پتہ ہی نہیں تو اس کے بارے میں بتا کے میں تمہیں کیا ہی کروں گی تم چھوڑو تم مجھے بتاؤ تم یہاں پر اکر خوش تو ہو نا۔۔۔۔

جی لبابہ میں یہاں پر اکر خوش ہوں کیونکہ مجھے میری فیملی مل گئی ہے میری یہ بیوی ہے جو کہ بہت شرارتی ہے اور بہت تنگ کرتی ہے کبھی کبھی ناراض بھی ہو جاتی ہے اور ایک جو میرا بھائی ہے اسے تو پیار محبت سے ہی فرصت نہیں ہے اور میری ماما ہیں جو بے حد اچھی ہیں مجھ سے بہت پیار کرتی ہیں کیف نے سب کو دیکھ کر کہا تو اتنے میں امنہ بھی کمرے سے باہر اتی ہوئی وہاں پر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔

السلام علیکم پھپھو۔۔۔۔

لبابہ کے سلام کرنے پر امنہ نے بس سر ہلایا تھا ان پانچ سالوں میں امنہ اور لبابہ میں کچھ تعلقات بہتر ہو گئے تھے لیکن اکرم کے ساتھ وہ بالکل بھی بات نہیں کرتی تھی۔۔۔

گل بھی باہر شور کی اواز سنتے یہاں پر اکر بیٹھ گئی تو دل نے منہ بناتے ہوئے گل کی جانب دیکھا جو کہ لبابہ نے اچھے سے دیکھ لیا تھا کیا ہوا ہے دل ایسے منہ بنا کر کیوں دیکھ رہی ہو اسے۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

لبابہ اپی کیا ہی بتاؤں میں اپ کو ایک تو ہمیشہ میرے شوہر پر ڈورے ڈالتی رہتی ہے اس سے میں نے کہا بھی ہے کہ میرے ہبی جان سے دور رہا کرو لیکن نہیں جب دیکھو میری ہبی جان قریب انے کے کوشش کرتی ہے چڑیل۔۔۔۔

دل کے ایسا کہنے پر لبابہ کو اپنی ہنسی کنڑول کرنا مشکل لگی تھی۔۔۔

کوئی بات نہیں اس کی بھی شادی کا کوئی بندوبست کرتے ہیں تم پریشان مت ہو اس کے بابا کی طبیعت کیسی ہے۔۔۔

ٹھیک ہے اور وہ انکل بھی یہاں پر ہمارے گھر ہی رہنے ائے ہوئے ہیں۔۔۔۔

اووووو اچھا۔۔۔ گل تمہارے بابا کی طبیعت کیسی ہے لبابہ نے بھی گل سے پوچھا تو گل نے مسکرا کر لبابہ کی جانب دیکھا۔جی لبھاتی اپی وہ بالکل ٹھیک ہیں اللہ کا شکر ہے۔۔۔۔۔

اتنے میں زرتاش بھی کیف کے پاس اکر بیٹھ گیا اور اس کے کبھی پیٹ میں گدگدی کرتا اور کبھی اس کے ٹانگ پر چٹکی کاٹتا کیف نے انکھیں چھوٹی کر کے اس چھوٹے پٹاخے کو دیکھا تھا ساحل بھی لبابہ کے پاس جا کر بیٹھ گیا۔۔۔۔

ویسے یہ بچہ ہے بہت شرارتی کیف نے زرتاش کو دیکھتے ہوئے کہا تو لبابہ نے مسکراتے اپنے بیٹے کو دیکھا۔۔۔۔

ہاں بالکل اپنے بابا پر گیا ہے نا ایک دم سے لبابہ کی زبان سے نکلا تو وہاں پر خاموشی چھائی تھی۔۔۔

تو اس کے بابا کہاں پر ہیں کیا وہ تمہارے ساتھ نہیں رہتے لبابا کیف نے پوچھا تو لبابا نے گہرا سانس بھرا اور وہ خاموش ہو گئی وہ اس بات کا جواب نہیں دینا چاہتی تھی کیف نے دوبارہ سے لبابہ کی جانب دیکھا تو لبابہ نے نفی میں سر ہلایا نہیں کیف وہ ہمارے ساتھ نہیں رہتے۔۔۔۔۔

اتنے میں زرتاش نے کیف کی جانب دیکھا ماموا ب تو اپ اس گل انٹی سے شادی نہیں کریں گے نا اپ نا میری جو دل مامی ہے نا اس کے ساتھ ہی اچھے لگتے ہیں زرتاش نے اپنی انکھیں پٹپٹاتے ہوئے کہا ہاں تو کیف نے بھی مسکراتے ہوئے زرتاش کی جانب دیکھا۔۔۔۔۔

ہاں اب میں کسی اور سے شادی بالکل بھی نہیں کروں گا اچھا تم بتاؤ اب ہمارے گھر مہمان ائے ہوں تو کیا کھاؤ گے تم لوگ۔۔۔۔۔

اس سے پہلے کہ کوئی کچھ اور بولتا زرتاش نے کیف کا بازو پکڑا تھا ماموں باہر بہت اچھا موسم ہو رہا ہے تو کیا ہم باہر ائس کریم کھانے چلیں سب نے زرتاش کی بات میں حامی بھری تھی۔۔۔۔

ٹھیک ہے اگر سب کو جانا ہے تو چلو پھر تیار ہو جاؤ چلتے ہیں ائس کریم کھانے گل کو یہاں پر اپنا مس فٹ لگا تو وہ اٹھ کر جانے لگی تو دل نے شکر ادا کیا کہ اٹھ کر گئی لیکن کیف نے گل کو روکا۔۔۔۔

گل تم کہاں جا رہی ہو تم بھی اؤنا ہمارے ساتھ انجوائے کرو ائس کریم کھانے چلتے ہیں جیسے ہی کیف نے کہا دل نے تو انکھیں پھاڑے اپنے ہبی جان کو دیکھا ایک تو پتہ نہیں میرے ہبی جان کو کیا مصیبت ہے جو اس کو لے چلتے ہیں ہر بار ساتھ میں جبکہ کیف کی بات سنتے گل خوش ہوئی تھی اور جلدی سے سر ہلاتے ہی وہاں پر بیٹھ گئی۔۔۔۔

انھہہ۔۔۔۔ایک دفعہ میرے ہبی جان نے صلح کیا اور لی منع بھی نہیں کر سکتی اتنے میں سب اب تیار ہوئے اور ائس کریم کھانے کے لیے چلے گئے میں لاہور کے فیمس ائس کریم پالر میں گئے تھے جہاں کی آئسکریم بے حد مزیدار تھی سب کو پسند اجاتی تھی۔۔۔۔۔۔"""""

""""""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

چلوامیداج تمہیں میں ائس کریم کھلا کر لاتا ہوں ضمار نے امید کو دیکھا جو منہ بنا کر بیٹھی ہوئی تھی شاید وہ اپنی بیٹی کو سمجھ گیا تھا کہ وہ بور ہو رہی ہے ضمار کے بولتے ہی اپنی چمکتی نیلی انکھوں سے اس نے ضمار کی جانب دیکھا ۔۔۔۔۔

سچی بابا ہم ائس کریم کھانے جائیں گے بھاگتی ہوئی ضمار کے سینے سے لگی تو ضمار نے اسے اپنی گود میں اٹھایا تھا ہاں ہم ائس کریم کھانے جائیں گے۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

لیکن ماما اور پاپا سے تو پوچھ لیں۔۔۔۔

نہیں یہ ٹائم صرف میرا اور میری شہزادی کا ہے چلو جاتے ہیں ضمار اسے لیے باہر چلا گیا اور وہ بھی اسی ریسٹورنٹ میں گیا تھا جہاں پر کیف اور اس کی ساری فیملی گئی تھی۔۔۔۔""""

""""۔۔۔۔۔۔۔۔

کیف اور باقی سب بھی اس ریسٹورنٹ میں پہنچے تو سب نے ائس کریم کو ارڈر دے دیا۔۔۔

ہبی جان میں تو چاکلیٹ والی ائس کریم کھاؤں گی۔۔۔

اور گل تم کون سی کھاؤ گی دل کی بات سنتے کیف نے گل کی جانب دیکھا تو گل نے مینگو فلیور والی کہہ دیا کیف اور طہام ارڈر دے کر دوبارہ سے ان کے پاس اکر بیٹھ کے-------

تبھی لبابہ کا موبائل بجا اس نے موبائل نکال کر دیکھا تو میر کی کال ارہی تھی----

ہاں میر بولو تم نے اس ٹائم مجھے کال کی لبابہ نے حیرانگی سے میر سے پوچھا----

-----ہاں ویسے ہی میں بور ہو رہا تھا سوچا تم سے بات کر لوں کیا کر رہی ہو تم نے لبابہ

پہلی بات تو بور ہو رہے تھے تو کچھ اور کر لیتے ہیں میں اتنی فری نہیں ہوتی ہوں کہ تم سے بات کروں اور دوسری بات اج میں اپنی فیملی کے ساتھ ائس کریم کھانے ائی ہوں تو بعد میں بات کرتی ہوں-----""

واہ واہ ائس کریم کھانے ائی ہوں تو مجھے بھی صلح مار لو میں بھی اپنے پیسوں کی ائس کریم کھالوں گا لیکن کوئی کمپنی تو ہو جائے گی نا میر نے ہنستے ہوئے کہا تو لبابہ نے اپنی انکھیں گھمائی ٹھیک ہے اس ائس کریم پالر میں اجاؤ لبابہ نے بتایا تو میر بھی جلدی سے گھر سے نکلا ائس کریم پالر کی طرف نکل چکا تھا------""

اتنے میں سب کا ارڈر اچکا تھا اور سب اپنی اپنی ائس کریم کھانے لگے---

دل نے سب کے سامنے ائس کریم کھاتے ہوئے کیف کی ناک پر لگائی تو کیف نے انکھیں چھوٹی کر کے دل کی جانب دیکھا باز اجاؤ دل کیا سب کے سامنے ایسے حرکتیں کر رہی ہوں بالکل------

NOVEL-E-MEHAR

کیا ہو گیا ہے ہبی جان ائس کریم ہی لگائی ہے نا صاف کر لیں دل منہ بناتے ہوئے بولی----

دل کو منہ بناتے ہوئے دیکھ کیف نے بھی اپنی ائس کریم تھوڑی سی نکال کر دل کی گال پر لگائی تھی تو دل نے منہ کھولا ہے کیف کی جانب دیکھا----

اب اپ نے میرے چہرے پر کیوں لگائی ہے---

کیونکہ میں نے چھوٹی سی بیوی نے لگائی تھی تو میں نے بھی اپنا بدلہ لے لیا---

جب تک گل ان دونوں کو دیکھ کر اندر ہی اندر جل بھن رہی تھی اور وہ سوچ رہی تھی کہ وہ کیسے کیف سے شادی کریں----

اتنے میں میر بھی ایا تو سامنے ہی کیف کی فیملی بیٹھی ہوئی دکھائی دی اس کی جانب گیا---

السلام علیکم سب کو دیکھتے ہوئے میر نے سلام کیا تو سب نے میر کی جانب دیکھا جب یہ گل نے انکھیں پھاڑے اس انسان کو دیکھا جو اس کا ڈریس لے گیا تھا۔۔۔

وعلیکم السلام میر کیسے ہو تم لبابہ نے پوچھا تو میر بھی بابا کے ساتھ ہی بیٹھ گیا ہاں لبابہ میں ٹھیک ہوں انجوائے ہو رہا ہے کیا۔۔۔۔

ہاں انجوائے ہو رہا ہے ان سے ملو یہ ہے کیف میر اکزن جس کے بارے میں بتایا تھا کہ پانچ سال بعد ملا ہے اور اس کی اس کی اور اس کی وائف ہے یہ بیٹا ہے یہ اس کا بھائی ہے طہام لبابہ نے سب کی جانب اشارہ کر کے اس کا تعارف کروایا لیکن جیسے ہی وہ گل کی جانب دیکھ کر تعارف لگی تو میر نے بھی اپنا چشمہ اتارتے ہوئے حیرانگی سے گل کی جانب دیکھا۔۔۔۔۔۔

تم۔۔۔۔۔گل نے بھی اس کی جانب دیکھ کر چیختے ہوئے تم کہا۔۔۔۔

کیا تم دونوں ایک دوسرے کو جانتے ہو لبابہ نے دونوں کو دیکھتے ہوئے پوچھا تو دونوں نے ہاں میں سر ہلایا۔۔۔۔۔

لبابہ آپی یہ بہت ہی کوئی بد تمیز قسم کا انسان ہے بات کرنے کی تمیز نہیں ہے اسے۔۔۔۔۔

تو تمہیں کون سا بات کرنے کی تمیز ہے دوسروں کی چیزوں پر ہتھیانا تمہاری عادت ہے۔۔۔۔۔

میر کی بات سنتے دل نے جلدی سے ہاں میں سر ہلایا جیسے اس کی بات سے اتفاق کرتے ہو کہ ہاں دوسروں کی چیزوں پر ڈورے ڈالتی ہیں۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

نہیں میرا ایسا کوئی ارادہ نہیں تھا وہ ڈریس مجھے پسند آیا تھا اس لیے میں لینا چاہتی تھی یہ گل نے سب کی جانب دیکھ کر کہا جو اس کی جانب ہی دیکھ رہے تھے۔۔۔۔

تو جب تمہیں پتہ چل گیا تھا کہ وہ ڈریس میں نے لینا ہے تو پھر بھی تم اس کے ڈریس کے پیچھے ہی پڑی رہی۔۔۔۔

ہاں بھائی جب اسے پتہ چل بھی جائے کہ وہ چیز دوسروں کی ہے تو جان چھوڑ دینی چاہیے لیکن یہ جان چھوڑتی نہیں حاصل کرنے کے پیچھے پڑ جاتی ہے دل نے بھی کہا تو گل نے غصے سے دل کی طرف دیکھا جب کہ کیف نے بھی دیکھا تو دل چپ کر کے بیٹھ گئی جبکہ طہام اور لبابہ کو اپنی ہنسی کو کنٹرول کرنا مشکل لگ رہی تھی۔۔۔۔۔

سوری سوری میں نے تو ویسے ہی بات کہہ دی۔۔۔۔۔

کیف دل طہام یہ ایس ایس پی میر شاہ میرے ساتھ یہ کام کرتے ہیں اور اج کا یہ بلیک شیڈو کو پکڑنے میں میری ہیلپ کریں گے لبابہ نے میر کا بھی انٹروڈکشن کروایا جب کہ اسے پولیس والا جان کر گل انکھیں پھاڑے میر کو دیکھنے لگی تو میر نے بھی اپنی بتیسی دکھائی جو اس دن اسے پولیس والے کی دھمکی دے رہی تھی میر کے دیکھتے ہی گل نے اپنا سر جھکا لیا اس کے ساری ائس کریم پگھل چکی تھی اس """نے غصے سے میر کی جانب دیکھا جس کی وجہ سے اس کی ساری ائس کریم خراب ہو گئی تھی۔۔۔۔

اچھا جاؤ میر اپنے لیے ارڈر کر لو جو تم کھانا چاہتے ہو۔۔۔۔

اور گل تمہاری ائس کریم تو پگل ہی رہی ہے تم نے کھائی کوئی نہیں کیوں نہیں جاؤ تم بھی میر کے ساتھ چلی جاؤ اپنے لئے ائس کریم تمہیں چاہیے وہ جا کے لے لو میر اٹھا تو گل نے نفی میں سر ہلایا تھا کیف نے بھی دوبارہ سے کہا تو وہ کیف کی بات ٹال نہیں سکتی اٹھ کر میر کے ساتھ چلی گئی۔۔۔۔۔

۔۔۔۔ دونوں کو ہی مینگو فلیور ہی پسند تھا

ویسے مجھے تم سے دوبارہ مل کر بالکل بھی خوشی نہیں ہوئی گل نے غصے سے کہا تو میر نے ایک ائی برو چکا کر گل کی جانب دیکھا۔۔۔

تو مجھے تم سے مل کر کون سا خوشی ہوئی ہے دوسروں کی چیزیں ہتھیانے والی چڑیل۔۔۔۔۔

خبردار تم نے مجھے چڑیل کہا اتنے میں ائس کریم پالر والے نے ائس کریم دی تو وہ فورا سے گل نے پکڑنے کی کوشش کی لیکن دونوں نے ہی پکڑ لی۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

پہلے میں نے ارڈر دیا تھا اور یہ ائس کریم میری ہے گل نے ائس کریم کھینچنے کی کوشش کی تو دوسرے طرف میر نے بھی اپنی طرف کھینچنے کی کوشش کی پہلے میں نے ارڈر دی تھی یہ میری ہے۔۔۔۔

تم اپنے اپ کو سمجھتے کیا ہو ہر چیز پہلے تمہیں چاہیے ہوتی ہے گل نے بھی ائس کریم کھینچی۔۔۔۔

ہاں جو چیز میری ہوتی ہے وہ مجھے ہی چاہیے ہوتی ہے میر نے بھی دوبارہ سے کھینچی اور دونوں ہی کھینچا تانی میں ائس کریم دونوں کے ہاتھوں سے چھوٹتی ہوئی نیچے گر چکی تھی دونوں نے منہ کھولے نیچے ائس کریم پہ جانب دیکھا۔۔۔۔۔

تمہاری اوقات یہی ہے کہ تم نیچے سے اس کو اٹھا کے کھا لو بدتمیز کہیں کے گل اپنے پیر پٹختے ہوئے دوبارہ سے چلی گئی۔۔۔۔۔

میر نے غصے سے گل کی پشت کو دیکھا اور پھر دوبارہ سے ائس کریم کا ارڈر دیا دومنٹ کے اندر اندر ہی اپنی آئسکریم لے کر وہاں سے چلا گیا

گل تم اپنے لئے ائس کریم کیوں نہیں لے کرائی کیف۔۔۔۔

ایسے ہی کیف میرا دل نہیں کر رہا گل منہ منہ بنا کر بیٹھ گئی میر دور سے ہی مزے مزے ائس کریم کھاتا ہوا اس کے قریب ایا اس کے سامنے بیٹھ گیا۔۔۔۔۔

جبکہ دوسری جانب دو کرسی چھوڑ کر ضمار اور امید ائس کریم کھا رہے تھے۔۔۔۔

بابا کتنے مزے کی ائس کریم ہے نا۔۔۔

ہاں میری جان ضمار نے تھوڑی سی آئسکریم لے کر امید کی ناک پر لگائی تو امید کھلکھلا کر ہنسی تھی۔۔۔۔۔

اس کے ہنسنے پر زرتاش نے امید کی جانب دیکھا۔۔۔

امید یہاں ذرتاش نے کہا تو ساحل نے بھی اس کی جانب دیکھا کہ وہ دونوں ہی ایک ساتھ بیٹھے ہوئے تھے دونوں ہی امید کو دیکھ کر اپنے اپنے کرسیوں سے اترے۔۔۔۔۔۔

تم لوگ کہاں جا رہے ہو لبابہ نے دونوں کو دیکھا۔۔۔۔

ماما وہ جو امید ہے اپ کو ملایا تھا نا امید سے اپ جانتی ہیں نا تو ہم اس سے ملنے جا رہے ہیں وہ دیکھو وہ اپنے بابا کے ساتھ بیٹھی ہوئی ہے

ذرتاش نے کہا تو لبابہ نے ادھر دیکھا لیکن ضمار کی پشت لبابہ کی جانب تھی۔۔۔۔

ٹھیک ہے تم لوگ مل او لبابہ نے کہا تو وہ دونوں امید ک جانب چلے گئے۔۔۔

امید۔۔۔۔۔۔۔زرتاش نے امید کو پکارا تو ضمار نے حیرانگی سے زرتاش کی جانب دیکھا اس کا بیٹا یہاں۔۔۔

السلام علیکم انکل زرتاش نے سلام کیا تو ضمار کا دل کیا وہ اسے پکڑ کر اپنے سینے میں میچ لے کتنا خوبصورت لگ رہا تھا اس کا بیٹا بالکل اس کی طرح کا ہی تھا۔۔۔۔

وعلیکم السلام بیٹا کیسے ہو۔۔۔

میں ٹھیک ہوں انکل امید تم کیسی ہو ساحل نے پوچھا تو امید نے ائسکریم کھاتے ہاں میں سر ہلایا۔۔۔

کس کے ساتھ ائے ہو بیٹا ضمار نے اپنا دھڑکتا دل کے ساتھ پوچھا تو زرتاش نے پیچھے کی جانب اشارہ کیا ماما کے ساتھ اور ماموں کی ساری فیملی کے ساتھ زرتاش کے کہنے پر ضمار نے پیچھے کی جانب مڑ کر دیکھا جہاں پر لبابہ کے ساتھ میر بیٹھا ہوا تھا اور میر اس کے اس کے ناک پر لگا رہا تھا کبھی گال پر جب کہ لبابہ بھی چھیڑتے ہوئے اس سے گال پر لگا رہی تھی اور یہ منظر دیکھتے ضمار کے تو تنگ بدن میں اگ لگی تھی-----"""""

Kiaff E DIL

Writer mahi shah

Episode 94 ❤□❤□

میر کو ایسی حرکتیں کرتے دیکھ ضمار نے غصے سے اپنی مٹھیاں میچی تھیں----

کیا ہوا انکل اپ اتنا غصے میں کیوں لگ رہے ہیں زرتاش نے ضمار کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا تو ضمار اپنے بیٹے کا لمس اپنے ہاتھوں میں پا کر اس کا غصہ منٹوں میں غائب ہوا تھا اس نے مسکراتے ہوئے زردتاش کہ چہرے کو چھوا نہیں----بیٹا مجھے غصہ نہیں ارہا ہے لیکن کچھ برے لوگوں کو دیکھ کر غصہ اجاتا ہے-----

وہ جو اپ کی ماما کے ساتھ انکل ہیں جو ائس کریم لگا رہے ہیں وہ کیا لگتا ہے اپ کے-----

پتہ نہیں ہے انکل شاید وہ ماما کے ساتھ کام کرتے ہیں وہ انکل ہیں اپ کیوں ان کے بارے میں پوچھ رہے ہیں----

کچھ نہیں میرا بیٹا ایسے ہی اپ کی ماما ویسے ہیں بہت پیاری ضمار نے پھر سے لبابہ کی جانب دیکھ کر کہا جو ہنستے مسکراتے ہوئے میر سے باتیں کر رہی تھی اور جو کہ ضمار سے بالکل بھی ہضم نہیں ہو رہا تھا----

چلو امید اؤ ہمارے ساتھ بیٹھ کر ائس کریم کھالو زرتاش نے کہا تو امید نے نفی میں سر ہلایا نہیں میں اپنے بابا کے ساتھ ائی ہوں اپنے بابا کے ساتھ ہی بیٹھ کر ائس کریم کھاؤں گی ------ امید نے صاف منع کیا تو ساحل نے زرتاش کا ہاتھ پکڑا

NOVEL-E-MEHAR

ہاں زرتاش کو اپنے بابا کے ساتھ ائی ہے اجاؤ ہم اپنی فیملی کے پاس جاتے ہیں ساحل نے کہا تو زرتاش بھی ساحل کے ساتھ چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔

ضمار نے مسکراتے ہوئے امید کی جانب دیکھا لیکن اس کا دھیان بار بار پیچھے کی جانب جارہا تھا میر اٹھ کر واش روم گیا تو ضمار نے میر کو جاتے ہوئے دیکھا اور پھر اس نے امید کو دیکھا۔۔۔۔۔

امید تمہیں میرا ایک کام کرنا ہے۔۔۔۔

کیا بابا کیا کام کرنا ہے کیا ہوا۔۔۔۔۔

وہ ادمی دیکھ رہی ہوں نا ضمار نے امید کو میر کی طرف اشارہ کیا تو امید نے ہاں میں سر ہلایا ہاں بابا کیوں ان انکل کو کیا ہوا۔۔۔۔۔

وہ انکل جب واپس ائے تو تم نے بھاگتے ہوئے میرے پاس انا ہے ٹھیک ہے تو ان انکل کو ایسی ٹکر مارنی ہے کہ وہ جو شو پیس پڑا ہوا ہے نا وہ ٹوٹ جائے ۔۔۔۔۔

کیوں بابا وہ اتنا پیارا لگ رہا ہے وہ کیوں توڑنا چاہتے ہیں اپ۔۔۔۔

او ہو بیٹا اپ اس بات کو نہیں سمجھو گی تمہیں جو میں نے کہا ہے وہ کرو ٹھیک ہے جاؤ اس واش روم کے پاس جا کر کھڑی ہو جاؤ اور اگر کوئی بھی تم سے پوچھے کہ ایسا کرنے کو تمہیں کس نے کہا تھا تم نے بولنا ہے کہ بس مجھے چکر ا گیا تھا ٹھیک ہے۔۔۔۔۔

جی بابا ٹھیک ہے امید ضمار کی بات سن کر اس سائیڈ پر چلی گئی کیونکہ تھوڑی دیر پہلے ہی ضمار نے اس ریسٹورنٹ کے مینجر کو یہ کہتے ہوئے سنا تھا کہ یہ شو پیس جو پڑا ہوا ہے وہ اس ریسٹورنٹ کا مالک خاص طور پر اپنے ریسٹورنٹ کے شو پیس کے لیے لے کرایا تھا اور وہ دبئی سے لے کر ایا تھا پورے پانچ لاکھ روپے کا اور اسی شاپ پیس کو دیکھ کر ضمار کے دماغ میں میر کو پھنسانے کا پلان ایا تھا۔۔۔۔۔

اب آئے گا نا مزہ میری میڈم کے ساتھ زیادہ فری ہونے کی کوشش کر رہا تھا اور میڈم اپ اپ کو تو میں اب اپ کے گھر ا کر بتاؤں گا کہ اپ کسی کے ساتھ اتنا فری کیسے ہو سکتی ہیں غصے سے لبابہ کی جانب دیکھتے ہوئے کہا لیکن لبابہ اب دل کی طرف متوجہ ہو کر باتیں کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

امید وہاں پرواش روم کے ساتھ کھڑی میر کے باہر آنے کا انتظار کر رہی تھی جب اچانک سے امید کا سر چکرانے لگا اس نے اپنے سر کو زور سے پکڑا اسے پورا ریسٹورنٹ اپنے ارد گرد گھومتا ہوا دیکھائی دیا اس نے اپنی بند ہوتی انکھوں سے اپنے بابا کو دیکھا وہ چوری چوری اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

بب۔۔با۔۔با۔۔۔۔امید نے اٹکتے ہوئے ضمار کو پکارا اتنے میں میر بھی باہر آیا تھا لیکن امید کو کچھ بھی سمجھ میں نہیں ارہا تھا وہ دیکھ ہی نہیں پائی تو میر کو وہ ویسے ہی اپنے ہی دھیان سے اپنے بابا کے پاس جانے کی کوشش کرنے لگی اپنے لڑکھڑاتے قدموں کے ساتھ وہ میر کے ساتھ ساتھ چل رہی تھی لیکن قسمت کا کھیل تھا یا شاید ضمار کو کامیاب ہونا تھا جیسے ہی میر اس شوپیس کے پاس پہنچا تھا امید کے قدم مزید لڑکھڑائے تھے وہ میر سے ٹکرائی تھی اس سے پہلے کہ امید نیچے گرتی میر نے اسے پکڑا تھا لیکن اسے پکڑتے پکڑتے میر بھی اپنا بیلنس نا رکھ سکا اور وہ سیدھا شوپیس کے ساتھ ٹکرایا تھا شوپیس اس نیچے ہی گرتا ہوا چکنا چور ہوا تھا۔۔۔۔۔

امید د۔۔۔۔۔ضمار امید کو نیچے گرتے دیکھ ایک دم سے پریشان ہوتا وہ اس کی جانب بھاگا تھا کیونکہ اس نے ٹکرانے کا کہا تھا نہ کہ بے ہوش ہونے کا امید امید میری بچی امید کو اٹھانے کی کوشش کی لیکن وہ ہلکی کھلی آنکھوں سے اپنے بابا کو دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔۔

میر میر کیا ہوا ہے کیف لبابہ دل اور باقی سب بھی اس کے پاس اکر کھڑے ہو گئے جس کے ہاتھوں میں امید تھی ۔۔۔۔

امید۔۔۔۔۔زرتاش نے امید کو پکارا لیکن ضمار نے جلدی سے امید کو اٹھایا اور کرسی پر بیٹھ گیا پانی لے کر اؤ جلدی سے ضمار نے ویٹر تو کہا تو ویٹر جلدی سے پانی نے کہا اس نے امید کے چہرے پر پانی کے چھینٹے مارے سے گہرے گہرے سانس برتے ہوئے اپنے بابا کو دیکھنے لگے۔۔۔۔۔۔

تم ٹھیک تو ہو نا لبابہ میر کے پاس جاتے ہوئے اس سے پوچھنے لگی جب کہ ضمار نے غصے سے لبابا کی جانب دیکھا جو اس کی بیٹی کا پوچھنے کی بجائے میر سے پوچھ رہی تھی یہ بالکل بھی اچھا نہیں کر رہی میڈم۔۔۔۔

ب۔۔بابا۔۔۔۔امید نے ہلکے سے پھڑ پھڑاتے ہوئے ضمار کے چہرے پر اپنے ہاتھ رکھے تو ضمار کی انکھوں سے انسو نکلے بابا کی جان کیا ہوا تھا اپ کو۔۔۔۔۔

بابا وہ بس مجھے چکر اگئے تھے امید ضمار کے سینے سے لگتی ہوئی بولی جب ضمار کی نظر میر پر پڑی جو زمین پر پڑے چکنا چور سو پیس کی جانب تھی اتنے میں مینیجر بھی اگئے۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

یہ اپ نے کیا کیا اتنا مہنگا شو پیس اپ نے توڑ دیا میں ایک ہفتے پہلے ہی اس ریسٹورنٹ میں لے کر ایا تھا لیکن اپ نے یہ کیا کر دیا مینجر نے غصے سے میر کی جانب دیکھا میر نے گھبراتے ہوئے اس کی جانب دیکھا۔۔۔۔

دیکھیں وہ بچی بے ہوش ہو کر نیچے گرنے والی تھی میں نے اسے بچایا تھا لیکن وہ بچاتے بچاتے میرا ہاتھ ہی شو پیس پر لگ گیا تو نیچے گر گیا میرا مقصد اس کو توڑنے کا نہیں تھا۔۔۔۔۔

اپ کا مقصد اسے توڑنے کا تھا یا نہیں یہ ہمیں نہیں پتہ لیکن اس کی بھرپائی کیے بغیر تو اپ اس ریسٹورنٹ سے باہر نہیں جائیں گے۔۔۔

اپ جانتے بھی ہیں اپ کس سے بات کر رہے ہیں میر کو تو مینجر کی بات سنتے ہیں غصہ ہی اگیا تھا۔۔۔۔

دیکھیں اپ کون ہیں کون نہیں میں نہیں جانتا ہوں لیکن پانچ لاکھ روپے کا میں یہ شو پیس لے کر ایا تھا اور اپ نے توڑ دیا اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اب کوئی بھی ہوں تو اپ کس کو بھی نقصان کر جائے اپ بھرپائی بھی نہ کریں۔۔۔۔۔۔

پانچ لاکھ روپے۔۔۔۔پانچ لاکھ کا سن کر تو میر کی انکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی تھی اتنی تو اس کی کمائی نہیں تھی جتنا وہ نقصان کر بیٹھا تھا۔۔۔۔۔

اور میر کی حالت دیکھتے ضمار کو ہنسی بھی ارہی تھی اچھا ہوا اس کے ساتھ ایسا ہی ہونا چاہیے۔۔۔۔

لیکن دیکھیں مینجر میرے پاس ابھی اتنی رقم نہیں ہے اور شاید میں اپنا کارڈ بھی گھر پر رکھا ایا ہوں تو میں اپ کو بعد میں۔۔۔۔۔

دیکھیں سر اپ اس کی بھرپائی کیے بغیر تو یہاں سے باہر نہیں جا سکتے ہیں چاہے اپ ساری زندگی یہاں پر ہی بیٹھے رہیں۔۔۔

کیا مطلب یہاں پر بیٹھے رہوں میں یہاں پر نیا ایس ایس پی میر شاہ ہوں شاید اپ مجھے جانتے نہیں ہیں۔۔۔۔۔

اپ پولیس والے ہوں یا اپ ارمی والے ہوں نقصان کی بھرپائی تو اپ کرنی ہی پڑے گی اس مینجر نے ضمار کی جانب دیکھا تو ضمار نے مسکرا کر اس مینجر کی جانب دیکھا تھا۔۔۔۔۔

کوئی بات نہیں میر میں اس کے پیمنٹ اپنے کارڈ سے کر دیتی ہوں تم بعد میں مجھے پیسے دے دینا لبابہ نے جیسے ہی کہا ضمار کا دل کیا لبابہ کو پکڑ کر جھنجھوڑے کے اس کمینے میر کی اتنی فکر کیوں کر رہی ہے۔۔۔۔۔

لیکن لبابہ پانچ لاکھ روپے تھوڑی رقم نہیں ہے۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

لیکن میرا غلطی تم سے ہوئی ہے میر تو تمہیں ہی اس کی بھرپائی کرنی ہو گی وہ تو بچی تھی اس کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی اس سے پیسے تو لے نہیں سکتے نہ ہی اس کے بابا سے لے سکتے ہیں لبابہ نے ضمار کی جانب دیکھ کر کہا جو بیچار گی سے اب امید کی جانب دیکھ رہا تھا اسے سر پہ پیار کرر ہا تھا وہ جب تک میر سے بدلہ نہ لیتا اس کا یہاں سے جانے کا ارادہ نہیں تھا لیکن لبابہ کو پیسے دیتے دیکھا یہ ضمار کو ہضم نہیں ہوا۔۔۔۔۔

لبابہ نے اپنے کارڈ سے پیمنٹ کر دی تھی۔۔۔۔

تھینک یو میم اپ نے پیمنٹ کر دی ورنہ اس سر کے لیے بہت مشکل ہو سکتی تھی اس مینیجر نے غصے سے میر کی جانب دیکھا تو لبابہ نے انکھوں کی انکھوں سے میر کو اشارہ کیا کہ وہ اسے کچھ نہ کہیں۔۔۔۔

تھینک یو لبابہ تم نے میری مدد کر دی۔۔۔۔

کوئی بات نہیں میر کبھی موقع ایا تو تم میری مدد کر دینا لبابہ نے کہا تو میر بھی خوش ہوا تھا ضمار نے امید کو اپنی گود میں اٹھایا چلو امید ہم چلتے ہیں اب گھر۔۔۔۔

اپ اپنی بیٹی کا خیال رکھا کریں ضمار ویسے اسے ہوا کیا ہے چکر کیوں اگئے تھے لبابہ کو اب خیال ایا تو ضمار نے غصے سے لبابہ کی جانب دیکھا۔۔۔۔۔

جی میں اپنی بیٹی کا اچھے سے خیال رکھنا جانتا ہوں تھینک یو سو مچ یہ کہتے ہوئے ضمار امید کو لیے وہاں چلا کہ لبابہ کو خیرانگی ہوئی کہ وہ اتنا اکھڑ کر جواب کیوں دے کر گیا ہے لیکن پھر کندھے اچکاتے ہوئے پھر دل کے پاس گئی تو وہ لوگ بھی پھر ائس کریم کی پیمنٹ کرتے ہوئے وہاں سے چلے گئے اور میر اپنے گھر کی جانب چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔''''

''''''۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

طہام اپنے کمرے میں ادھر سے ادھر چکر لگا رہا تھا جب سے وہ تمنا کے گھر سے ایا تھا اسے بالکل بھی سکون نہیں مل رہا تھا اور جب تک وہ تمنا سے ملنا لیتا پھر سکون ملنا بھی نہیں تھا اسی لیے وہ تمنا کے گھر چلا گیا ابھی وہ تمنا کے گھر کے سامنے کھڑا تھا اور گہرا سانس بڑھتے ہوئے اس نے پائپ پر چڑھنا شروع کیا اور تمنا کے کمرے میں وہ پانچ منٹ کے اندر اندر پہنچ چکا تھا۔۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

کمرے میں داخل ہوا تو وہاں پر کوئی بھی نہیں تھا تمنا کدھر گئی جب اچانک سے اسے واش روم سے اواز ائی تو اس کے لبوں پر مسکراہٹ ائی اس کا مطلب ہے تمنا بی فریش ہو رہی ہے اچھی بات ہے فریش ہو جائے پھر مجھے اس سے بات کرنی ہے طہام ارام سکون سے بیڈ پر بیٹھا ٹی وی لگا کر بیٹھ گیا۔۔۔۔۔

پانچ منٹ کے بعد ہی تمنا واش روم سے باہر ائی تو اپنے کمرے کا ٹی وی لگا دیکھ حیران ہوئی کہ وہ تو ٹی وی بند کر کے گئی تھی پھر وہ کیسے گیا اس کا دل زور سے دھک دھک کرنے لگا جب تہام کی نظر تمنا پڑی تو وہ اسے دیکھتا ہی رہ گیا لمبے سنہری بال جو نہانے کی وجہ سے گیلے ہوئے تھے بلو کلر کے سوٹ میں اس کا سرخ سفید رنگت بے حد خوبصورت لگ رہا تھا۔۔۔۔۔

کک۔۔وو۔ہون ہے۔۔۔۔۔۔تمنا نے اٹکتے ہوئے پوچھا وہ اس بات کو بالکل بھی نہیں ماننا چاہتی تھی کہ تہام دوبارہ سے اس کے پاس اگیا ہے۔۔۔۔۔

تمنا بے بی۔۔۔طہام نے جیسے ہی اسے پکارا تمنا دو قدم پیچھے ہوئی تھی پتہ تو تھا اسے کہ باہر کا دروازہ کہاں پر ہے اس نے جلدی سے باہر بھاگنا چاہا جب طہام نے جلدی سے بیڈ سے اٹھتے ہوئے اسے بازوں سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچا اور اس کی کمر اپنے سینے کے ساتھ لگائی۔۔۔۔

امی امی۔۔۔۔۔تمنا زور زور سے پکارنے لگی جب طہام نے اس کے لبوں پر اپنا ہاتھ رکھا تمنا اپنا اپ چھڑوانے لگے۔۔۔۔۔۔

ریلیکس تمنا کیا ہو گیا ہے اتنا اچھل کیوں رہی ہو طہام نے اس کے کان کے پاس جھکتے ہوئے گھمبیر لہجے میں کہا تو تمنا کا پھر پھڑاتا ہوا جسم ایک پل کو سن ہوا تھا۔۔۔۔۔

میں نے تمہیں کہا بھی تھا نا کہ شادی سے انکار مت کرنا پھر تمہاری ہمت کیسے ہوئی شادی سے انکار کرنے کی طہام ہم نے اس کے لبوں سے ہاتھ اٹھاتے ہوئے اسے دیوار کے ساتھ لگایا تو تمنا نے اپنے اپ کو دیوار میں گھسانا چاہا اس کی حرکتیں دیکھ طہام کے چہرے پر مسکراہٹ بھی ارہی تھی لیکن پھر اسے وہ بے عزتی یاد ائی جو کہ کل اس کے باپ نے کی تھی اور اس نے سب کے سامنے کی تھی اس کے ساتھ شادی سے منع کر کے ۔۔۔۔۔۔

طہام کیوں اپ میرے پیچھے پڑ گئے ہیں جب میں نے ایک دفعہ منع کیا ہے کہ مجھے شادی نہیں کرنی اور اب مجھے دھمکاتے رہتے ہیں کہ اپ مجھے اٹھا کے لے جائیں گے مجھے قید کر لیں گے مجھے ڈر لگتا ہے اپ سے تمنا کو بھی غصہ اگیا تھا اس نے طہام کو دھکا دیتے ہوئے غصے

NOVEL-E-MEHAR

سے کہا تواپنی چھوٹی سی معصوم سی چڑیا کو غصے میں دیکھ وہ اپنے چہرے پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے سر تا پاؤں دیکھنے لگا جو اس پر غصہ کر رہی تھی۔۔۔۔۔

اوہو تمنا بے بی کو غصہ آگیا لیکن مجھے کتنا غصہ آیا تھا جب تم نے سب کے سامنے منع کیا تھا اس بات کا لحاظ نہیں آیا تھا تم نے اس کا ہاتھ پکڑتے ہوئے اسے بیڈ پر بٹھایا اور خود اس کے پاس بیٹھ گیا۔۔۔۔

تو تم میری ان باتوں سے ڈر رہی ہو جو میں تم سے کہتا تھا تم پاگل ہو تمنا محبت کرتا ہوں میں تم سے تم کو کیسے قید کر سکتا ہوں میری جان میں تمہیں اس قید سے نکالنا چاہتا ہوں میں تمہیں یہ احساس دلانا چاہتا ہوں کہ کوئی ہے جو تم سے محبت کرتا ہے جو تمہارے اندر یہ احساس کمتری پیدا ہو چکا ہے نا کہ تم اندھی ہو چکی ہو تم دیکھ نہیں سکتی تو تم اس دنیا کی رونکے نہیں دیکھ سکتی یہ تو میں کوئی اپنا نہیں سکتا میں یہ سب چیزیں غلط ثابت کرنا چاہتا ہوں تمنا تم اس بات کو سمجھو۔۔۔۔۔

اپ کو اتنی جلدی مجھ سے محبت ہو بھی گئی محبت اتنی جلدی تو نہیں ہوتی وہ بھی ایک اندھی لڑکی سے۔۔۔۔۔۔

محبت کا کیا ہے تمنا محبت تو ایک الہام ہوتی ہے جو کسی بھی وقت کسی بھی ٹائم کسی سے بھی ہو سکتی ہے اور تم سے جب مجھے محبت ہوئی تھی تب تم صرف 13 سال کی تھی اور اس ٹائم اندھی بھی نہیں دی اور میں ایسا انسان نہیں ہوں کہ اپنی محبت کو اندھے ہوتے دیکھ یا کوئی بھی اس کے معذوری دیکھ کر اسے چھوڑنے والا نہیں ہوں میں اور تم یہ بات اپنے دماغ میں بٹھالو میں تمہیں بھی کبھی نہیں چھوڑوں گا۔۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

تمنا طہام کی باتیں سن کر اس کا دل زوروں سے دھڑکنے لگا تھا کہ کوئی اسے اتنی محبت بھی کر سکتا ہے لیکن پھر وہی بات کہ وہ کسی پر بوجھ۔۔۔۔

اگر تو تم یہ سوچ رہی ہو کہ تم مجھ پر بوجھ بنو گی تو ٹھیک ہے میں ساری زندگی جو بوجھ اٹھانے کے لیے تیار ہوں اب بھائی سمجھ۔۔۔۔

اب میں تمہیں شرافت سے پرپوز کرنے والا ہوں اور تم بھی شریف بچوں کی طرح نا میرا پروپوزل ایکسیپٹ کرو اور کل ہی تم اپنے امی ابو کو کہو گی کہ تمہیں مجھ سے شادی کرنے سے کوئی اعتراض نہیں ہے۔۔۔۔۔

مجھ سے شادی کرو گی تمنا۔۔۔۔۔۔طہام نے تمنا کے ہاتھ کی پشت کو اپنے انگوٹھے سے سہلاتے ہوئے بولا تو تمنا کا جسم کپکپانے لگا تھا وہ خاموش رہی۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے مجھے اس سے فرق نہیں پڑتا تم جواب دو یا نہ تو تمہاری شادی ہو گئی تو مجھ سے ہی ہو گی میں پورا لاہور اکٹھا کر لوں گا سارے لاہور کے سامنے تمہیں پروپوز کروں گا اور پھر تو تمہیں ماننا ہی پڑے گا نا۔۔۔۔۔

جبکہ تمنا چپ چاپ اس کی باتیں سن رہے تھے یہ کیسا پرپوز تھا پرپوز میں بھی وہ زبردستی ہی کر رہا تھا اس کی یہی باتیں سنتے تمنا نے منہ بنایا تھا۔۔۔۔۔

کیا ہوا تمنا اتنا کیوٹ سا منہ کیوں بنا رہی ہو کیا ہوا میرا پرپوز کرنا ہے تمہیں پسند نہیں ایا کیا۔۔۔

یہ کیسا پروپوز کر رہے ہیں اپ ایسے پروپوز کرتا ہے کوئی تمنا نے شکوہ کرتے ہوئے کہا۔۔۔۔

ہاں تو جب میں نے پوچھا کہ تم مجھ سے شادی کرو گی کہ نہیں تم خاموش رہی تو اس کا مطلب ہے لڑکی کی خاموشی میں ہاں ہی ہوتی ہے ٹھیک ہے نا تو میں تمہاری ہاں ہی سمجھوں۔۔۔۔

لیکن میں نے ہاں نہیں کہا۔۔۔۔۔

تم نے نہ بھی تو نہیں کہا۔۔۔

نا کہا تھا امی ابو کے سامنے۔۔۔۔

لیکن اب تم ہی امی ابو کے سامنے میرے سے شادی کرنے کے لیے ہاں کہو گی اور تم ہی مناؤں گی اپنے باپ کو کیونکہ تمہارے باپ کو کچھ خاص میں پسند نہیں ہوں۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

تو اپ میرے ابو کو کیوں پسند نہیں ہے۔۔۔۔

کیوں کہ انہیں لگتا ہے کہ میں ٹھرکی ہوں جوان کی بیٹی پر ڈور ڈالتا رہتا ہوں۔۔۔

کہتے تو وہ ٹھیک ہیں تمنا نے یہ کہتے ہی اپنی زبان دانتوں تلے دبائی کہ طہام غصہ ہی نہ کر جائے جبکہ تمنا کی بات سنتے ہیں کمرے میں طہام کا قہقہ گونجا تھا۔۔۔۔۔

تو ٹھرک پن بھی تو میں اپنی محبت سے ہی کرتا ہوں نہ کہ کسی اور سے۔۔۔۔

لیکن طہام اگر اپ کا دل مجھ سے جلدی ہی بھر گیا تو میں یہ برداشت نہیں کر سکوں گی۔۔۔

تمیں کس نے کہاکہ میرا دل تم سے بھر سکتا ہے پچھلے پانچ سالوں سے میں تمہیں ڈھونڈ رہا ہوں اور جب تم میرے سامنے ائے ہو میں تم سے شادی کرنا چاہتا ہوں مجھے جانتے ہوئے کہ بھی کہ تم دیکھ نہیں سکتی اور تم ابھی بھی کہہ سکتی ہو کہ میرا دل تم سے بھر سکتا ہے تمہارا دماغ میں ایسی باتیں کیوں اتی ہیں تم ایک دفعہ تم مجھے بتا دو۔۔۔۔

کیونکہ میں کسی سے شادی نہیں کرنا چاہتی اپ کو یہ بات ایک دفعہ سمجھ کیوں نہیں اتی ہے۔۔۔۔۔

کیونکہ میں یہ بات نہیں سمجھنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔۔

اور مجھے اب تمہاری کوئی بات نہیں سننی اس سے پہلے کہ میں کچھ الٹا سیدھا کرلوں تمنا تم کل جاکے اپنی امی ابو سے بات کرو کہ تمہیں مجھ سے شادی کرنے سے کوئی اعتراض نہیں ہے ورنہ اس یقین کرو اس دفعہ تمہارے گھر ایا تو خالی ہاتھ نہیں جاؤں گا تمہیں ساتھ لے کر جاؤں گا یہ بات یاد رکھنا۔۔۔۔۔

یہ بات بات پر جواپ دھمکی دیتے ہیں جب مجھے بالکل بھی اچھا نہیں لگتا ہے۔۔۔۔۔

مجھے جو بات بات پہ تم سے شادی کرنے سے انکار کرتی ہو یہ مجھے بھی اچھا نہیں لگتا ہے۔۔۔۔۔

طہام کی باتیں سن کر تمنا خاموش ہوگئی کیونکہ وہ سوچ رہی تھی کہ اب وہ اپنی امی ابو سے کیسے بات کریں اور طہاں اس سے شادی کے بغیر رہے گا رہے اور یہ تمہارے لیے میں گفٹ لے کر ایا تھا ایک موبائل تمنا کے ہاتھ میں دیتے ہوئے طہام نے کہا۔۔۔

یہ کیا ہے۔۔۔۔۔

یہ موبائل ہے دیکھ نہیں سکتی لیکن سن تو سکتی ہیں جب بھی میں کال کروں تو میں یہ والا بٹن دبانا ہے طہام اس کا انگوٹھا پکڑتے ہوئے اس بٹن پر رکھتے ہوئے بولا۔۔۔۔

لیکن میں کیسے کال اٹھا سکتی ہوں میں نے کبھی موبائل یوز نہیں کیا ہے۔۔۔۔

تو تمہیں سکھا رہا ہوں نا جب بھی میں کال کروں تو میں یہ والا بٹن پریس کرنا ہے اور تمہیں مجھ سے بات کرنی ہے جس دن تم نے مجھ سے بات نہ کی اس نے تمہارا گھر ٹپکاؤں گا میں۔۔۔۔

تمنا کو طہام کی باتیں سن کر دل کی دل میں بے حد غصہ ارہا تھا لیکن وہ کچھ کہہ نہیں سکتی تھی۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

اور ابھی میں چلتا ہوں ریسٹ کرو اور تمہارے یہ جو سنہری بال ہیں نا مجھے جو بے حد پسند ہے اس کو سنہری بالوں کے پاس جاتے ہوئے اس کی خوشبو اپنے اندر اتارتے ہوئے طہام بولا تو تمنا نے تو اپنا سانس ہی روک لیا تھا کیونکہ اسے اپنے بہت قریب طہام کی سانسیں محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔

ایسے سانسیں بند کرنے سے کچھ نہیں ہو گا تمنا کیونکہ ابھی میں تمہیں سانسیں دینے کا حق نہیں رکھتا ہوں جب میرے پاس ہوتے ہوئے تم نے ایسے سانسیں بند کی تو تمہیں میں سانس دوں گا طہام نے بے باقی سے کہا جب کہ تمنا طہام کی باتیں سن کر اس کا چہرہ حلال ہوا تھا۔۔۔۔۔

ابھی تو میں جا رہا ہوں کل مجھے خوشخبری مل جانے چاہیے یہ کہتے ہوئے طہام ایک نظر تمنا کو دیکھتے ہوئے چلا گیا جب کہ تمنا ہاتھ میں موبائل پکڑے ایک جگہ پر دو منٹ تو بیٹھی رہی اور اس بات کا یقین کر لیا کہ اب کمرے میں کوئی نہیں ہے تو اس نے گہرا سانس بڑا اور موبائل کو جلدی سے سائڈ پر رکھا۔۔۔۔

طہام کھڑکی سے نیچے اترا تو اس نے تمنا کو کال کی ابھی اس نے سائیڈ ٹیبل موبائل رکھا ہی تھا کے موبائل کی گھنٹی بجتے دیکھ تمنا ایک دفعہ ۔۔۔ ڈر کر اچھل پڑی تھی یہ یا کیا مصیبت ہے جلدی سے موبائل کا پکڑا اور اسی بٹن کو پریس کیا اور کان کے ساتھ لگا لیا

گڈ گرل ایسے ہی تم نے میری کال اٹھانی کرنی ہے ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔

تمنا کا دل کیا وہ اس موبائل کو دیوار کے ساتھ مار دے لیکن بیچاری مار بھی نہیں سکتی تھی کال کو بند کرتے ہوئے اس موبائل کو سائیڈ ٹیبل پر رکھا اور بیڈ پر لیٹ گئی اور وہ یہ سوچنے لگی تھی کہ وہ اپنی امی ابو کو کیسے منائے گی۔۔۔۔۔۔

""""""""

""""""۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ضمار کو وہ بات بول ہی نہیں رہی تھی کہ کیسے لبابہ نے میری مدد کی اسی بات کو سوچتے سوچتے اب وہ لبابہ کے کمرے میں موجود تھا لبابہ زرتاش کو اپنے سینے سے لگائے سوئے ہوئے تھی جب ضمار اس کے پاس جا کر بیٹھا۔۔۔۔

میڈم۔۔۔۔ ضمار نے ہلکی اواز میں لبابہ کو پکارا لیکن لبابہ گہری نیند سوئی ہوئی تھی ضمار اونچی اواز میں نہیں بولنا چاہتا تھا تا کہ زرتاش نہ اٹھ جائے اس لیے وہ اہستہ سے اسے بلا رہا تھا لیکن وہ اٹھی نہیں رہی تھی۔۔۔۔۔۔

میڈم۔۔۔۔ضمار نے زور سے اس کا کندھا ہلایا تو لبابہ ہڑبڑا کر اٹھی تھی اپنی انکھیں مسلتے ہوئے اس نے اپنے پاس دیکھا تو راج کو دیکھ کر اس کی انکھیں پھٹی کی پٹی رہ گئی تم یہاں۔۔۔۔

کیوں میڈم میں یہاں پر نہیں اسکتا ہوں کیا پیار سے اس کے چہرے کو دیکھتے ہوئے اس کے چہرے پر ائے بال کو اس کے کان کے پیچھے کرتے ہوئے بولا تو لبابہ نے اس کا ہاتھ جھٹکا تھا۔۔۔۔۔

تم تمہاری ہمت کیسے ہو دوبارہ سے اس گھر میں انے کی اور میرے سامنے آنے کی میں نے تمہیں منع بھی کیا تھا کہ ائندہ میرے سامنے مت انا اور نہ ہی میرے بیٹے کے سامنے پھر تم کیوں ائے ہو لبابہ غصے سے بیڈ سے اٹھ کر اس کے سامنے کھڑے ہوتے ہوئے بولی تو ضمار بھی اٹھ کھڑا ہوا۔۔۔۔۔۔""

میڈم کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ میں اب اپ لوگوں کے ساتھ رہوں کیونکہ اپ کے بغیر اب نہیں رہا جاتا اور نا ہی اپ کو اکیلا چھوڑ سکتا ہو آپ خراب ہو رہی ہے اب اکیلا چھوڑا تو مزید حراب ہو جائیں گی اور میں اپ کو مزید خراب ہونے نہیں دے سکتا ہوں نا اس لیے شوہر کا بیوی کے ساتھ ہونا ضروری ہے۔۔۔۔۔۔

کیا کیا بکواس کر رہے ہو تو میں کب خراب ہو گی ہو کیا کہنا چاہتے ہو تم صاف صاف کہو کیونکہ میرے پاس اتنا ٹائم نہیں ہے تمہاری بکواس سننے کا لبابہ کو تو غصہ ہی اگیا تھا اس کے گھر میں گھس کر اس پر رعب جما رہا تھا۔۔۔۔۔

اب مجھے یہ سمجھ نہیں ارہا میڈم کہ میں اپ سے اپنے کیے کی معافی مانگوں یہاں پھر اپ پر غصہ کرو۔۔۔۔

کس بات کا غصہ۔۔۔۔۔۔

میں نے کل اپ کو دیکھا اپ میرے سے کچھ زیادہ ہی فری نہیں ہو رہی تھی ائس کریم ریسٹورنٹ میں تو میں نے سوچا میں اپ کو یاد دلا دوں کہ اپ کا ایک عدد شوہر بھی ہے جو اپ کے پاس رہنا چاہتا ہے جو اپ کے بیٹے کا باپ بھی ہے تو شاید اپ اس بات کو بھول گئی تھی اس نے کمر پر ہاتھ ڈالے اسے اپنے نزدیک کرتے ہوئے تھوڑا سختی سے بولا تو لبابہ نے اپنی کمر سے اس کا ہاتھ چھڑوانا چاہا۔۔۔۔۔

تم مجھ پر زیادہ رعب نہ جمایا کرو راج کیونکہ مجھے یہ بالکل بھی پسند نہیں ہے تم مجھ پر سارے حق کھو چکے ہوں تم اسی دن مجھ پر حق ہو چکے تھے جب تم مجھے ٹھوکر مار کے اس گھر سے گئے تھے۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

لبابہ کی بات سنتے ضمار کا غصہ کہیں دور جا سویا تھا لبابا کی انکھوں میں وہیں پانچ سال پہلے والے تکلیف دے کر اس نے اس کے کمر کے گرد سے اپنے ہاتھ ہٹائے اور اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔

راج کو تھوڑا دور ہوتے دیکھ لبابہ نے تکلیف بھری نظروں سے دیکھا میں تمہیں کبھی معاف نہیں کر سکتی ہوں راج۔۔۔۔۔

میں چاہتا بھی نہیں اپ مجھے معاف کریں لیکن بس اپ مجھے اپنے پاس رکھ لیں میڈم اپ کے بغیر اس راج کا گزارا نہیں ہے۔۔۔۔۔۔

کیا اپ وہ سب کچھ بول نہیں سکتی میرے لیے ہمارے بچوں کے لیے۔۔۔۔۔

تم مجھے وہ سب کچھ بھولنے کے لیے کہہ رہے ہو راج مجھے۔۔۔۔۔تم بھول سکتے ہو لیکن میں وہ سب کچھ نہیں بھول سکتی ہوں لبابہ کا جب ضبط ٹوٹا تو وہ شدت سے روتے ہوئے اس نے چیختے ہوئے کہا تھا میں نہیں بھول سکتی ہوں وہ تکلیف وہ درد جو میں نے تمہارے ٹھوکر مارنے سے میرے دل پر لگی تھی میں نہیں بھول سکتی ہوں وہ تکلیف جب میں نے اپنے بچے کو اکیلے جنم دیا تھا اور تمہارا ساتھ مجھے چاہیے تھا لیکن تم میرے ساتھ نہیں تھے۔۔۔۔۔

لبابہ روتے ہوئے زمین پر بیٹھی تھی اج راج کا اتنے نرم طریقے سے بات کرنا اسے پھر سے وہ پانچ سال پہلے والا راج نظر انے لگا تھا جو اس سے بے انتہا محبت کرتا تھا۔۔۔۔

میڈم۔۔۔۔۔۔راج جلدی سے لبابہ کے پاس جاتا ہوا زمین پر ہی اس کے پاس بیٹھا اس کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لیے انکھوں سے انسو نکالے اسے دیکھنے لگا جب لبابہ نے بھی اسے دیکھا کیوں روتی ہیں اپ اتنا جب اپ کا راج اپ کے پاس اگیا ہے۔۔۔۔۔

راج مجھے شوق نہیں رونے کا میں بھی ہنسنا چاہتی ہوں خوشیاں منانا چاہتی ہوں لیکن تم نے تم نے میری ہر خوشی چھین لی تھی راج پانچ سال پہلے تم میری ساری خوشیاں مجھ سے دور لے گئے تھے میرے ہنسنے میری خوش رہنے کی وجہ وہ تھی جب تم میرے ساتھ تھے تم نے مجھے محبت دے کر یہ احساس دلایا تھا کہ ہاں اس دنیا میں میرا کوئی

میرا کوئی اس دنیا میں میرا کوئی ہے جو مجھ سے محبت کرتا ہے اور جب تم مجھے چھوڑ کے گئے تو پانچ سال میں اس پیار کے لیے اس احساس کے لیے تڑپتی رہی ہوں راج تمہارے دھوکے نے مجھے کبھی سکون سے نہیں رہنے دیا کبھی مجھے خوش نہیں رہنے دیا جب کبھی مجھے تمہاری یاد اتی تھی تو میری انکھیں بھر اتی تھی اور جب جو تمہارا بیٹا جو سویا ہوا ہے تو اپنے باپ کے بارے میں پوچھتا تھا تو پتہ ہے میں کیا

NOVEL-E-MEHAR

کہتی تھی کہ تمہارا باپ باہر گیا ہوا ہے تاکہ ہم اچھی سی زندگی گزار سکیں میں اسے یہ نہیں کہہ سکتی تھی تمہارا باپ دھوکے باز ہے تم نے کیوں ایسے کیا راج کیوں۔۔۔۔۔۔۔

پلیز میڈم مجھے معاف کر دیں پلیز میں ائندہ کبھی بھی اپ کو چھوڑ کے نہیں جاؤں گا راج کا وعدہ ہے راج ہمیشہ اپنی میڈم کا خیال رکھے گا راج ہمیشہ اپنی میڈم کا سایہ بن کے رہے گا اس دفعہ مجھے معاف کر دیں میں بھٹک گیا تھا میں نے بلاوجہ اس چیز کا بدلہ لیا جو شاید ہوئی ہی نہیں تھی مجھے معاف کر دیں راج اپنے ہاتھ جوڑے لبابہ کے اگے معافی مانگنے لگا لیکن لبابہ نے اپنے چہرے کے تاثرات کو سخت کی اور اپنے انسو صاف کیے اٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔۔۔۔

اتنی اسانی سے تمہیں معاف کر دوں پانچ سالوں کی اذیت کا مداوا کرنے ائے ہو۔۔۔۔۔۔

میں ہر اس چیز کا مداوا کروں گا میڈم جو چیزیں میں اپ کو دے نہیں سکا جو میں نے تکلیف دی ہے اپ کو۔۔۔۔۔

لیکن مجھے تمہارے ساتھ نہیں رہنا۔۔۔۔۔۔

تو کس کے ساتھ رہنا ہے اپ کو میڈم راج بھی لبابہ کے سامنے کھڑے ہوتے ہوئے ذرا سخت لہجے میں بولا اسے پھر سے وہ میر والا واقعہ یاد اگیا تھا۔۔۔۔۔

میں اپنے بیٹے کے ساتھ خوش ہوں اکیلی ہوں تو خوش ہوں مجھے اب کسی کا سہارے کی ضرورت نہیں ائی سمجھ تمہیں اور تم یہاں سے جا سکتے ہو میں نہیں چاہتی زرتاش اٹھے اور دوبارہ سے تمہیں دیکھیں اس کے دل میں یہ امید ہو کہ اس کا بابا واپس اگیا ہے۔۔۔۔۔۔

تو کیا میڈم اپ مجھ سے دوری چاہتی ہیں تو کیا اس میر کے قریب جانا چاہتی ہیں راج نے تھوڑا غصے سے کہا تو لبابہ کو بے حد غصہ ایا اس نے راج کے قریب اتے ہوئے ایک زوردار تھپڑ اس کے چہرے پر مارا تھا۔۔۔۔۔۔

خبردار خبردار ائندہ میں نے کردار پر بات کی اور میر جیسا کیف تھا میرے ساتھ میرے مشن میں مدد کر رہا تھا اس لیے میر بھی میں نے مشن میں مدد کر رہا ہے اور ریسٹورنٹ میں اگر تم نے دیکھ بھی لیا ہے تو مجھے اسے کوئی فرق نہیں پڑتا۔۔۔۔۔

لبابہ کے تھپڑ مارنے سے ضرار نے گہرا سانس بڑا اور انکھیں کھول کر لبابہ کو دیکھا تو پھر میڈم یہ بات بھی اپ اپنے ذہن میں رکھ لیں کہ ائندہ وہ انسان اپ کے قریب بھی ایا نا تو یقین کریں کہ مجھے انسان سے حیوان بننے میں ایک سیکنڈ بھی نہیں لگے گا اور اگر اپ اس کے قریب گئیں تو میں اپ کو کوئی بری سزا تو نہیں دے سکتا لیکن ایسے سزا دوں گا کہ اب شرم کے مارے ڈوب مریں گی اور میرے سینے

میں ہی چھپنے کی جگہ ڈھونڈیں گی ضماراس کے قریب جاتاہوااس کی انکھوں میں انکھیں ڈالتاہوابے باکی سے بولا کہ اس کی بات سنتے لبابہ کا چہرہ لال ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

تم بے شرم انسان تمہاری ہمت کیسے ہوئی مجھ سے ایسی بات کرنے کی تم میرے قریب انے کی کوشش کی تو تمہیں جان سے مار ڈالوں گی۔۔۔۔۔۔

اپ کے ان اداؤں نے مجھے جان سے ہی مار ڈالا ہے میڈم جب اپ کے بغیر نہیں رہا جاتا یقین کریں اور اب میں یہاں پر ہی رہوں گا یہ بات یاد رکھیے گا۔۔۔۔۔۔

تم یہاں پر نہیں رہو گے۔۔۔۔۔۔

بابا۔۔۔۔۔اس سے پہلے کہ ضمار کچھ اور کہتا زرتاش ان دونوں کے شور کی وجہ سے اٹھا اور انکھیں مسلتے ہوئے اس نے سامنے دیکھا تو اسے اپنا باپ نظر ایا اور اس نے اپنے باپ کو پکارا۔۔۔۔۔

زرتاش کی اواز سنتے لبابہ نے ضبط سے اپنی انکھیں میچ کی تھی زرتاش نے اب دیکھ لیا اور یہ راج کو کہیں جانے نہیں دے گا راج نے تنزیہ مسکراہٹ سے لبابہ کی جانب دیکھا تو لبابہ نے غصے سے راج کی جانب دیکھا۔۔۔۔۔

جی بابا کی جان اٹھ کے راج زرتاش کے پاس جاتے ہوئے اپنی باہیں پھیلائیں تو زرتاش جلدی سے اٹھتا ہوا اپنے باپ کی باہوں میں سما گیا بابا اپ اگئے بابا میں تو خواب دیکھ رہا تھا کہ اب میرے پاس اگئے تو کیا اللہ نے میرا خواب سچ کر دیا۔۔۔۔۔

ہاں بیٹا اللہ نے وہ اپ کا خواب سچ کر دیا ہے اور میں اب یہاں پر ہی رہوں گا کہیں نہیں جاؤں گا۔۔۔۔۔

سچی میں بابا اپ میرے اور ماما کے پاس ہی رہیں گے ہمارے گھر میں۔۔۔۔

ہاں میرا بیٹا اب میں یہاں پر ہی رہوں گا اگر تمہاری ماں چاہے تو تمہاری ماں مجھ سے ناراض ہے نا تو وہ کہتی ہے کہ میں یہاں سے چلا جاؤں راج نے اپنی شکل پر بیچارگی لاتے ہوئے لبابہ کی طرف دیکھ کر کہا تو لبابہ کا دل کیا ہوا اس کا سر پھاڑ دے۔۔۔۔۔

ماما اپ کیوں بابا کو اس گھر سے نکالنا چاہتی ہیں بابا کہیں نہیں جائیں گے اب بابا اگئے ہیں نا بابا یہیں پہ رہیں گے ماما یہیں رہیں گے نا بابا زرتاش رونے لگا تو لبابہ نے غصے سے راج کی جانب دیکھا جو کہ اب اسے بیٹے کے ذریعے یہاں پر رہنا چاہتا تھا لیکن وہ اپنے بیٹے کے انسو بھی نہیں دیکھ سکتی تھی اسی لیے اس نے ہاں میں سر ہلایا ہاں بیٹا اب تمہارا باپ یہیں رہے گا ٹھیک ہے۔۔۔۔

تھینک یو ماما تھینک یو سوچ ادھر ائیں ایک ہگ دیے نازر تاش نے اپنی چھوٹی چھوٹی باہیں پھلائیں تو لبابہ بھی اگے جاتے ہوئے زرتاش کے گلے لگی تو زرتاش نے اپنی ماں اور اپنے باپ کو ایک ساتھ گلے لگا یا تھا اور دونوں نے ہی زرتاش کو اپنی باہیں پھیلاتے ہوئے گلے سے لگا یا جب لبابہ کا ہاتھ راج کے ہاتھ سے ٹچ ہوا اس نے پیچھے کرنا چاہا لیکن راج نے ایک انکھ مارتے ہوئے اس کا ہاتھ زور سے پکڑ لیا اور

""زرتاش کو تو وہم و گمان بھی نہیں تھا کہ اس کی کمر کے پیچھے کیا جنگ چل رہی ہے------

چلیں ٹھیک ہے میں اب درمیان میں سوؤں گا اور بابا ادھر سوئیں گے اور ماما پ ادھر سوئیں گی ٹھیک ہے کتنا مزہ ائے گا نا میرا خواب پورا ہو گیا ہے چلو جلدی سے سو جائیں راج ایک سائیڈ پر لیٹ گیا تو لبابہ بھی ایک سائیڈ پر لیٹ گی اور بیچ میں زرتاش لیٹ گیا-----

ویسے میڈم میرا دل کر رہا ہے زرتاش کو کہیں اور اٹھا دو اور ہم دونوں-----

اپنی بکواس بند کرو اپنے بیٹے کی وجہ سے تمہیں یہاں پر رکھا ہے زیادہ پھیلنے کی ضرورت نہیں ہے لبابہ نے کہا تو راج بھی مسکراتے ہوئے چپ کر کے لیٹ گیا جب کہ زرتاش تو اج اپنے باپ کو دیکھتے دیکھتے کب نیند کی وادی میں چلا گیا لبابہ بھی سو گئی جبکہ راج اپنی چھوٹی سی پیاری سے فیملی کو دیکھتے رہتے وہ بھی انکھیں موند گیا--------""""""

""""""---------------

NOVEL-E-MEHAR

Kaiff E DIL

Writer mahi shah

Episode 95 ❤️❤️

""-------- ضمار کا ماضی

اکرم کے دل میں نازلی کے لیے محبت بڑھتی جا رہی تھی اور دوسری جانب نازلی اور عاطف میں محبت گہری ہوتی جا رہی تھی اج عاطف کے گھر والے نازلی کے گھر ائے تھے اس کا رشتہ مانگنے کے لیے----

یہ بات ابھی اکرم کو پتہ نہیں تھی دوسری جانب امنہ بھی نازلی کے گھر گئی تھی وہ اپنی دوست کے لیے بے حد خوش تھی رخسانہ بیگم کو بھی عاطف بہت پسند تھا انہیں پتہ تھا کہ وہ ان کی بیٹی سے بے حد پیار کرتا ہے اور عاطف کی ماں کو بھی نازلی پسند تھی دونوں کی رضامندی کے ساتھ دونوں کا رشتہ ہو چکا تھا اور عاطف کے گھر والے جا چکے تھے دو دن کے بعد منگنی کی رسم کرتے ہی عاطف کو ٹرینگ کے لیے چلے جانا تھا۔۔۔۔۔۔

امنہ بھی عالم کو کہنے لگی کہ وہ اس کے گھر رشتہ لے کر ہیں لیکن عالم اپنے باپ کی دکان پر بیٹھا کرتا تھا وہ کہتا تھا کہ کچھ بن کر ہی تمہارے گھر رشتہ لے کر جاؤں گا لیکن امنہ کہتی تھی کہ وہ اسی حال میں اس کے ساتھ خوش رہ لے گی۔۔۔۔

عالم اور امنہ میں بھی محبت مزید گہری ہونے لگی دو دن بعد جب امنہ تیار ہو کر گھر سے نکلنے لگی تو گھر میں ہی صفدر اور اکرم بیٹھے ہوئے تھے اکرم نے امنہ کو دیکھا تو غصے سے اس کو پکارا۔۔۔۔

امنہ۔۔۔۔۔۔۔اکرم کے پکارنے پر امنہ نے ڈرتے ہوئے پیچھے کی جانب دیکھا جی بھائی۔۔۔۔

کہاں جا رہی ہو تم اتنا میک اپ کر کر منہ اٹھا کر اکرم نے غصے سے کہا تو امنہ نے ڈرتے ہوئے اپنے باپ کی جانب بھی دیکھا جو غصے بھری نظروں سے اسی کی جانب دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

بھائی وہ اج نازلی کی منگنی ہے نا تو اسی کے گھر جا رہی ہوں امنہ نے سر جھکاتے ہوئے کہا جب کہ امنہ کی زبان سے یہ سنتے اکرم کو دھچکا بھی لگا جیسے اسمان اس کے سر پر اگرا ہو کیا کہہ رہی ہو نازلی کی منگنی جو تمہارے دوست نازلی ہے اس کے کہہ رہی ہو اکرم حیران ہوتے ہوئے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔۔

جی بھائی اسی کی منگنی ہے تو اس نے کہا تھا گھر میں کام ہو سکتے ہیں تو اسی لیے مجھے جانا ہے کیا میں جاؤں۔۔۔۔۔

اکرم کا ایک دل کیا کہ وہ منع کر دیں لیکن لیکن وہ جاننا چاہتا تھا کہ وہ کون لڑکا ہے جس کے ساتھ نازلی کی منگنی ہونے والی ہے چلو ٹھیک ہے اکیلے نہیں جانا تمہیں چھوڑ کر اتا ہوں میں اگر ہم اٹھ کر جانے لگا تو امنہ بھی حیران ہوئی اور اس کے پاس اس کا بیٹھا باپ بھی حیران ہوا کہ اج جس کو کہاں سا خیال اگیا۔۔۔۔۔

نہیں بھائی میں چلی جاؤں گی یہ دو گھر چھوڑ کے یہ ویسے بھی بچپن سے میں اکیلی ہی جاتی رہی ہوں اور پہلے بھی اکیلی جاتی ہوں تو ابھی بھی چلی جاؤں گی۔۔۔۔۔

زیادہ بک بک کرنے کی ضرورت نہیں ہے میرے سامنے جو کہا ہے ناوہ کرو چلو اکرم بھی امنہ کے ساتھ نازلی کے گھر چلا گیا قسمت کی بات تھی کہ اسے ٹائم عاطف اور اس کے گھر والے بھی ناظرین کے گھر داخل ہو رہے تھے عاطف کو دیکھ کر اکرم کو بے حد غصہ ایا۔۔۔۔۔۔

اچھا تو یہ لڑکا ہے جس کے ساتھ میری محبت کی منگنی ہو رہی ہے اس کا تو میں ایسا حال کروں گا نا کہ ساری زندگی یاد رکھے گا اور نازلی کا نام بھی کبھی نہیں رہے گا اکرم ایک نظر عاطف کو دیکھ کر چلا گیا تو امنہ بھی اندر چلی گئی۔۔۔۔۔۔

امنہ کو دیکھ نازلی بے حد خوش ناظرین بھی ہلکا پھلکا سا تیار ہوئی تھی اسے میک اپ کرنے کی ضرورت ہی نہیں تھی وہ ویسے ہی خوبصورت ہیں نازلی اج تو تم بے حد خوبصورت رہی ہو لگتا ہے عاطف بھائی کی محبت کا کمال ہے جو تمہارے چہرے پر رونق اتی جا رہی ہیں۔۔۔۔۔

ہاں امنہ وہ مجھ سے پیار ہی اتنا کرتا ہے نازلی نے شرماتے ہوئے کہا ڈ بخشانہ بیگم بھی کمرے میں داخل ہوئی تو منگنی کی رسم ادا کرنے کے لیے وہ نازلی کو باہر لے گئی عاطف بھی وائٹ کلر کی شلوار قمیض پہنے وہاں پر ایا تھا۔۔۔۔

نازلی بھی عاطف کے سامنے جا کر بیٹھ گئی نازلی کو دیکھ عاطف کے لبوں پر مسکراہٹ ائی اور منگنی کی رسم ادا ہونے لگی عاطف نے اپنے ہاتھوں سے نازلی کو انگوٹھی پہنائی تھی اور نازلی نے بھی عاطف کو اپنے ہاتھوں سے انگوٹھی پہنائی۔۔۔۔۔

امنہ نے بھی نازلی کو مبارکباد دی اور تھوڑی ہی دیر بعد عاطف اٹھ کر گھر چلا گیا لیکن دوسری جانب اکرم کو کسی پل سکون نہیں ارہا تھا یہ سوچ سوچ کر کہ اس کی محبت کی منگنی کسی اور کے ساتھ ہو چکی ہے اسے اب کسی بھی طریقے سے نازلی کو اپنا کرنا تھا۔۔۔۔۔۔

امنہ بھی گھر اچکی تھی اور عاطف کو بھی ایک دن بعد جانا تھا وہ جانے سے پہلے نازلی سے ملنا چاہتا تھا اسی لیے اس نے نازلی کو کال کر کے اسی درخت کے پاس بلایا جبکہ امنہ بھی عالم سے ملنا چاہتی تھی دونوں دوستیں اسی طرح کے پاس چلی گئیں وہاں پر عالم اور عاطف بیٹھے ہوئے تھے۔۔۔۔۔

اس نے عالم نے امنہ کا ہاتھ پکڑا امنہ میں بھی بہت جو تمہارے گھر رشتہ لے کر اؤں گا تم کیوں پریشان ہوتی ہو۔۔۔۔

ہاں عالم مجھے بھی اب تم سے شادی کرنی ہے اس سے پہلے کہ میرے بھائی کو پتہ چل جائے تم میرے گھر رشتہ لے کر اجاؤ۔۔۔

دوسری جانب عاطف بھی نازلی کا ہاتھ پکڑے بیٹھا ہوا تھا اب تو تم خوش ہو نا کہ میں نے تمہارا ساتھ منگنی کر لی۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

ہاں عاطف اور میں بہت بہت خوش ہوں اور میں تم سے بہت پیار کرتی ہوں عاطف۔۔۔۔

اور یہ بات بھی تم ہمیشہ یاد رکھنا کہ میں بھی تم سے بے انتہا محبت کرتا ہوں نازلی۔۔۔۔نہ چاہتے ہوئے بھی عاطف نے نازلی کا چہرہ پکڑا اور اس کے پیشانی پر اپنے لب رکھے تھے نازلی کو بے حد شرم محسوس ہوئی لیکن پھر بھی وہ شرماتے ہوئے سر جھکا گئی جبکہ دور کھڑا اکرم غصے سے نازلی اور امنہ کی جانب دیکھ رہا تھا اور کھا جانے والی نظروں سے عاطف اور عالم کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

اچھا تو یہاں یہ ڈرامہ چل رہا ہے میری بہن بھی کسی لڑکے سے ملتی ہے اور نازلی بھی عاطف سے ٹھیک ہو گیا اب تم دونوں دیکھو دونوں کیا چاروں دیکھو تم چاروں کے ساتھ میں کرتا کیا ہوں اکرم غصے سے وہاں سے اپنے گھر چلا گیا اور امنہ کا انتظار کرنے لگا۔۔۔۔۔۔

اچھا عالم اب ہم چلتے ہیں کافی دیر ہو گئی ہے امنہ اٹھتے ہوئے نازلی کو دیکھا تو وہ بھی اٹھ گئی دونوں وہاں سے جانے لگی تو عالم اور عاطف نے دونوں کا ہاتھ پکڑا تو دونوں نے اپنی اپنی محبت کی جانب دیکھا۔۔۔۔۔

کیا ہوا عالم ایسے کیا دیکھ رہے ہو۔۔۔۔۔۔

امنہ تم بہت خوبصورت ہو اور یہ بات ہمیشہ یاد رکھنا کہ میں تم سے بے انتہا محبت کرتا ہوں اور میں جلدی ہی تمہارے گھر رشتہ لے کر اؤں گا ٹھیک ہے نا۔۔۔۔۔۔

اور یہ بات بھی تم ہمیشہ یاد رکھنا عالم کہ تمہارے پاس پیسے ہیں یا نہیں مجھے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا تم دکان پر بیٹھو تم جیسے بھی کماؤ بس اتنا کما لینا کہ ہم دو وقت کی روٹی اسانی سکھا سکیں میں تمہارے ساتھ ساری زندگی رہوں گی اتنی محبت کرتی ہوں میں تم سے امنہ نے بھی عالم کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا تو عالم کے چہرے پر مسکراہٹ ائی ائی لو یو امنہ۔۔۔۔

ائی لو یو ٹو عالم سوچ۔۔۔۔۔۔

امنہ یہ میں تمہارے لیے لے کر ایا ہوں عالم نے اپنی جیب میں سے ایک کنگن نکال کر امنہ کے سامنے کیا امنہ نے کنگن دیکھا تو دیکھتی رہے گی وہ بے حد خوبصورت بنا ہوا تھا درمیان میں اے لکھا ہوا تھا اور اس کے ارد گرد پورا موتیوں سے کام تھا۔۔۔۔۔

واؤ عالم یہ تو بہت پیارا ہے امنہ نے جلدی سے اپنا بازو اگے کیا تو عالم نے مسکراتے ہوئے اس کے بازو میں کنگن پہنایا ایک کنگن تم ہمیشہ اپنے پاس رکھنا امنہ تو مجھے لگے گا تم واقعی مجھ سے محبت کرتی ہوں۔۔۔۔۔۔

یہ کنگر میں اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز رکھوں کہ تم اس فکرمت کرو تمہیں پہلا گفٹ مجھے دیا ہے اور یہ ہمیشہ میرے پاس رہے گا

"""مرتے دم تک امنہ نے اس کنگن پر اپنا لم رکھیں تم مسکراتے ہوئے عالم کو دیکھا۔۔۔۔۔

کیا ہوا عاطف ایسے کیوں دیکھ رہے ہو مجھے۔۔۔۔

پتہ نہیں بس دل کر رہا ہے تمہیں دیکھتا جاوٴں دیکھتا جاوٴں دل ہی نہیں بھر رہا ہے اج رات چلا جاوٴں گا نا میں ڈریننگ کے لیے پھر میں پانچ سے چھ مہینے بعد اوٴں گا پھر تم سے ملوں گا اور جب بھی میں ٹریننگ سے واپس اوٴں گا انشاءاللہ ہم شادی ضرور کریں گے۔۔۔۔۔

پکا نہ عاطف ہم شادی کریں گے نا۔۔۔۔

ہاں ہاں میری جان ہم شادی ضرور کریں گے یا تمہارا عاطف سے وعدہ ہے ٹھیک ہے نا۔۔۔۔

ائی لو یو سوچ عاطف میں تم سے بے انتہا محبت کرتی ہوں کبھی مجھے چھوڑنا مت ورنہ میں مر جاوٴں گی۔۔۔۔۔

جس دن تم مری نا اس دن تمہارا عاطف بھی مر جائے گا یہ بات بھی یاد رکھنا نازلی کیونکہ عاطف اب تمہارے بغیر کچھ بھی نہیں ہے۔۔۔۔۔۔

عالم نے امنہ کو گفٹ دیا ہے عاطف کا تم میرے لیے کچھ نہیں لے کر ائے نازلی نے منہ بناتے ہوئے کہا تو عاطف مسکرایا کیوں نہیں لے کر ایا لے کر ایا ہوں نا اور بہت اچھا یہ تو لے کر ایا ہوں عاطف نے اپنی جیب سے ایک ڈبی نکال لی اسے کھولا تو اس میں دو لاکٹ تھے۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

نازلی نے جیسے ہی وہ لاکٹ دیکھا اس کی انکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی اتنے خوبصورت لاکٹ عاطف۔۔۔۔

نازلی نے وہ لاکٹ دیکھیں وہ دو لاکٹ تھے ایک لاکٹ پر اے لکھا ہوا تھا اور وہ اے اس انداز میں نکاح ہوا تھا کہ اس کی ایک نوک چاکو کی طرح بنی ہوئی تھی اور دوسری نوک پر ایک بہت ہی پیارا قیمتی موتی لگا ہوا تھا ۔۔۔۔۔

ہوا تھا اس پہ بھی ایک نوک پر بہت ہی پیارا موتی بنا ہوا تھا اور نیچے والی نوک پر ایک چاکو بنا (N) اور دوسرا لاکٹ بھی ایسا ہی تھا جس پر ہوا تھا لیکن مجھے اپ کو ایسا تھا کہ وہ کسی کو لگ نہیں سکتا تھا وہ آرٹیفشل بنا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

واوٴ عاطف تم کتنے پیارے لاکٹ لے کر ائے ہو۔۔۔۔۔

مجھے پتہ تھا تو میں ایسے ہی گفٹس پسند ہیں تو میں یہی لے کر اؤں گا نالاؤ میں تمہیں پہنادوں عاطف نے اے والا لاکٹ اٹھا کر نا صلی کی گردن میں پہنا دیا اس کی گردن میں وہ لاکٹ بے حد خوبصورت لگ رہا تھا۔۔۔۔

والا لاکٹ تم مجھے پہناؤ تمہارا نام میں پہنوں گا میرا نام تم پہنو تا کہ ہمیں یہ اندازہ ہو کہ ہم ایک دوسرے کے ہیں (A) تو اب یہ عاطف نے کہا تو نازلی نے وہ لاکٹ اٹھا کر عاطف کی گردن پر پہنا دیا دونوں ہی ایک دوسرے کو محبت پاش نظروں سے دیکھتے ہوئے مسکرا رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔

یہ لاکٹ تم ہمیشہ اپنی گردن میں رکھنا نازلی ہماری محبت کی نشانی ہے یہ۔۔۔۔۔

اور تم بھی یہ لاکٹ رکھنا تا کہ وہاں کوئی لڑکی تم پر لائن نہ مارے لائن مارنے کی کوشش بھی کی تو یہ لاکٹ دکھا دینا کہنا کہ میں اس کی نازلی مسکراتے ہوئے کہا تو بھی مسکرایا۔۔۔۔۔۔ "" پھر دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھا دونوں ہی اپنا اپنا ہاتھ چھڑواتے ہوئے گھر کی جانب چلی گئی۔۔۔۔۔

نازلی تو اپنے گھر چلی گئی لیکن امنہ جیسے ہی گھر گئی سامنے ہی اکرم کو اس سے بھرے چہرے کے ساتھ بیٹھے دیکھ امنہ کو کچھ گڑبڑ کا احساس ہوا۔۔۔۔

کہاں سے ارہی ہو تم۔۔۔۔۔

NOVEL-E-MEHAR

بھائی وہ نازلی اور میں کسی دوست سے ملنے۔۔۔۔۔

اس سے پہلے کہ امنہ کچھ کہتی اکرم نے اٹھ کر امنہ کے چہرے پر ایک ساتھ تین سے چار تھپڑ مارے تھے کہ امنہ زمین پر گری تھی صفدر اور پروین کو اکرم پہلے ہی سب کچھ بتا چکا تھا۔۔۔۔۔

